کتاب الشفا
صبح نور

بلغ العلیٰ بکمالہ
کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ
صلوا علیہ وآلہ
کتاب الشفاء
جدید ایڈیشن
جمع و ترتیب
مفتی محمد زمان سعیدی رضوی
صبحِ نور
مدینہ
Madina Foundation
مدینہ فاؤنڈیشن پاکستان

حرف اوّل

حامدًا وّ مصلّیًا وّ مسلّمًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"کتاب الشفاء" جو آیاتِ قرآن اور احادیثِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ ائمہ اہل بیت کرام علیہم السلام، اصحابِ کبار رضی اللہ عنہم اور اولیاء وصالحین اُمت رحمۃ اللہ علیہم کے اورادو وظائف کا لُب لباب اور خلاصہ ہے جنھیں بڑی محنت، ورق گردانی اور احتیاط سے تیار کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اُس کے رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عنایت سے کتاب ہذا کے متعدد ایڈیشن شائع ہو کر عوام وخواص میں مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔ پیش نظر مجموعہ سابقہ تمام ایڈیشنز سے مختلف ہے جس میں حُسنِ ترتیب کے ساتھ نئے مجربات ومعمولات قرآنی دعائیں، اورادووظائف اور روحانی نسخہ جات کو شامل کیا گیا ہے۔

ے گلشن گلشن گھوم کر یہ گلدستہ چنا ہے

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین علیہما السلام سے لیکر جلیل القدر خاندان اہل بیت علیہم السلام، خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم، شہدائے اسلام اور سلف صالحین رحمۃ اللہ علیہم کے مناقب جلیلہ اور قصائد مبارکہ پر مشتمل "ختم مصطفائی" بھی شامل ہے جس کو پڑھنے کے بعد اللہ ذوالجلال والاکرام کے محبوب بندوں کے وسیلہ سے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں مانگی جانے والی دعائیں اور التجائیں مقبول ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کتاب ہذا کے مرتبین کے علم وعمل میں اضافہ اور ادارہ کی جملہ مساعی جمیلہ کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔

خادمُ العلم مفتی محمد زمان سعیدی رضوی غفرلہ

آنچہ من در بزمِ شوق آوردہ اَم

الف

ب

ڈ

ذ

ر

ز

س

ش

غ

ف

ق

ک

ھ

ی

نوافل و خصوصی دعائیں

ختم مصطفائی

پیشِ لفظ

لفظ ایک بہت بڑی قوت ہوتا ہے اور کائنات کے ظاہری نظام میں اِسی قوت سے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انسانی تمدن کے علماء نے لفظ کی حقیقت اور قوت کا اعتراف کیا ہے۔ لفظ کی قوت اپنی نسبت اور حوالے سے بڑھ جاتی ہے۔

نادار اور مفلوک الحال شخص اپنے مصائب اور احوال الفاظ کے درد سے بیان کرتا ہے تو سننے والوں کے دل پسیج جاتے ہیں اور ان کے خیالات متاثر ہوتے ہیں پھر ان کا دستِ سخا خیرات پر آمادہ ہوجاتا ہے۔ الفاظ اگر حاکم اور منصف تحریر کردیں تو یہ حکم وانصاف کا درجہ رکھتے ہیں۔ الفاظ کی ترتیب اور زیروبم واقعات کے اثرات کو زورآور یا کمزور بنادیتے ہیں اور اگر احکم الحاکمین کے الفاظ سماعت کی گہرائیوں سے گزر کر دِلوں کی وادی میں اُتریں تو آنکھیں چھم چھم برستی ہیں اور دلوں پر لرزہ طاری ہوتا ہے۔

روح کی دنیا سے واقف لوگ بلا تمیز مذہب وافکار لفظ کے روح پر اَثرات کو تسلیم کرتے ہیں۔ حکمت کاملہ اور انسانی روح کی مرشد کتاب روشن قرآن کریم نے پاک کلمات اور ناپاک کلمات کے اچھے اثرات اور برے اثرات کو بیان کیا اور یہ ہدایت بھی کی کہ اچھے الفاظ کا سہارا لے کر اپنی زندگی کو سنوارو۔

”وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا“ ﴿سورۃ الاعراف، الآیۃ180﴾

اللہ تعالیٰ کے خوبصورت نام ہیں اور ان ناموں کے واسطے سے اسے پکارو۔ دعا کرنا اور اسے پکارنا یہ تو روزمرہ کی ضروریاتِ زندگی کا تقاضا ہے۔ انسانی زندگی کا ضعف' علت' بے بسی اور کمزوری ولاچاری ہمیشہ ہی قوتِ شفاء' اختیار' طاقت اور سلامتی کی طلبگار رہتی ہے۔ کتابِ ہدایت نے خرابیوں کو خوبیوں میں بدلنے کا مجرب سلیقہ سکھایا

ہے۔ رسولِ رحمت ﷺ نے طلبِ تمنا کے بے شمار اَندازِ فلاح تلقین فرمائے ہیں۔ اِسی خزینۂ عطا سے اُمت کے صالحین نے اپنی دعاؤں کے الفاظ اور اَنداز مرتب فرمائے اور زندگی کو بلاؤں، وباؤں اور خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے نسخہ ہائے شفاء تحریر فرمائے۔

یہ نسخہ ہائے شفاء ظاہر و باطن کی بیماریوں کو صحت و تندرستی میں تبدیل کرنے کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ ایمان و اعتقاد اور علم و یقین کے کسی بھی پہلو سے اس کا انکار ناممکن ہے۔ دعائیہ الفاظ کو بارگاہِ الٰہی میں بہت جلد رسائی اور قبولیت نصیب ہوتی ہے جب اِن الفاظ کی نسبت خالق اکبر جل مجدہٗ الاعظم، رسول معظم ﷺ، انبیاء کرام علیہم السلام اور عباد اللہ الصالحین رضی اللہ عنہم سے ہو جاتی ہے۔ ایسی نسبتیں معتبر ہیں، مقبول ہیں اور رحمتِ خداوندی کے حصول کا حقیقی وسیلہ ہیں۔

پاکستان کے معروف ٹی وی چینل 92 نیوز کے شہرہ آفاق دینی پروگرام ''صبح نور'' میں ''کتاب الشفاء'' کے نام سے عوام الناس کی دینی و روحانی رہنمائی کے لیے دعاؤں کی قبولیت اور حل مشکلات کے لیے جو آسان وظائف نشر ہوئے وہ نہایت مفید اور کارگر ثابت ہوئے۔ عوام الناس اور چینل کے ناظرین کی جانب سے شدید اصرار پر یہ وظائف کتابی شکل میں شائع کیے جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ اکرم ﷺ کے طفیل اس خدمت کو قبول فرمائے اور مزید توفیق کریمانہ عطا فرمائے اور پروگرام ''صبح نور'' کی برکتوں میں مزید اضافہ فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

نذیر احمد غازی

میزبان پروگرام ''صبح نور'' 92 نیوز چینل لاہور

تأثرات

شفاء بدنی ہو یا روحانی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اور انسان کی ابدی ضرورت۔۔۔حقیقت یہ ہے کہ بدنی شفاء کی اساس روحانی شفاء ہے کیونکہ امراض کا آغاز روح کی بیماری سے ہی ہوتا ہے۔روح کی بیماری کا تدارک اسباب ظاہری سے نہیں بلکہ ذکر الٰہی سے ممکن ہے۔اسی لئے اللہ رب العزت نے قرآن حکیم کو اہل ایمان کے لیے شفاء اور روحانی شفاء کے منکرین کے لئے خسارے کا باعث قرار دیا۔مکمل شفاءِ بدن اور روح دونوں کی صحت وسلامتی سے مشروط ہے۔بقول اقبال رحمۃ اللہ علیہ

حفظِ جان ہا ذکر و فکر بے حساب
حفظِ تن ہا ضبطِ نفس اندر شباب

یعنی ذکر وفکر کی کثرت روح کی آبیاری کا باعث ہوتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ ''ذکر کی گرمی'' فکر کی روشنی سے ہم آہنگ ہو کر شخصیت کا حصہ بنے۔زیر نظر مجموعہ اذکار ''کتاب الشفاء'' قارئین کے لئے اذکار کا ایسا گلدستہ ہے جو اکابر اور محقق صوفیاء کا معمول ہونے کے باعث مستند سرچشمہ فیض کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہ مجموعہ سامان ذکر بھی ہے اور نسبت صالحین کے استحکام کا ذریعہ بھی گویا یہ مجموعہ بیک وقت شفاء بدنی،روحانی اور تصحیح خیال وفکر کا وسیلہ ثابت ہوگا۔

ڈاکٹر طاہر حمید تنولی

ڈپٹی ڈائریکٹر

اقبال اکیڈمی پاکستان، ایوان اقبال لاہور

تأثرات

مسنون دعائیں بے شک وشبہ بابرکت ترین اور مؤثر ترین دعائیں ہوتی ہیں۔اسی طرح اہلِ دل ونظر کا تجربہ ہے کہ جن اورادووظائف کا ماخذ قرآن وسنت اور آثارِ اکابرِ تصوّف ہیں، وہ اورادووظائف اپنے استناد میں غیر معمولی ہیں، اور تاثیر میں بے مثال۔ دین وعرفان کی تعلیم یہی ہے کہ ہر ظاہری وباطنی مشکل اور ہر جسمانی وروحانی تکلیف میں مستند اور مقدس کلمات کے وسیلے سے خدائے بزرگ وبرتر وسے طلب وکرم کیا جائے۔زیرِ نظر کتاب ایسی ہی دعاؤں اور وظائف کا دل کش مجموعہ ہے جس کے کلمات احادیث میں وارد ہوئے ہیں اور اکابرِ امّت کے عمل میں رہے ہیں۔

پاکستان کے معروف ٹی وی چینل 92 نیوز کے مقبول ومحبوب روحانی پروگرام ''صبح نور''میں بیان کی گئی دعاؤں، اورادووظائف کو وسیع حلقۂ ناظرین میں بے پناہ پذیرائی ملی ہے اور اندرون وبیرونِ ملک سے ہزاروں کی تعداد میں ضرورت مندوں نے اِن سے فائدہ اُٹھایا ہے اور انتظامیہ کو نیک تمناؤں سے نوازا ہے۔انتظامیہ نے خصوصی دل چسپی لے کر ان کی کتابی اشاعت کی سعادت حاصل کی ہے اور یہ عزمِ راسخ کیا ہے کہ اس طبیبِ روح وبدن کو زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچنا چاہیے۔اللہ کریم اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طفیل اس کتاب الشفاء کو صحیح معنوں میں شفائے آلام اور درمانِ اسقام بنائے، اس کے ظاہری و باطنی نفع کو عام کرے اور انتظامیہ کی حسنات وتوفیقات میں خیر وبرکت بھی عطا کرے اور انہیں اپنی بارگاہ جلال وجمال میں قبول بھی فرمائے۔

ڈاکٹر معین نظامی

صدر شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی لاہور

آ

آیاتِ شفا کے فوائد

امامِ طریقت حضرت ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 465ھ سے منقول ہے' آپ فرماتے ہیں کہ اِن کا ایک بچہ بیمار ہوگیا اِس کی بیماری اتنی سخت تھی کہ وہ قریب المرگ ہوگیا' فرماتے ہیں' مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی میں نے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بچے کا حال عرض کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''تم آیاتِ شفا سے کیوں دور رہتے ہو کیوں اِس سے تمسک نہیں کرتے اور کیوں شفاء نہیں مانگتے'' میں بیدار ہوا اور اس بارے غور کرنے لگا تو میں نے اُن آیاتِ شفا کو کتابِ الٰہی میں چھ مقامات پر پایا' وہ یہ ہیں:

1 ''قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾'' ﴿سورۃ التوبۃ، الآیۃ14﴾

تم ان سے جنگ کرو، اللہ تمہارے ہاتھوں انہیں عذاب دے گا اور انہیں رسوا کرے گا اور ان (کے مقابلہ) پر تمہاری مدد فرمائے گا اور ایمان والوں کے سینوں کو شفا بخشے گا۔

2 ''ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾'' ﴿سورۃ النحل، الآیۃ69﴾

پس تو ہر قسم کے پھلوں سے رس چوسا کر پھر اپنے رب کے (سمجھائے ہوئے) راستوں پر (جو ان پھلوں اور پھولوں تک جاتے ہیں جن سے تو نے رس چوسنا ہے، دوسری مکھیوں کے لئے بھی) آسانی فراہم کرتے ہوئے چلا کر، ان کے شکموں سے ایک پینے کی چیز نکلتی ہے (وہ شہد ہے) جس کے رنگ جداگانہ ہوتے ہیں، اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے، بیشک اس میں غور وفکر کرنے والوں کے لئے نشانی ہے۔

3 ”وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝۸۲“

﴿سورۃالاسراء، الآیۃ82﴾

اورہم قرآن میں وہ چیز نازل فرمارہے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفاء اور رحمت ہےاورظالموں کے لئےتوصرف نقصان ہی میں اضافہ کررہاہے۔

4 ”وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝۸۰“

﴿سورۃالشعراء، الآیۃ80﴾

اورجب میں بیمارہوجاتاہوں تووہی مجھےشفادیتاہے۔

5 ”وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّ عَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝۴۴“

﴿سورۃفصلت، الآیۃ44﴾

اور اگرہم اس (کتاب) کوعجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اِس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں، کیا کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اِس لئے اے محبوبِ مکرّم! ہم نے قرآن بھی آپ ہی کی زبان میں اتار دیا ہے۔) فرما دیجئے: وہ (قرآن) ایمان والوں کے لئے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہےاورجولوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کےکانوں میں بہرے پن کابوجھ ہےوہ اُن کے حق میں نابیناپن (بھی) ہے(گویا) وہ لوگ کسی دورکی جگہ سے پکارے جاتے ہیں،

6 ”يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۷“

﴿سورۃیونس، الآیۃ57﴾

اے لوگو! بیشک تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت اور ان (بیماریوں) کی شفاء آگئی ہے جوسینوں میں (پوشیدہ) ہیں اور ہدایت اوراہلِ ایمان کے لئے رحمت (بھی)۔

علامہ قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”میں نے اِن آیات کو لکھا اور پانی میں گھول کر بچے کو پلا دیا تو وہ بچہ اُسی وقت شفا پا گیا گویا اُس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔“ ﴿مدارج النبوۃ﴾

آبِ زم زم۔۔ ہر مرض کے لئے شفاء

آبِ زمزم کے فضائل وخصائص اور برکات واثرات بہت زیادہ ہیں، کیوں نہ ہوں؟ آخر یہ جنت کا پانی ہے اور اس میں سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا لعابِ مبارک ملا ہوا ہے، یہی وجہ ہے کہ ہر زمانے کے اولیاء، اتقیاء، صلحاء، علماء رحمۃ اللہ علیہم سب کے سب آبِ زم زم کے عاشق وشیدا رہے ہیں۔ روئے زمین پر موجود پانیوں میں سب سے بہترین پانی زمزم کا ہے، یہ کھانے کا کھانا ہے اور بیماری سے شفاء ہے۔ آبِ زمزم ہر اس جائز مقصد کو پورا کرنے کے لیے کافی ہے جس کے لیے پیا جائے۔

چنانچہ اگر آپ نے اسے اس مقصد کے لیے پیا کہ آپ کو شفاء مل جائے تو اللہ آپ کو شفاء عطا فرمائے گا۔ زم زم کو خوب آسودہ ہو کر پینا نفاق سے بری ہونے کی علامت ہے، اس کا پانی دردِ سر کو ختم کرتا ہے، اور زم زم کے کنویں میں نظر کرنے سے بینائی تیز ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب کسی شخص کو کسی تحفہ سے سرفراز فرمانا چاہتے تو اُسے آبِ زم زم کا تحفہ عنایت فرماتے اور فرمایا جب تم اِس (زم زم کے کنویں) سے پانی پیو تو قبلہ کی طرف منہ کر لو، اللہ جل جلالہ کے نام سے پینا شروع کرو، تین سانس لے کر پیو اور سیر ہو کر پیو، جب پی چکو تو اللہ تعالیٰ کا شکر (اور حمد) بجالاؤ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ”ہمارے اور منافقوں کے درمیان (پہچان کے لیے) یہ علامت ہے کہ (وہ) منافق سیر ہو کر نہیں پیتے۔“ ﴿ملخصًا فضل ماءِ زمزم عربی، باب 2﴾

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جب زمزم شریف نوش فرماتے تو یہ دعا پڑھتے تھے:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ"

اے اللہ جل جلالہٗ! میں تجھ سے نفع بخش علم، کشادہ رزق اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں۔ ﴿المستدرک للحاکم، الرقم، 1739 مصنف عبد الرزاق الرقم، 9112﴾

زم زم شریف عظیم فضائل وخصائص اور خیرات وبرکات کا حامل ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود نوشِ جاں فرماتے' بیماروں کو پلانے' شفا حاصل کرنے اور مریضوں پر چھینٹے مارنے کے لیے مدینہ منورہ ساتھ لے جاتے۔ اہل بیت عظام علیہم السلام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اُمت کے سلفِ صالحین رحمۃ اللہ علیہم ہمیشہ سفر میں اپنے ساتھ آبِ زم زم رکھتے اور نیک نیتیں کرتے تاکہ اِس کی برکات سفر وحضر میں شامل رہیں۔

سیدنا عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ جب بھی آبِ زم زم نوش کرتے تو فرماتے "میں اس مقصد کے لیے پی رہا ہوں کہ قیامت کے دن کی پیاس کی شدت سے محفوظ رہوں۔"

﴿اخبارِ مکہ للفاکہی، 2/44 شعب الایمان الرقم 3833﴾

آشوبِ چشم (Conjunctivitis) کا روحانی علاج

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی "سَیِّدُنَا رَحْمَۃٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم" ایک سو گیارہ (111) بار پڑھ کر انگلیوں پر دَم کر کے اور پھر انگلیاں آنکھوں پر پھیرنے سے اللہ پاک کے فضل وکرم سے آشوبِ چشم سے نجات مِل جاتی ہے۔ ﴿خصائص اسماءِ النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم﴾

آنکھوں کی بینائی کو تیز کرنے کا روحانی علاج

1 سورۃ (القاف) کی آیت 22 کو ہر فرض نماز کے بعد اوّل وآخر درود شریف تین سے سات بار پڑھ کر انگلیوں پر پھونک کر آنکھوں پر لگانے سے انشاء اللہ نظر کی ہر تکلیف سے شفا مِل جائے گی۔ ﴿قرآنی اعمال، صفحہ 96﴾

"فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ﴿۲۲﴾"

تو ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھایا تو آج تیری نگاہ تیز ہے۔

2 اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میری آنکھوں کا نور کم نہ ہو یا کم ہوگیا ہو تو زیادہ ہو جائے تو وہ شخص چالیس دن تک اشراق کی نماز پڑھ کر 500 مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَاظَاهِرُ جل جلالہ'' پڑھے حق تعالیٰ اس کی آنکھیں روشن فرمائے گا۔

3 اسم مبارک ''یَانُوْرُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' 313 بار پڑھ کر آنکھوں پر ہاتھوں کو پھیریں۔

4 درج ذیل دعا سے ان شاء اللہ ساری عمر بینائی قائم رہے گی اور آنکھ ہر بیماری اور تکلیف سے محفوظ رہے گی۔

''اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ'' ﴿المستدرک، الرقم 8272﴾

اے اللہ! میری بینائی میں مجھے نفع پہنچا اور مرتے دم تک اسے باقی رکھ اور دشمن میں میرا انتقام مجھے دکھا اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابلے میں میری مدد فرما

5 سیّدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: چار چیزیں آنکھوں کی (بینائی کی) تقویت کا باعث ہیں: (۱) قبلہ رُخ بیٹھنا (۲) سوتے وقت سُرمہ لگانا (۳) سبزے کی طرف نظر کرنا اور (۴) لباس کو پاک وصاف رکھنا۔ ﴿احیاء العلوم 2/27﴾

آنکھوں کی سرخی (Eyes Redness) کے خاتمے کا وظیفہ

1 اگر کسی کی آنکھیں دُکھنے پر آئی ہوں اور کسی طرح آنکھ سے سرخی نہ جاتی ہو تو 700 دفعہ ''یَااَللّٰهُ یَا عَلِیُّ الْکَبِیْرُ'' پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے تین روز میں ان شاء اللہ مدت کی سرخی جاتی رہے گی۔

2 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی کو آشوب چشم ہو تو اس کو چاہیے کہ اپنی آنکھوں پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارے تو ان شاء اللہ آشوب چشم سے نجات پائے گا۔

آنکھوں کے موتیے (Cataract) کا علاج

1 سورۂ یٰسین 41 مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کریں اور دم کردہ سرمہ کی سلائی پر ہر بار تین بار درود شریف پڑھ کر آنکھوں میں لگایا جائے' ان شاء اللہ تعالیٰ موتیا سے شفا ہو گی۔

2 اگر آنکھوں میں موتیا آ جائے تو اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَاشَکُوْرُ جل جلالہ'' 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں پر یہ پانی ملتے رہیں۔

آنکھوں میں پانی اُتر آنا (Ophthalmia)

جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہوا ہو اور آئندہ خطرناک حالت معلوم ہوتی ہو وہ شخص گیارہ سو دفعہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَابَصِیْرُ جل جلالہ'' کو پڑھے اور اوّل و آخر تین تین دفعہ یہ درود شریف پڑھے:

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِالسّٰجِدِیْنَ سَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ سَیِّدِ الْکَامِلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ''

بفضلہٖ تعالیٰ چند دن میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفا حاصل ہو گی ایسے شخص کو لازم ہے کہ ہمیشہ اس عمل کو کیا کرے۔

آدھے سر کا درد، دردِ شقیقہ (Migraine) کا روحانی علاج

1 اگر کسی کو آدھے سَر کا دَرد ہو تو ایک بار سورۃُ الاخلاص' اوّل و آخر گیارہ، گیاہ بار دُرود شریف پڑھ کر دَم کیجئے، ان شاء اللہ آدھے سَر کا دَرد ٹھیک ہو جائے گا۔

2 سورۃ الناس 7 بار اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار دُرود شریف پڑھ کر سَر پر دَم کریں اور مریض سے پوچھیں' اگر ابھی دَرد باقی ہو تو دوسری بار بھی اِسی طرح دم

کریں۔ اگر اب بھی دَرد ہو تو تیسری بار بھی اِسی طرح دم کریں۔ پورے سَر کا دَرد ہو یا آدھے سَر کا کیسا ہی شدید دَرد ہو تین (3) بار میں ان شاءاللہ جاتا رہے گا۔

3 سورۃ الواقعہ کی آیت 19 ''لَا یُصَدَّعُونَ عَنۡهَا وَلَا یُنۡزِفُونَ'' 3 بار اور اوّل وآخر تین، تین بار دُرود شریف پڑھ کر سر کے آدھے درد والے حصے پر دَم کریں۔

4 ''لِیُعَذِّبَهُمۡ'' کے لفظ کو اپنا سانس روک کر گیارہ مرتبہ درد والے حصے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور پھر دَم کریں اس طرح یہ تین مرتبہ کریں، ان شاءاللہ درد ختم ہوجائے گا۔

آگ بجھانے کے وظائف

1 جب کوئی شخص کسی جگہ آگ لگی ہوئی دیکھے تو ''اَللّٰهُ اَکْبَر'' بار بار پڑھے، آگ بجھ جائے گی، نہایت مجرب وظیفہ ہے۔

2 اگر کوئی شخص آگ سے جل جائے تو سورۃ الانبیاء کی آیت 69 کو 7 بار پڑھ کر دم کیا جائے: ''قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ ﴿۶۹﴾''

آگ سے جلے ہوئے حصہ پر دم

جلے ہوئے حصے پر اِس دعا کو 21 بار پڑھ کر دَم کریں۔

''اَذۡهِبِ الۡبَاۡسَ رَبَّ النَّاسِ اِشۡفِ اَنۡتَ الشَّافِیۡ لَا شَافِیۡ اِلَّا اَنۡتَ''

اے لوگوں کے رب! تکلیف دور کردے اور شفا دینے والے شفایابی سے نواز دے۔

آگ کے جلنے سے محفوظ رہنے کی دعا

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو شخص اِس دعا کو صبح وشام پڑھ لے گا۔ جلنے، ڈوبنے اور (آپ کے شاگرد) عطا بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیطان، ظالم، سانپ، بچھو کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

"بِسْمِ اللهِ مَاشَآءَ اللهُ لَا يَسُوْقُ الْخَيْرَ اِلَّا اللهُ بِسْمِ اللهِ مَاشَآءَ اللهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللهُ بِسْمِ اللهِ مَاشَآءَ اللهُ مَا كَانَ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللهِ بِسْمِ اللهِ مَاشَآءَ اللهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ" ﴿شرح احیاء العلوم:379/4﴾

اللہ کے نام سے جو وہ چاہے' بھلائی نہیں آتی مگر اللہ کے حکم سے' اللہ کے نام سے جو اللہ چاہے' برائی نہیں ہٹ سکتی مگر اللہ کے اَمر سے' اللہ کے نام سے جو اللہ چاہے' ساری نعمتیں اللہ کی جانب سے ہیں' اللہ کے نام سے جو اللہ چاہے' کوئی طاقت وقوت نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔

آندھی اور آفاتِ ارضی وسماوی سے محفوظ رہنے کی دعا

1. "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ" ﴿صحیح المسلم الرقم 899﴾

اے اللہ! میں تجھ سے اِس ہوا کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اُس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جو اس میں ہے اور اس بھلائی کا جسے دے کر اِسے بھیجا گیا ہے۔ اور میں پناہ مانگتا اِس کے شر سے اور اُس شر سے جو اِس میں ہے اور جس کے لیے اِسے بھیجا گیا ہے۔

2. "یَامُؤْمِنُ جل جلالہ" کو بکثرت پڑھنے سے طوفان و آندھی کے وقت حفاظت رہے گی۔

الف

اللہ جل جلالہ کی خصوصی مدد حاصل کرنے کا وظیفہ

1. اگر کوئی شخص چالیس دن تک متواتر چالیس مرتبہ "یَااَللّٰهُ یَا عَزِیْزُ جل جلالہ" کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ مشکل حالات میں مدد فرمائے گا۔

2 حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ جو'ابومعلق' کنیت رکھتے تھے' اپنا یا کسی اور کا مال تجارت کے لیے لے جاتے تھے' وہ بڑے عبادت گزار اور پرہیزگار تھے، ایک بار وہ جا رہے تھے کہ ایک راہزن اسلحہ سے لیس اُن کے پاس آ دپکا' تلوار سونت کر بولا، اپنا سامان رکھ دو ورنہ میں تمہیں قتل کر دوں گا، انہوں نے فرمایا: مال لے لو، مجھے کیا کہتے ہو، اُس قزاق نے کہا: میں تمہارے خون کا پیاسا ہوں، وہ صحابی بولے، اچھا تو پھر مجھے نماز پڑھ لینے دو، اُس نے کہا جتنی مرضی پڑھ لو، چنانچہ انھوں نے وضو کیا، دوگانہ ادا کر کے یہ دعا مانگی:

''یَاوَدُوْدُ یَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَافَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ أَسْأَلُكَ بِعِزِّكَ الَّذِیْ لَایُرَامُ وَمُلْكِكَ الَّذِیْ لَایُضَامُ وَ بِنُوْرِكَ الَّذِیْ مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ أَنْ تَكْفِیَنِیْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ یَامُغِیْثُ أَغِثْنِیْ یَامُغِیْثُ أَغِثْنِیْ''

تین بار یہ کلمات کہے، اچانک ایک گھوڑسوار گھوڑے سے سر پر نیزہ اُٹھائے ظاہر ہوا اور ڈاکو کو مار دیا۔ پھر وہ تاجر کی طرف متوجہ ہوا، تاجر نے پوچھا: تو کون ہے، جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی؟ اُس نے بتایا: میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں' جب تم دعا مانگ رہے تھے تو میں نے آسمانی دروازوں میں کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنی، جب تم نے دوسری بار دعا کی تو آسمان والے شور کرنے لگے، جب تم نے تیسری بار دعا کی تو کسی نے کہا: کسی مصیبت زدہ کی پکار ہے، میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ مجھے اِس کی خدمت کے لیے بھیجا جائے، پھر اُس فرشتے نے کہا: مبارک ہو جو بھی وضو کر کے چار رکعت پڑھ کر یہ دعا مانگے گا اُس کی دعا قبول ہوگی خواہ مصیبت زدہ ہو یا نہ ہو۔

﴿کتاب مجابی الدعوۃ لابن أبی الدنیا المتوفی: 281ھ صفحہ 27 مطبوعہ لبنان﴾

﴿الإصابة فی تمییز الصحابة لابن حجر العسقلانی المتوفی 852ھ 10557۔ أبو معلق الأنصاری رضی اللہ عنہ﴾

اسم اعظم کے ذریعے دعا

❶ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک صحابی نے نماز کے بعد یہ دعا مانگی:

”اَللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَاإِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ“

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ دعا سُنی تو فرمایا: تم نے اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے ذریعہ دُعا کی ہے جس کے ذریعہ جو بھی دعا کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے قبول فرماتا ہے اور جو کچھ مانگا جائے وہ عطا فرماتا ہے۔ ﴿سنن ابی داؤد، الرقم 1495﴾

❷ حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک شخص کو ان کلمات کے ساتھ دعا کرتے ہوئے سُنا:

”اَللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَاإِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ“

تو فرمایا قسم ہے اس رب العزت کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اِس اسم اعظم کے وسیلے سے مانگا ہے کہ جب بھی ان کلمات کے ذریعہ دعا کی گئی ہے اللہ تعالیٰ نے وہ دعا قبول کی ہے، اور جب بھی ان کلمات کے ذریعہ کوئی چیز مانگی گئی ہے اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے۔ ﴿سنن الترمذی، الرقم 3475﴾

ایمان کی حفاظت وخاتمہ بالخیر کے لیے دعائیں

❶ ”رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝“ ﴿سورۃ آل عمران، آیت 8-9﴾

اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں کجی پیدا نہ کر اس کے بعد کہ تو نے ہمیں ہدایت سے سرفراز فرمایا ہے اور ہمیں خاص اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، بیشک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہے، اے ہمارے رب! بیشک تو اس دن کہ جس میں کوئی شک نہیں سب لوگوں کو جمع فرمانے والا ہے، یقیناً اللہ (اپنے) وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔

2 اِس دعا کو بکثرت پڑھنے والا اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ ہر فتنے سے محفوظ رہے گا، موت تک ایمان کی سلامتی حاصل رہے گی۔ ﴿معمولاتِ اولیا، صفحہ 25﴾

”اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ وَاحْفَظْنِیْ مِنَ الْکُفْرِ وَالنِّفَاقِ“

اے اللہ! مجھے ایمان پر ثابت قدم رکھ اور میری کفر اور نفاق سے حفاظت فرما۔

3 ایک شخص اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ایمان پر خاتمہ بالخیر کے لیے دعا کا طالب ہوا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اُس کے لیے دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا:

(روزانہ) 41 بار صبح کو ”یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ“ (اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! اے ہمیشہ قائم رہنے والے! کوئی معبود نہیں مگر تُو۔) اوّل و آخر دُرُود شریف نیز سوتے وَقت اپنے سب اَوراد کے بعد سُورۂ کافرون روزانہ پڑھ لیا کریں، اس کے بعد کلام وغیرہ نہ کریں، ہاں اگر ضرورت ہو تو کلام کرنے کے بعد پھر سُورۂ کافرون تلاوت کر لیں کہ خاتمہ اِسی پر ہو ان شاء اللہ خاتمہ ایمان پر ہو گا اور تین بار صبح اور تین بار شام ان دُعاؤں کا وِرد رکھیں: ”اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ نُّشْرِكَ بِكَ شَيْئًا نَّعْلَمُهٗ وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُهٗ“ (”اے اللہ ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ جان کر ہم تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کریں اور ہم اِس سے اِستغفار کرتے ہیں

جس کو نہیں جانتے۔") "بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوُلْدِیْ وَ اَھْلِیْ وَمَالِیْ" (اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے میرے دین، جان، اولاد اور اہل و مال کی حفاظت ہو۔) دین وایمان، جان ومال اور اہل وعیال سب محفوظ رہیں۔ ﴿الملفوظ، 234/2﴾

استخارہ کے فوائد وطریقہ

استخارہ کا مطلب ہے کسی معاملے میں خیر اور بھلائی کا طلب کرنا' یہ ایک مسنون عمل ہے، جس کا طریقہ اور دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے احادیث میں منقول ہے۔ عوام الناس میں اِس عمل کے مختلف طریقے رائج ہیں مثلاً قرآن مجید سے استخارہ، پہلے پہل دو رکعت نفل ادا کر کے قرآن مجید کو کھول کر سب سے پہلے جس آیت پر مشاہدہ ہو وہ استخارہ کی تعبیر ہے۔

استخارہ کا مسنون اور صحیح طریقہ: سنتِ نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مطابق استخارہ کا سیدھا سادہ اور آسان طریقہ یہ ہے کہ دن رات میں کسی بھی وقت (بشرطیکہ وہ نفل کی ادائیگی کا مکروہ وقت نہ ہو) دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں، نیت یہ کرے کہ میرے سامنے یہ معاملہ (سفر، نکاح، منگنی، کاروبار، ملازمت، مکان، دوکان) یا کوئی دوسرا مسئلہ ہے، اس میں جو راستہ میرے حق میں بہتر ہو، اللہ تعالیٰ اس کا فیصلہ فرما دیں۔ سلام پھیر کر نماز کے بعد استخارہ کی وہ مسنون دعا مانگیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تلقین فرمائی ہے' یہ بڑی عجیب التاثیر دعا ہے' اگر کسی کو دعا یاد نہ ہو تو کوئی بات نہیں کتاب سے دیکھ کر یہ دعا مانگ لے، اگر عربی میں دعا مانگنے میں دقت ہو رہی ہو تو ساتھ ساتھ اردو میں بھی یہ دعا مانگے، بس! دعا کے جتنے الفاظ ہیں' وہی اس سے مطلوب ومقصود ہیں' وہ الفاظ یہ ہیں:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ أَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَ لَاأَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَ أَنْتَ

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِيْ وَ يَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَعَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ''

دعا کرتے وقت جب ''هٰذَا الْاَمْرُ'' پر پہنچے (جس کے نیچے لکیر بنی ہے) تو اگر عربی جانتا ہے تو اس جگہ اپنی حاجت کا تذکرہ کرے یعنی ''هٰذَا الْاَمْرُ'' کی جگہ اپنے کام کا نام لے۔ استخارہ کا صرف اتنا اثر ہوتا ہے کہ جس کام میں تردد اور شک ہو کہ یوں کرنا بہتر ہے یا یوں؟ یا یہ کرنا بہتر ہے یا نہیں؟ تو استخارے کے مسنون عمل سے دو فائدے ہوتے ہیں: ❶ دل کا کسی ایک بات پر مطمئن ہو جانا ❷ اور اس مصلحت کے اسباب میسر ہو جانا۔ تاہم اس مطلوبہ معاملے کے حل کی صورت یا مکمل واقعہ کا خواب میں آنا ضروری نہیں۔ استخارہ میں صرف یکسوئی کا حاصل ہونا استخارہ کے مقبول ہونے کی دلیل ہے۔

اولاد کے حصول کی قرآنی دعائیں

سورۃ آل عمران کی آیت 38 اور سورۃ الانبیاء کی آیت 89 کو ہر نماز کے بعد 13، 13 بار پڑھنے والے کو اِنْ شَآءَاللّٰهُ الْعَزِيْز اولاد کی نعمت حاصل ہو گی۔

''رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ''

میرے پروردگار! مجھے اپنی جناب سے پاکیزہ اولاد عطا فرما بیشک تو ہی دعا کا سننے والا ہے۔

''رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ''

اے میرے رب! مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔

اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے روحانی وظائف

۱ اولادِ نرینہ کے حصول کے لئے رات سونے سے قبل اکتالیس بار سورۃ ابراہیم کی آیات 38 تا 40 پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز جلد مراد پوری ہوگی۔

”رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۝۳۸ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝۳۹ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖۗ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝۴۰“

”اے ہمارے رب! تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر کچھ چھپا نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں۔سب خوبیاں اللہ تعالیٰ کو جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل واسحاق دیے بیشک میرا رب دعا سننے والا ہے،اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا رکھ اور کچھ میری اولاد کو،اے ہمارے رب اور ہماری دعا سن لے۔“

۲ روزانہ سورۃ مریم (پارہ نمبر 16) ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے شوہر اور بیوی دونوں پئیں اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز جلد از جلد بشارت حاصل ہوگی۔

۳ سورۃ الکوثر 101 بار روزانہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھیں 41 دن تک روزانہ پڑھنا ہے،اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز اولاد نرینہ کی نعمت حاصل ہوگی۔

۴ سورۃ السجدہ کی آیت 7، 8، 9 ایک دفعہ پڑھ کر پانی دم کریں اور 40 دن تک اس پانی کو پیتے رہیں،اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز مراد پوری ہوگی۔آیات درج ذیل ہیں

”اَلَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝“

وہی ہے جس نے خوبی وحسن بخشا ہر اس چیز کو جسے اس نے پیدا فرمایا اور اس نے انسانی تخلیق کی ابتداء مٹی (یعنی غیر نامیاتی مادّہ) سے کی، پھر اس کی نسل کو حقیر پانی کے نچوڑ (یعنی نطفہ) سے چلایا، پھر اس (میں اعضاء) کو درست کیا اور اس میں اپنی روحِ (حیات) پھونکی اور تمہارے لئے (رحمِ مادر ہی میں پہلے) کان اور (پھر) آنکھیں اور (پھر) دل ودماغ بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔

۵ ''یَامَتِیْنُ'' 70 مرتبہ 90 روز تک پڑھنے سے اولادِ نرینہ پیدا ہوگی۔

۶ ''یَا اَللّٰہُ یَاحَمِیْدُ'' 70 بار روزانہ نمازِ عصر کے بعد میاں اور بیوی دونوں یا کوئی ایک اُن میں سے پڑھے۔اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز اولادِ نرینہ پیدا ہوگی۔

۷ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہورہی ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارک ''اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ '' کا بکثرت ورد کیا کرے۔اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز اولاد کی نعمت حاصل ہوگی۔

۸ سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر 26، 26 بار 26 دن تک کسی بھی وقت بطور وظیفہ پڑھیں'اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز اولاد کی محرومی سے نجات ملے گی' آیات درج ذیل ہیں:

''قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ''

(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! یوں) عرض کیجئے: اے اللہ، سلطنت کے مالک! تُو جسے چاہے سلطنت عطا فرمادے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور تُو جسے چاہے عزت عطا فرمادے اور جسے چاہے ذلّت دے، ساری بھلائی تیرے ہی دستِ قدرت میں ہے، بیشک تُو ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے۔

۹ سلفِ صالحین سے منقول ایک مجرب عمل، جب عورت حمل سے ہو تو اُس کا

خاوند اُس کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر اِس طرح کہے: ''اِنْ کَانَ ذَکَرًا فَقَدْ سَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا'' (اگر لڑکا ہے تو میں نے اس کا نام محمد رکھا) اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر کہتے وقت عربی عبارت کے معنیٰ ذِہن میں ہوں تو ترجمے کے الفاظ کہنے کی ضرورت نہیں ورنہ اپنی زبان میں بھی کہہ سکتے ہیں۔ ﴿نزہۃ المجالس:2/58﴾

۱۰ جس شخص کا بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو تو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَآاَللّٰہُ یَاوَاحِدُ'' کو 101 مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے دائیں بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

اولاد جب نافرمان ہوجائے

۱ جس شخص کا بیٹا یا بیٹی نافرمان ہو، تو ہر صبح اُن کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَاشَهِیْدُ'' کو 21 مرتبہ پڑھ کر اس بچہ پر دم کرے مگر پڑھتے وقت پڑھنے والے کا منہ آسمان کی طرف ہونا چاہیے ان شاء اللہ سات روز میں شرارت موقوف ہوکر صلاحیت نصیب ہوگی۔

۲ سورۃ البروج کی آیت 21، 22 کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ سوتے ہوئے بچے پر پڑھ کر دَم کریں اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھیں 21 روز اس عمل کو کرنا ہے ان شاء اللہ نافرمانی کی عادت سے نجات ملے گی اور فرماں بردار ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ﴿۲۱﴾ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

بلکہ یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے، (جو) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔

اولاد کی کامیابی اور عزت کے لیے

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ صَلَاۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ کَذَالِكَ''
﴿محاسن درود، صفحہ 5﴾

اِس درود پاک کو بعد نمازِ مغرب اور بعد نمازِ فجر 71 مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد 7، 7 بار پڑھنے سے اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام حاصل رہے گا۔

ابرو کے درد (Eyebrow pain) کا روحانی علاج

اگر کسی شخص کے ابرو میں درد ہو تو سات مرتبہ سورۃ لقمان کی آیت 27 کو پڑھ کر دم کرنے سے ان شاء اللہ ابرو کا درد ختم ہو جائے گا۔

''وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْۢ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمٰتُ اللّٰہِ''
﴿سورۃ لقمان، الآیۃ 27﴾

اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں (سب) قلم ہوں اور سمندر (روشنائی ہو) اس کے بعد اور سات سمندر اسے بڑھاتے چلے جائیں تو اللہ کے کلمات (تب بھی) ختم نہیں ہوں گے۔ بیشک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

اندھے پن، کوڑھ، برص اور فالج سے حفاظت کی دعا

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت قبیصہ سے فرمایا جب تم صبح کی نماز پڑھ لو تو ''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' پڑھ لیا کرو، اندھے پن، جذام اور برص (ایک روایت میں فالج کا ذکر بھی ہے) سے محفوظ رہو گے، پھر یہ پڑھو:

”اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَأَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَأَنْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَأَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ“ ﴿المعجم الکبیر، الرقم 940﴾

اے اللہ! مجھے اپنی جانب سے ہدایت عطا فرما‘ اپنے فضل کو مجھ پر نازل فرما‘ اپنی رحمت کو مجھ پر پھیلا‘ اپنی برکتوں کو مجھ پر نازل فرما۔

ایڑی (Heel) میں درد سے نجات کا روحانی علاج

چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو اور بغیر وضو سورۃ المائدہ کی آیت 6 ”وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ“ کا ورد کریں۔

اسہال اور پیچش (Diarrhea) کا روحانی علاج

اگر کوئی شخص Diarrhea (اسہال یا خونی پیچش اور دستوں) کے مرض کا شکار ہو جائے تو سورۃ الدخان (پارہ 25) مکمل کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر مریض کو پلائیں ان شاء اللہ مفید ہوگا۔

الرجی اور ہر قسم کے دانوں کا علاج

(Allergies Pimples)

بعض ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاؤں مبارک کی کسی انگلی میں دانہ نکل آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی کسی زوجہ محترمہ رضی اللہ عنہا سے ذریرہ (ایک قسم کی خوشبو) لے کر اس دانہ پر ڈالی اور یہ دعا مانگی (جس سے وہ دانہ ٹھیک ہوگیا):

”اَللّٰھُمَّ مُطْفِئَ الْكَبِيْرِ وَمُكَبِّرَ الصَّغِيْرِ اَطْفِهَا عَنِّيْ“

اے اللہ! اے بڑے کو چھوٹا اور چھوٹے کو بڑا کر دینے والے! میری اس پھنسی (دانے) کو ختم کر دے۔“ ﴿مسند احمد بن حنبل، الرقم 23202﴾

اٹھرا سے نجات کے روحانی وظائف
(Recurrent miscarriage)

۱ اگر کسی شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو اسے چاہئے کہ سورۃ الصافات کی آیت 76 کو روزانہ صبح وشام گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھے تو یہ عمل اس کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

''وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ'' ﴿سورۃ الصافات آیت،76﴾

اور ہم نے اُنہیں اور اُن کے گھر والوں کو سخت تکلیف سے بچا لیا۔

۲ سورۃ النحل کی آیات 127، 128، سورۃ یوسف آیت 64، سورۃ الرعد آیت 8 اور سورۃ آل عمران آیت 36 کو لکھ حمل کے ایام میں متأثرہ عورت کے گلے میں اِس طرح ڈال دیں کہ وہ تعویذ پیٹ پر پڑا رہے۔

''وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○''

اور اے محبوب! تم صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان کا غم نہ کھاؤ اور ان کے فریبوں سے دل تنگ نہ ہو، بیشک اللہ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں اور جو نیکیاں کرتے ہیں۔

''فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○''

تو اللہ سب سے بہتر نگہبان اور وہ ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان،

''اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○''

اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے اور پیٹ جو کچھ گھٹتے بڑھتے ہیں اور ہر چیز اس کے پاس ایک اندازے سے ہے۔

’’اِنِّیْٓ اُعِیْذُھَا بِكَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝‘‘

اور میں اسے اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں‘ راندے ہوئے شیطان سے،

۳ سورۃ مزمل شریف (پارہ 29) کو گیارہ بار نیلے رنگ کے سوت (کے دھاگے) پر پڑھیں اور ہر بار ایک گرہ لگا کر اُس پر دَم کریں، عورت اِس دھاگے کو اپنی کمر پر باندھے اور سورۃ مزمل شریف کو گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ العزیز حمل محفوظ رہے گا۔ ﴿عملیاتِ اشرفی﴾

۴ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو 61 بار کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر لیں اور عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

اُمّ الصبیان بچے کے سوکھے پن‘ سوکڑا سے نجات

(Children's weakness)

۱ جو بچہ شیر خوار نہایت دبلا ہو، جیسے اکثر اُمّ الصبیان کی وجہ سے بچوں کو سوکھے پن کی بیماری لگ جاتی ہے تو آدھ سیر تیل سرسوں کا لے کر سامنے رکھا جائے۔ رُو بقبلہ باوضو ہو کر ایک ہزار مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ’’یَااَللّٰہُ یَاقَھَّارُ‘‘ کو پڑھ کر دم کیا جائے وہ تیل صبح و شام اکیس روز بچہ کے جسم پر مالش کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد تندرست ہو کر توانا ہوگا۔

۲ متأثرہ بچے کے دونوں کانوں میں پانچ، پانچ مرتبہ اذان کہنے سے اِس مرض سے جلد شفا ملے گی۔

۳ روغن کنجد (Sesame oil) یعنی تلوں کے تیل پر سورۃ الاخلاص کو تین بار پڑھ کر دَم کریں اور اُمّ الصبیان بچے کے تمام جسم پر صبح و شام مالش کریں۔

۴ جو بچہ یا بڑا بے حد لاغر اور دبلا ہو گیا ہو، تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر ایک ہزار ایک سو مرتبہ اس تیل پر اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَا جَبَّارُ'' پڑھ کر دم کرے اور سات دن تک ہر روز اسی طرح کیا جائے اور اُس تیل سے روزانہ مریض کے بدن پر مالش کی جائے ان شاء اللہ طاقت اور توانائی جلد واپس آئے گی۔ اور کمزوری اور لاغری دفع ہو گی۔

امتحانات میں کامیابی کے روحانی وظائف

۱ عشاء کی نماز کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ ''یَا اَللّٰهُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ'' پڑھ کر نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں، یہ عمل امتحان کا نتیجہ آنے تک جاری رکھنا چاہیے۔

۲ رات کو سوتے وقت 200 مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھیں اول و آخر گیارہ بار درود شریف، صبح پرچہ شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کے ساتھ گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں ''رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ وَبِكَ نَسْتَعِیْنَ'' (اے اللہ میرے لیے کام آسان بنا اور مجھے مشکلات میں نہ ڈال اور میرا خاتمہ بالخیر کرنا اور میں تجھ سے مدد مانگتا ہوں۔) اور اپنے اوپر دَم کر لیں، پرچہ کے ختم ہونے پر ذیل کی دعا پڑھ کر پرچہ بند کر دیں۔ ان شاء اللہ پرچہ اچھا ہوگا اور امتحان میں کامیابی ہوگی۔

''حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ''

اہل وعیال کو بدنظری سے بچانے کا روحانی عمل

۱ اپنے اہل وعیال میں سے کسی کی کوئی بات یا چیز اچھی لگی تو فوراً ''مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' پڑھ لیں، محفوظ رہے گا۔ ﴿مرقع کلیمی: صفحہ 118﴾

۲ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ میں سے ''یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ'' کو 500 بار اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے بچوں پر دم کرنے سے بچے نظر بد، آسیبی حرکات اور غیبی شرارتوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

۳ نظر بد کے مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں

''بِاسْمِ اللهِ يُبْرِيكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيكَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ وَشَرِّ كُلِّ ذِي عَيْنٍ'' ﴿صحیح مسلم: الرقم 2185﴾

اللہ کے نام سے (ابتدا) اللہ تعالیٰ تمہیں تندرست کرنے پر بیماری سے اور شفا دے اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرنے لگے اور نظر بد والے کی نظر سے۔

۴ سورۃ البقرۃ کی آیت 270 کو صبح وشام اہل خانہ پر دَم کرنے سے تمام لوگ نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

''وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝۲۷۰''

اور تم جو خرچ کرو یا منت مانو اللہ کو اس کی خبر ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

ب

بیمار کی عیادت کی دعا

جو شخص کسی بیمار کی بیمار پرسی کرنے جائے تو درج ذیل کلمات سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کردے، اگر اس کی موت کا وقت نہ آیا ہو تو اس بیماری سے شفاء نصیب ہوگی''

''أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ'' ﴿سنن ابی داؤد، 3106﴾

میں اللہ عرش عظیم کے رب سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا عطا فرمائے۔

بھوک کی کمی کا روحانی علاج

❶ اگر کسی شخص کو بھوک کم لگتی ہو تو سورۃ الشعراء کی آیت 79 کو 41 مرتبہ کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے اور اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو 21 مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو ان شاءاللہ بھوک خوب لگے گی۔

''وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ﴿۷۹﴾'' اور وہی ہے جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

❷ اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو سورۂ نور کی آیت 10 ''وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ ﴿۱۰﴾'' کو 21 مرتبہ پانی پر دَم کر کے پلایا جائے ' ان شاءاللہ خوب بھوک لگے گی۔

❸ تین روز تک بسم اللہ شریف کے ساتھ 12 مرتبہ ''یَا رَحِیْمُ'' پڑھ کر جو چیز بھی کھانے کو دیں اس پر دم کر دیں۔

بدہضمی (Dyspepsia) کا روحانی علاج

سورۃ بنی اسرائیل کی آیت 105 کو 7 بار اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک پڑھ کر نمک پر دَم کر کے کھلایا جائے تو بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

''وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿۱۰۵﴾''

اور حق کے ساتھ ہی ہم نے اس (قرآن) کو اتارا ہے اور حق ہی کے ساتھ وہ اترا ہے، اور (اے حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!) ہم نے آپ کو خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا ہی بنا کر بھیجا ہے۔''

بواسیر (Piles) کے خاتمے کا روحانی علاج

۱ جو شخص ''یَامَالِكُ یَاقُدُّوسُ'' ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے گا، ان شاء اللہ کبھی کسی گندے مرض جیسے بواسیر، نواسیر، ناسور وغیرہ میں مبتلا نہ ہوگا۔ کبھی اس کے پردے اور شرم کی جگہ کوئی زخم یا بیماری نہ ہوگی اور کبھی اس کو شرم وحیا کی جگہ، کسی غیر کو دکھانے کی ضرورت نہ ہوگی۔

۲ نماز فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ التین پڑھیں اور سلام کے بعد 41 بار سورۃُ الاخلاص پڑھیں اگر وقت کم ہو تو کم از کم سات بار پڑھ لیں، ان شاء اللہ شفا ہوگی۔ ﴿عملیات اولیاء، صفحہ 74﴾

بے چینی اور بے خوابی کا روحانی علاج (Rest lessness)

۱ سورۃ الکہف کی آیت 11 کو دائیں ہاتھ سر پر رکھ کر سات بار پڑھیں اور ہاتھ پر دَم کرے کے سر پر پھیریں' ان شاء اللہ گہری نیند آئے گی۔

''فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ﴿١١﴾''

پس ہم نے اس غار میں گنتی کے چند سال ان کے کانوں پر تھپکی دے کر (انہیں سلا دیا)

۲ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رات کی بے چینی اور نیند نہ آنے کی شکایت کی تو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب سونے کے لیے بستر پر لیٹو تو یہ دعا پڑھو۔

''اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ وَرَبَّ الْأَرْضِیْنَ وَمَا أَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا أَضَلَّتْ كُنْ لِیْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِیْعًا أَنْ یَفْرُطَ عَلَیَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ أَوْ أَنْ یَبْغِیَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَیْرُكَ'' ﴿سنن الترمذی، الرقم 3523﴾

اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب اور وہ جس پر سایہ کئے ہوئے ہیں اور زمینوں کے رب اور جن کے نیچے وہ بچھی ہوئی ہے۔اور شیطانوں کے رب جن کو وہ گمراہ کرتے ہیں۔تو مجھے اپنی تمام مخلوق کے شر سے پناہ دے۔اور اُس سے بھی پناہ دے جو مجھ پر زیادتی کرے۔ اور مجھ پر سرکشی کرے۔تیرے ثناء بلند ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

بہرے پَن (Deafness) کا روحانی علاج

اگر کسی شخص کو بہرے پن کی شکایت ہوتو سورۃ اعراف کی آیت 204 کو روزانہ 141 بار پڑھ کر شہادت کی انگلی کے پوروں پر دَم کریں اور انگلی کانوں میں گھمائیں

”وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۝۲۰۴“

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔

بخار (Fever) سے شفا کا روحانی وظیفہ

جس شخص کا بخار نہ جاتا ہو اُسے چاہیے کہ بار بار تازہ پانی سے غسل کرے اور یہ دعا پڑھے: ”اِکْشِفِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ“ اے لوگوں کے رب لوگوں کے معبود تکلیف سے نجات مل جائے۔ ﴿عمل الیوم واللیلۃ ابن السنی صفحہ 518﴾

باری کے بخار اور ملیریا (Malaria) کا روحانی علاج

❶ ”بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ“ 101 بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور مٹی کے پیالے پر 101 بار لکھ کر پلائیں اِنْ شَآءَاللّٰهُ الْعَزِيْزُ افاقہ ہوگا۔

❷ ”یَا غَفُوْرُ“ کاغذ پر تین بار لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کر کے چمڑے یا ریگزین یا کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال لیں یا بازو پر باندھ دیجئے،ان شاء اللہ ملیریا سمیت ہر قسم کے بُخار سے نجات ملے گی۔

بخار موسمی (Seasonal fever) کا روحانی علاج

سورۃ الدھر کی آیت 13 کو 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو وقفے وقفے سے پلائیں تو اللہ پاک شفاء عطا فرمائے گا۔

''مُتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا''

جنت میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے، نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ سخت سردی

بخار میں سر درد کی شدت کا روحانی علاج

۱ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر قسم کے درد اور بخار کے لیے صحابہ کرام کو یہ دعا پڑھنے کی تعلیم دیتے:

''بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ النَّعَّارِ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ''

﴿عمل الیوم واللیلۃ، صفحہ 515﴾

۲ جس شخص کے سر میں شدید درد ہو تو اس کے ماتھے پر سات مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَاجَبَّارُ'' انگلی سے لکھا جائے' پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر ''یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ'' سات' سات دفعہ پڑھ کر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ کیسا ہی درد ہو' جاتا رہے گا اور اگر آدھے سر کا درد ہے تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے بہت جلد شفا ہوگی۔

بانجھ پن' بے اولادی ختم کرنے کا عمل

(Impotensy , infertility)

لونگ (Clove) کے چالیس دانے لیں اور ہر دانے پر سات بار سورۃ النور کی آیت 40 کو اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف کامل وضو و طہارت کے ساتھ پڑھ کر دَم کریں ہر روز ایک لونگ عورت غسل حیض (Menses) کے بعد روزانہ کھائے،

اور فوراً پانی نہ پیئے، ان دِنوں میاں، بیوی مجامعت بھی کریں اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز نعمت یا رحمت سے مشرف ہونگے اور بے اولادی ختم ہوگی۔ ﴿جنتی زیور، صفحہ 706﴾

”اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾“ ﴿سورۃ النور، آیت 40﴾

یا (کافروں کے اعمال) اس گہرے سمندر کی تاریکیوں کی مانند ہیں جسے موج نے ڈھانپا ہوا ہو (پھر) اس کے اوپر ایک اور موج ہو (اور) اس کے اوپر بادل ہوں (یہ تہ درتہ) تاریکیاں ایک دوسرے کے اوپر ہیں، جب (ایسے سمندر میں ڈوبنے والا کوئی شخص) اپنا ہاتھ باہر نکالے تو اسے (کوئی بھی) دیکھ نہ سکے، اور جس کے لئے اللہ ہی نے نورِ (ہدایت) نہیں بنایا تو اس کے لئے (کہیں بھی) نور نہیں ہوتا۔

بچہ دودھ پینے لگے گا

۱ اگر نومولود دودھ نہ پیتے ہوں تو ”یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ“ 100 بار لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر پلائیں اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز دودھ پینے لگے گا اور ضد بھی نہیں کرے گا۔

۲ سورۃ القدر کو اکیس مرتبہ پڑھ کر چینی پر دَم کر کے دیں اور میٹھا دودھ کر کے بچے کو پلائیں، ان شاءاللہ تعالیٰ بچہ دودھ پینے لگے گا۔

۳ اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش ماں کے دودھ یا دریا کے پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز دودھ پینے لگے گا۔

قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم

نوٹ: ق، م، و، ان حروف کے دھانے کھلے رہیں۔

بچے کو دودھ چھڑانا ہو

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ"

18 بار لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیجئے، دودھ چھوڑ دے گا۔

بچھو' بھڑ یا موذی کیڑے کے زہر کو ختم کرنے کا وظیفہ

1. جس مقام پر بچھو یا کوئی موذی کیڑا کاٹ جائے "سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۹﴾" پڑھ کر دم کرے' زہر اُتر جائے گا۔

2. اگر کسی شخص کو بچھو نے کاٹا ہو تو تھوڑا سا قلمی شورہ لے کر پانی میں گھول کر 70 مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک "یَاوَاسِعُ" پڑھ کر دم کرے اور اس شورہ کے پانی کو وقفے وقفے سے بچھو کے کاٹے پر لگائے، ان شاء اللہ فوراً تکلیف رفع ہو جائے گی۔

3. اگر کسی شخص کو بچھو، بھڑ (wasp) یا شہد کی مکھی کاٹ لے تو ڈنگ والی جگہ پر انگلی کو گھماتے رہیں اور 21 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دَم کردیں، ان شاء اللہ فوراً تکلیف دور ہو جائے گی۔

4. بچھو، سانپ یا کسی زہریلے کیڑا کاٹ لے یا کسی زہریلی دوا کاری ایکشن ہو گیا ہو تو ان اسماء کو چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھیں اور دھو کر بار بار پلائیں، جب تک زہر ختم نہ ہو جائے۔

یَارَحِیْمُ　یَااَللّٰہُ　یَامُرِیْدُ

یَارَحِیْمُ　یَااَللّٰہُ　یَامُرِیْدُ

یَارَحِیْمُ　یَااَللّٰہُ　یَامُرِیْدُ

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

5 سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سفر پر تشریف لے جاتے تو جہاں پر رات کو قیام فرماتے تو درج ذیل دُعا پڑھتے تھے۔ ﴿سنن ابی داؤد﴾

''يَا أَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللهُ أَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيْكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ أَسَدٍ وَأَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ سَاكِنِ الْبَلَدِ، وَمِنْ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ''

اے زمین میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں تیرے شر سے اور اس کے شر سے جو تیرے اندر ہے۔ اور اس کے شر سے جو تجھ میں پیدا ہوا اور اس کے شر سے جو تیرے اوپر چلتا ہے۔ میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی شیر، کالے سانپ اور بچھو اور ہر اس چیز کے شر سے جو شہر میں رہتی ہے۔ اور اس کے شر سے جن سے یہ پیدا ہوئے۔ یا جو ان سے پیدا ہوا۔

باغ یا کھیت کو آفات سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَا حَلِیْمُ'' 100 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر اپنے کھیت یا باغ میں چھڑکے گا تو وہ کھیتی یا باغ ہر قسم کی ارضی وسماوی آفت سے محفوظ رہیں گے اور بڑی برکت پیدا ہوگی۔

بدکلامی سے بچنے کا روحانی عمل

جس شخص کی زبان پر گالیاں اور فحش الفاظ زیادہ جاری ہوں اور وہ کسی طرح زبان کو پاک نہ رکھ سکتا ہو تو 9 مرتبہ مٹی کے کورے پیالے پر اللہ تعالیٰ کے اسم ''یَا حَمِیْدُ'' لکھے اور پھر اِسی اسم کو 90 مرتبہ پڑھ کر پیالہ دم کرے' ان شاء اللہ ضرور بدکلامی سے محفوظ رہے گا۔

بُری عادات سے نجات کے روحانی وظائف

❶ سات کنکریاں لے کر قبرستان میں جائیں اور ایک ایک کنکری پر سورۃ اللھب ''تَبَّتۡ یَدَاۤ اَبِیۡ لَہَبٍ وَّ تَبَّ ؕ﴿۱﴾ '' 14 بار پڑھیں اور آخیر میں یہ کہیں ''فلاں بن فلاں کی بُری عادتیں دفن ہوں'' پہلے فلاں کی جگہ اس شخص کا اور دوسرے فلاں پر اس کی ماں کا نام لینا ہے اور پھر ان کنکریوں کو کسی پرانی قبر میں ڈال دیں۔ یہ عمل گیارہ روز کریں۔ ان شاء اللہ العزیز ہر بُری عادت سے نجات ملے گی۔

❷ درج ذیل اسماء گرامی کو کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے تکیہ کے اندر روئی کے بیچ میں رکھ دیں، جس سے بُری عادت چھڑانا مقصود ہے، یہ تکیہ کوئی دوسرا شخص سر کے نیچے نہ رکھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ

یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ

❸ بُری عادتوں کا شکار شخص جب سویا ہوا ہو تو اُس پر سورۃ الاخلاص 21 بار اور سورۃ الم نشرح 3 بار پڑھ کر دم کر دیں یہ عمل تین دن کرنا ہے۔ ان شاء اللہ العزیز ہر بری عادت سے نجات پائے گا۔

بُرے خوابوں کا روحانی علاج

❶ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی برا خواب دیکھے تو یہ دعا پڑھے

''اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَمَلِ الشَّیْطَانِ وَسَیِّئَاتِ الْأَحْلَامِ''

اے اللہ! میں تیری ذات کی پناہ چاہتا ہوں شیطان کے کسی عمل سے اور برے خوابوں سے۔ ﴿عمل الیوم واللیلۃ: 693/1﴾

2 رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے لہٰذا اگر کوئی شخص پسندیدہ خواب دیکھے تو اسے صرف ایسے ہی شخص سے بیان کرے جو اس کے نزدیک محبوب ہو اور اگر کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اس کے شر سے پناہ مانگے، شیطان کے شر سے پناہ مانگے (اُس وقت یہ دعا پڑھے "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّھَا وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ") تین مرتبہ تھوکے اور اسے کسی سے بیان نہ کرے، پھر تو یہ خواب اسے ہرگز نقصان نہیں دے گا۔ ﴿صحیح البخاری، الرقم 7044﴾

3 آیت الکرسی اور چاروں قل شریف، تین، تین بار پڑھ کر سونے سے ڈرؤنے خواب و خیالات سے محفوظ رہتا ہے۔

بدنامی سے بچنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی کو بدنام کرنے پر تُلا ہے اور اُس کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ سورۃ یونس کی آیت 65 کو صبح وشام تین، تین بار درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا یَحْزُنْکَ قَوْلُھُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا ؕ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۶۵﴾ (اے حبیبِ مکرّم ﷺ!) ان کی (عناد و عداوت پر مبنی) گفتگو آپ کو غمگین نہ کرے۔ بیشک ساری عزت و غلبہ اللہ ہی کے لئے ہے (جو جسے چاہتا ہے دیتا ہے)، وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

پ

پیٹ کے درد کا روحانی علاج (Stomach pain)

1 "یَا اَللّٰہُ یَا عَظِیْمُ" 7 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پیا جائے تو ان شاء اللہ

کبھی پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

۲ تھوڑا سا نمک لے کر اُس پر سورۃ الکوثر تین بار تسمیہ کے ساتھ اوّل و آخر 3، 3 تین بار درود پاک پڑھ کر دَم کریں اور مریض کو کھلا دیں فوری آرام ہو جائے گا۔

پیٹ کے کیڑے کا روحانی علاج
(Intestinal Worms)

''سورۃ الکوثر'' تین بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور نہار منہ پلائیں۔ مریض یہ عمل خود بھی کرسکتا ہے اور دن میں کسی وقت، وقفہ وقفہ سے تین مرتبہ ایک ایک دفعہ یہی سورۃ پڑھ کر پیٹ پر پھونک ماریں۔ گیارہ روز کے اس عمل سے پیٹ میں کسی بھی قسم کے کیڑے ہوں ختم ہو جاتے ہیں۔

پتے کی پتھری (Gallstones) کا روحانی علاج

اگر کسی شخص کے پتّے میں پتھری ہو تو وہ سورۃ البقرہ کی آیت 74 کو 141 بار پڑھ کر آبِ زم زم پر دَم کریں اور پتھری میں مبتلا شخص کو پلائیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

''ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۷۴''

پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ کرّے اور پتھروں میں تو کچھ وہ ہیں جن سے ندیاں بہہ نکلتی ہیں اور کچھ وہ ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ وہ ہیں جو اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں۔''

پیشاب کی بندش کا روحانی علاج

درج ذیل دعا کو مریض پر پڑھ کر دَم کریں اور پانی پہ دم کر کے پلائیں

''رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ أَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ اغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَ خَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ أَنْزِلْ رَحْمَةً مِنْ رَحْمَتِكَ وَشِفَاءً مِنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ''

پرانی پیچش کا روحانی علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا

طلوعِ آفتاب سے قبل اوّل آخر دُرُود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے نہار منہ پی لیجئے اور آدھے گھنٹے تک کوئی بھی کھانے پینے کی چیز استعمال نہ کریں، پرانی پیچش ختم ہو جائے گی یہ عمل اکیس دن جاری رکھنا ہے۔

پھوڑا پھنسی (Pimples) سے نجات کا روحانی علاج

١ اگر کسی شخص کے پھوڑا یا پھنسی یا ناسور ہو گیا ہو اور وہ کسی طرح اچھا نہ ہو تو سات دن تک تین سو دفعہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَا رَقِیْبُ'' پڑھ کر اس زخم پر دم کیا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ زخم بالکل اچھا ہو جائے گا۔

٢ درج ذیل دعا کو زخم پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں، درد سے نجات ملے گی۔

''بِاسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى بِهٖ سَقِيْمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا''

اللہ کے نام سے ہمارے ملک کی زمین کی مٹی ہے، ہمارے بعض کا تھوک ہے تا کہ ہمارا مریض اللہ کے حکم سے شفا پائے۔

﴿صحیح المسلم، الرقم 2194﴾

۳ جو شخص پھوڑے پھنسی کے مرض میں مبتلا ہو اُس کو چاہیے کہ شہادت کی انگلی پر لعابِ دہن لگائے پھر تین بار ''بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرْ'' اور ایک بار سورۃ الزخرف کی آیت 79 ''اَمْ اَبْرَمُوْۤا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ'' پڑھ کر دَم کرے اور وہ لعاب پھوڑے پھنسی یا زخم پر لگائے۔

۴ سیدنا عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے ایک شخص نے عرض کیا کہ میرے گھٹنے میں سات سال سے ایک پھوڑا نکلا ہوا ہے ہر طرح کا علاج کرا چکا ہوں، بہت سے اطباء سے بھی رجوع کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''جاؤ! کوئی ایسی جگہ تلاش کرو جہاں پانی کی قلت ہو اور لوگ پانی کے ضرورت مند ہوں، وہاں جا کر ایک کنواں کھودو، مجھے اُمید ہے کہ وہاں کوئی پانی کا چشمہ جاری ہوگا تو تمہارا خون رُک جائے گا۔ اُس شخص نے اُن کے کہنے پر عمل کیا تو تندرست ہو گیا۔''

پاگل پن کا روحانی علاج

محدثین عظام نے اپنی کتب میں لکھا کہ اگر یہ سند مبارک پڑھ کر پاگل اور جنون کے مرض والے پر دم کیا جائے تو اُسے افاقہ ہوگا یا پھر لکھ کر دیوانے کے گلے میں ڈالا جائے تو اللہ پاک شفاء عطا فرمائے گا۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى الرِّضَا حَدَّثَنِيْ اَبِيْ مُوْسَى بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنِيْ اَبِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنْ جِبْرِيْلَ علیہ السلام ﴿حلیۃ الاولیا، جلد3 صفحہ192﴾

پاگل کتے اور موذی کیڑے کے کاٹے کا علاج

❶ سورۃ الطارق کی 15 سے 17 آیات کو روٹی پر لکھ کر متاثر شخص کو 40 روز تک کھلائیں، ان شاء اللہ پاگل کتے کے زہر سے محفوظ رہے گا اور جلد صحت یاب ہو جائے گا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنَّہُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَکِیۡدُ کَیۡدًا ﴿۱۶﴾ فَمَہِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡہِلۡہُمۡ رُوَیۡدًا ﴿۱۷﴾ بیشک وہ (کافر) پُرفریب تدبیروں میں لگے ہوئے ہیں، اور میں اپنی تدبیر فرما رہا ہوں، پس آپ کافروں کو (ذرا) مہلت دے دیجئے، (زیادہ نہیں بس) انہیں تھوڑی سی ڈھیل (اور) دے دیجئے"

❷ سورہ المائدہ کی آیت 4 کو 11 مرتبہ پڑھ کر، پانی پر دم کر کے تین دن، روزانہ تین وقت پلائیں۔

"یَسۡـَٔلُوۡنَکَ مَاذَاۤ اُحِلَّ لَہُمۡ ؕ قُلۡ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ ۙ وَ مَا عَلَّمۡتُمۡ مِّنَ الۡجَوَارِحِ مُکَلِّبِیۡنَ تُعَلِّمُوۡنَہُنَّ مِمَّا عَلَّمَکُمُ اللّٰہُ ۫ فَکُلُوۡا مِمَّاۤ اَمۡسَکۡنَ عَلَیۡکُمۡ وَ اذۡکُرُوا اسۡمَ اللّٰہِ عَلَیۡہِ ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَرِیۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۴﴾"

❸ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیت 79 "سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ" کو لکھ کر گھر کے کونوں میں لٹکانے سے ہر قسم کے موذی کیڑوں اور موذی جانوروں سے حفاظت رہتی ہے۔

پڑھا ہوا سبق یاد نہ رہتا ہو

جسے پڑھا ہوا سبق یاد نہ رہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الانبیاء کی آیت 79

"فَفَہَّمۡنٰہَا سُلَیۡمٰنَ ۚ وَ کُلًّا اٰتَیۡنَا حُکۡمًا وَّ عِلۡمًا ۫ وَّ سَخَّرۡنَا مَعَ دَاوٗدَ الۡجِبَالَ یُسَبِّحۡنَ وَ الطَّیۡرَ ؕ وَ کُنَّا فٰعِلِیۡنَ ﴿۷۹﴾"

پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے سورۃ الکوثر پڑھے اور سلام پھیر کر یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ وَأَنْزِلْ عَلَيْنَا بَرَكَاتِكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَصَلِّ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ" ﴿دستور العلما، جلد2 صفحہ27﴾

پڑھائی میں دل نہ لگے اور بچہ پڑھنے کے لیے ضد کرے

1. بچہ نہ پڑھنے کے لیے ضد کرے تو جب رات کو گہری نیند سو جائے تو اس کے سرہانے بیٹھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ 21 بار اتنی آواز سے پڑھیں کہ بچہ کی نیند خراب نہ ہو۔ایک ماہ یہ عمل جاری رکھے۔
2. اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک "یَا عَلِیْمُ" کو 60 بار روزانہ پڑھ کر دم کر دیں، ان شاءاللہ بچہ خوب دل لگا کے پڑھائی کرے گا۔

ت

تپ دق، ٹی بی (Tuberculosis) کا روحانی علاج

1. چینی کی پلیٹ پر اِن کلمات کو لکھ کر دیں ایک دن میں تین پلیٹیں لکھنی ہیں صبح وشام اِس میں پانی ڈال کر مریض کو پلائیں ایک ماہ تک یہ عمل کرنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ

اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ

2 چینی کی پلیٹ پر زعفران اور عرق گلاب سے سورہ بنی اسرائیل کی آیت 82 کو 21 مرتبہ لکھیں اور 40 دن تک متواتر یہ عمل کریں ان شاء اللہ مریض کو صحت ہوگی۔

3 سورۃ المجادلہ (پارہ 28) کو بعد نمازِ عصر 3 بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر دَم کریں یہ عمل چالیس روز بلا ناغہ کرنا ہے، ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

تبادلہ (Transfer) اپنی مرضی کی جگہ کروانا

اگر ملازمت کے دوران ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ کرانا مقصود ہوتو نمازِ عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الفلق اور 41 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر 40 روز تک دعا کریں۔ کسی مجبوری سے ناغہ ہوجائے تو اسے صبح فجر کے بعد پورا کریں۔

تجارت و کاروبار میں برکت کا عمل

1 جو شخص چاہتا ہے کہ اُس کی تجارت اور کاروبار میں برکت ہوتو اِس درود پاک کو کثرت سے پڑھے۔ ﴿الادب المفرد للبخاری، الرقم 640، مرقع کلیمی، صفحہ 180﴾

”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ“

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے عبدِ خاص اور رسولِ معظم ہیں رحمتیں نازل فرما اور رحمت نازل فرما تمام مومن اور مسلمان مردوں اور عورتوں پر۔

2 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”جس شخص کے گناہ کثیر ہوجائیں تو اُسے چاہیے کہ استغفار کثرت سے کرے اور جس شخص کا رزق تنگ ہوجائے تو اُسے چاہیے کہ کثرت سے ”لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ“ پڑھے۔ ﴿المعجم الاوسط، الرقم 6555﴾

3 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے پورے دن میں ایک سو بار ''لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ'' کے کلمات کو پڑھا اُسے محتاجی سے نجات اور قبر کی وحشت سے اُنسیت ملے گی۔'' ﴿کنز العمال، الرقم 3896﴾

بعض سلف صالحین ان کلمات کے ساتھ ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ'' کے کلمات ملا کر پڑھتے ہیں۔

تھکان (Fatigue/Tiredness) کا روحانی علاج

بستر پر جاتے وقت تسبیح سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھنے سے جسمانی تھکاوٹ سے راحت ملتی ہے۔ سُبْحَانَ اللهِ 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 بار اَللهُ اَكْبَرُ 34 بار، یہ عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا سے ارشاد فرمایا تھا اور مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے، آپ فرماتے ہیں کہ میں نے اِس عمل کو کبھی ترک نہیں کیا یہاں تک کہ جنگِ صفین کی رات کو بھی۔

ٹ

ٹائیفائیڈ بخار (Typhoid fever) کا روحانی علاج

1 سورۃ آل عمران کی آیت 18 کو 7 بار پڑھ کر مریض پر دَم کریں۔

''شَهِدَ اللهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾''

اور اِس آیت کو 7 بار کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور وہ پانی مریض کو سات دن تک بار بار پلائیں استعمال کریں پرانے سے پرانے بخار کا زور ٹوٹ جائے گا۔

ٹڈی دَل (Locust) سے کھیتوں کی حفاظت کا وظیفہ

1. جب ٹڈیوں کا حملہ ہو تو اِس دعا کو بکثرت پڑھیں۔

''اَللّٰھُمَّ أَھْلِكِ الْجَرَادَ اَللّٰھُمَّ اقْطَعْ دَابِرَہٗ اَللّٰھُمَّ اقْتُلْ کِبَارَہٗ وَأَھْلِكْ صِغَارَہٗ وَأَفْسِدْ بَیْضَہٗ وَخُذْ بِأَفْوَاھِهٖ مِنْ مَعَایِشِنَا وَأَرْزَاقِنَا إِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ''

﴿سنن الترمذی، 1823﴾

اے اللہ! ٹڈیوں کو ہلاک کردے' اے اللہ! اس کی جڑ کاٹ دے، بڑی ٹڈیوں کو ہلاک کردے، چھوٹی ٹڈیوں کو مار ڈال' ان کے انڈے خراب کردے اور ان کے منہ کو ہماری روزیوں اور غلوں تک پہنچنے نہ دے' بیشک تو دعاؤں کا سننے والا ہے۔

2. اِن کلمات کو کاغذ پر لکھ کر بانس کی نلی میں رکھ کر کھیت یا باغات میں رکھ دیں تو وہ فصلات' باغات ٹڈیوں سے محفوظ رہیں گے۔

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَّسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ اَھْلِكْ صِغَارَھُمْ وَاقْتُلْ کِبَارَھُمْ وَافْسِدْ بَیْضَھُمْ وَخُذْ بِاَفْوَاھِھِمْ عَنْ مَّعَایِشِنَا وَاَرْزُقْنَا اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَا اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ مَامِنْ دَابَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ اِسْتَجِبْ مِّنَّا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ''

ٹانگوں اور ٹخنوں میں درد کا روحانی علاج

اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَا مُغْنِیُّ یَا مُحِیْطُ'' 11 بار درد والے حصے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور دَم کریں، بہت جلد شفا ملے گی۔

ج

جسم کے ہر درد کی مسنون دعائیں

❶ درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر اس دعا کو پڑھتے رہیں، ان شاء اللہ افاقہ ہوگا

"بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا"

❷ سورۃ الاسراء کی آیت 105 کے ابتدائی حصہ کو درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں، درد ختم ہو جائے گا۔ "وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط"

❸ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے جسم میں اسلام لانے کے وقت سے درد رہتا تھا۔ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا تو آپ نے فرمایا: جسم کے جس حصے میں درد ہے اس پر ہاتھ رکھو اور تین مرتبہ: "بِسْمِ اللّٰہِ" کہو پھر سات مرتبہ کہو: "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ"

میں اللہ کے جلال اور اس کی قدرت کی پناہ طلب کرتا ہوں اس بیماری کے شر سے جو مجھے اس وقت لاحق ہے اور جس کے آئندہ ہونے کا خدشہ ہے۔ ﴿صحیح مسلم﴾

جگر کی بیماریوں اور یرقان کا روحانی علاج

(Hepatitis A,B,C,D)

❶ کسی بھی قسم کا یرقان اور جگر کا عارضہ لاحق ہو تو سورۃ الفاتحہ ایک بار، سورۃ الحشر (پارہ 28) 7 بار، سورۃ القریش (پارہ 30) ایک بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں جب تک اَفاقہ نہ ہو۔

❷ جگر کی تمام بیماریوں کے لیے سورۃ الرحمن کی آیت 78 کو پانی پر دَم کر کے پلانے سے جملہ اَمراضِ جگر سے شفا نصیب ہوگی:

"تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ﴿۷۸﴾"
آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت وجلال اور صاحبِ اِنعام واِکرام ہے۔

3 نیم کی ایک ٹہنی پتوں سمیت توڑ کر مریض کے ماتھے اور آنکھوں پر پھیرتے جائیں اور سورۃ القریش کو 5 مرتبہ اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک پڑھ کر دَم کریں اور یہ عمل 7 دن مسلسل ہر روز کریں۔

4 سورۃ البینہ (لَمۡ یَکُنِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا پارہ 30) کو صاف کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور اِس سورت کو اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک کے ساتھ 21 بار پڑھ کر پلائیں۔

5 بُھنے ہوئے چنوں پر اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک کے ساتھ سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس ایک، ایک بار یا تین تین بار پڑھ کر دَم کردیجئے اور تھوڑے تھوڑے کھاتے رہیے۔

6 سورۃ الحشر کی پہلی آیت کو 313 بار اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک بوقت عصر پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پلائیں، ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

جوڑوں کے درد سے نجات کا روحانی عمل

1 سورۃ الم نشرح کو ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ اوّل وآخر 3،3 بار درود شریف پڑھ دَم کریں یا کسی بھی تیل پر اِس عمل کو کرکے دَم کریں اور درد والی جگہ پر مالش کریں، ان شاءاللہ درد سے نجات ملے گی۔

2 جسم کے کسی جوڑ میں درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر سورۃ الاسراء کی آیت 105 "وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ" کو پڑھنے سے فوراً آرام مل جائے گا۔

جادو، سحر اور آسیب سے بچاؤ کے وظائف

① سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اگر تم نے اِس دعا کو صبح کے وقت تین مرتبہ پڑھ لیا تو شام تک شیاطین، کاہنوں اور جادوگروں کے ضرر سے محفوظ رہو گے:

''أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَأَعُوْذُ بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ'' ﴿عمل الیوم واللیلة لابن السنی، الرقم 67﴾

② ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' 101 بار پڑھ کر سحر زدہ (جس پر جادو کیا گیا ہو یا جادو کے اثرات نظر آتے ہو) پر دَم کر دیا جائے اور یہ کلمہ 101 بار کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلایا جائے تو جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ ﴿مجموعہ وظائف، صفحہ 8﴾

③ بعد نمازِ فجر اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَا مُهَيْمِنُ'' کا گیارہ سو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھنا جنات اور آسیب کے اَثرات سے حفاظت کرتا ہے۔ جس مکان میں پڑھا جائے کوئی سانپ موذی جن آسیب وہاں ٹھہر نہیں سکتا۔ ﴿خصائص اسماءِ الحسنیٰ، صفحہ 108﴾

④ سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 130 ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ'' کو تین مرتبہ پڑھ کر بچوں یا بڑوں پر دم کرتے رہنے سے اِنْ شَآءَاللّٰهُ الْعَزِيْزُ آسیبی اَثرات اور ہر طرح کے شیطانی سائے سے محفوظ رہیں گے۔ ﴿قرآنی وظائف، صفحہ 38﴾

⑤ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو پڑھ کر اگر بچوں پر دم کیا جائے تو بچے نظر بد، جادو جنات کے خلل اور جملہ آفات سے محفوظ رہتے ہیں کیوں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''مَا سَأَلَ سَائِلٌ بِمِثْلِهِمَا وَلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِيْذٌ بِمِثْلِهِمَا''

کسی سوال کرنے والے نے اِن جیسی سورتوں کے ساتھ سوال نہیں کیا اور نہ کسی پناہ طلب کرنے والے نے اِن جیسی سورتوں کے ساتھ پناہ طلب کی۔ ﴿سنن نسائی، الرقم 5438﴾

جنات کی شرارت سے بچنے کا رُوحانی نسخہ

① سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا گزر ایک ایسے شخص سے ہوا جسے جنات ستا رہے تھے اور وہ سخت اذیت میں مبتلا تھا' آپ نے اُس کے کان میں سورۃ المؤمنون درج ذیل (115 تا 118) آیتیں پڑھیں' تو اُسی وقت اُسے افاقہ ہو گیا۔

''اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ انھوں نے عرض کیا یہ (مذکورہ) آیتیں پڑھی تھیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: (ایک روایت میں کلماتِ قسم سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر کوئی آدمی جو یقین رکھنے والا ہو یہ آیتیں پہاڑ پر پڑھ دے تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔

﴿عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی، الرقم 631﴾

② '' أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ''

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں' جو سننے والا اور جاننے والا ہے۔ صبح وشام تین، تین بار پڑھنے والا وساوس شیطانی سے محفوظ رہتا ہے۔ ﴿عمل الیوم واللیلۃ، الرقم 24﴾

③ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح وشام تین، تین بار یہ دعا پڑھ لے تو شیطانی وساوس سے اُس کی حفاظت ہوتی ہے:

''اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكُهٗ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهٗ إِلٰى مُسْلِمٍ''

اے اللہ! اے زمین وآسمان کے خالق، اے نہاں وعیاں کے واقف، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اے ہر چیز کے مالک و پروردگار، میں تجھ سے اپنے نفس کی برائی، شیطان کے شر اور اس کے پھیلائے ہوئے جال کے پھندوں سے تیری پناہ کا طالب ہوں اور اس بات سے پناہ چاہتا ہوں کہ خود کسی برائی کا ارتکاب کروں یا کسی دوسرے مسلمان کے لیے برائی کا موجب بنوں۔ ﴿مسند احمد، الرقم 81﴾

جنون (Madness) کا علاج

❶ صبح وشام تین تین بار پڑھیں: ''اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ'' ﴿سنن ابی داؤد، الرقم 1554﴾

''اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں برص سے، پاگل پن سے، کوڑھ سے اور تمام بُرے اَمراض سے''

❷ مجنون، دیوانے شخص پر سورۃ یٰسین پڑھنے سے اُس مرض میں افاقہ ہوگا۔

جانوروں کو موسمی وباء سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

سیدنا غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے نام کی فاتحہ دِلائیں، درج ذیل

❷ سیدہ حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں سر کے درد اور ورم کی شکایت کی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے سر کے دوپٹہ پر رکھا اور یہ کلمات پڑھ کر دم فرمایا:

''بِسْمِ اللهِ أَذْهِبْ عَنْهَا سُوْءَهُ وَفُحْشَهُ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمَكِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللهِ'' ﴿کنزالعمال، الرقم 151﴾

اللہ تعالیٰ کے نام سے، اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ پاک ہیں مبارک ہیں اور اللہ پاک کے نزدیک ان کی وجاہت ہے کی دعا سے ہر برائی اور فحش کو دور فرما۔

جانور کے پیٹ درد اور اپھارا کے لیے وظیفہ

اگر کسی پالتو جانور کے پیٹ میں درد ہو تو بِسْمِ اللهِ کے بغیر سورۃ لہب 7 بار پانی پر دَم کر کے جانور کو پلائیں ان شاء اللہ پیٹ درد ختم ہو جائے گا۔

جانوروں پر نظر بد کا اثر نہ ہو

''بِاسْمِ اللهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللهُ يَشْفِيْكَ بِاسْمِ اللهِ اَرْقِيْكَ''

اِس دعا کو لکھ کر موم جامہ کر کے جانوروں کے گلے میں ڈال دیں اور روٹی یا پانی پر پڑھ کر جانوروں کو کھلانے، پلانے سے ہر طرح نظر بد سے نجات ملے گی۔

چ

چہرے کے کیل مہاسوں کا علاج
(Acne and pimples)

❶ اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ، سفید دھبے یا کیل مہاسے رہتے ہوں تو کسی دوا

یا مرہم پر سورۃ البقرۃ کی آیت 41 ''مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ط'' کو 41 بار پڑھ کر دَم کر کے استعمال کریں ان شاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

2 علامہ منذری رحمۃ اللہ علیہ اِس مذکورہ واقعہ کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں، اِسی جیسا واقعہ ہمارے شیخ ابوعبداللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا بھی ہے اُن کے چہرے پر پھنسیاں نکل آئی تھیں' بہت سے علاج کئے مگر پھنسیاں ختم نہیں ہوئیں، تقریباً سال بھر اِس تکلیف میں مبتلا رہنے کے بعد وہ جمعہ کے دن امام ابوعثمان صابونی رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں پہنچے اور اُن سے دعا کی درخواست کی، امام صابونی رحمۃ اللہ علیہ نے اُن کے لیے دعا کی، حاضرین نے آمین کہی۔

اگلے جمعہ کو ایک عورت نے امام صابونی کی مجلس میں ایک پرچہ بھجوایا' اُس میں لکھا تھا کہ پچھلے جمعہ شیخ ابوعبداللہ حاکم کی دعائے صحت کے بعد میں گھر میں گئی' وہاں جا کر بھی میں نے اُن کی صحت کے لیے بہت دعا کی' اُسی رات مجھے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت ہوئی' آپ نے مجھ سے فرمایا کہ ابوعبداللہ سے کہو وہ مسلمانوں کے لیے وسعت کے ساتھ پانی پہنچانے کا انتظام کریں، شیخ حاکم کو جب یہ معلوم ہوا تو انہوں نے اپنے گھر کے دروازے پر ایک سبیل بنا دی جس سے لوگ خوب پانی پیتے تھے، اس واقعہ کو ایک ہفتہ بھی نہیں گزرا کہ شیخ پر شفا کے آثار ظاہر ہونے لگے، پھنسیاں ختم ہوگئیں اور چہرہ پہلے کی طرح صاف اور خوبصورت ہوگیا، اس کے بعد وہ کئی سال زندہ رہے۔

﴿الترغیب والترہیب، باب التَّرْغِیب فِی الصَّدَقَة والحث عَلَیْهَا، الرقم 1426﴾

چوری شدہ مال کی واپسی کے لیے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾

ایک کاغذ پر لکھ کر اِس کے آگے چوری شدہ مال اوراس کے مالک کا نام اُس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھ کر کسی بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں۔

چوری کی عادات چھڑانے کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ

يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ

درج ذیل اسماء گرامی کو کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے تکیہ کے اندر روئی کے بیچ میں رکھ دیں، جس سے چوری کی عادت چھڑانا مقصود ہے' یہ تکیہ کوئی دوسرا شخص سر کے نیچے نہ رکھے۔

چغل خور کے شر سے بچنے کا روحانی عمل

اگر کسی شخص کا کسی چغل خور کے نقصان یا ضرر ہوتا ہو تو سورۃ المنافقون کو روزانہ پڑھنے سے چغل خور کے شر سے محفوظ رہے گا۔

چنبل (Psoriasis) اور چھپا کی کا روحانی علاج

زخم کے چاروں اطراف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر گھیر لیں اور درمیان میں سورۃ البقرۃ کی آیت 266 کا ایک حصہ ''فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ'' لکھیں ان شاء اللہ ہر قسم کی دھدر، چنبل اور چھپا کی، جلد کی الرجی کے نشانات سے شفا ملے گی۔

چیچک (Chickenpox) کا روحانی علاج

❶ نیلا دھاگہ لے کر 11 مرتبہ سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ کے اِس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ کی آخری میم الحمد سے ملا کر پڑھیں اور ہر بار دَم کر کے دھاگے کو گرہ لگا لیں اس طرح سات بار سات گرہیں لگا کر متأثرہ شخص کے گلے میں ڈالیں، اپنی وسعت کے مطابق ایک یا دو وقت کا کھانا کسی ضرورت مند کو کھلا دیں۔

❷ نیلا دھاگہ لے کر ایک بار سورۃ الرحمٰن پڑھیں اِس طرح کہ ہر ''فَبِاَیِّ اٰلَاۗءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ'' پر ایک گرہ دے کر پھونک ماریں، تیس گرہیں لگیں گی اور تیس بار پھونک مارنا ہے۔ اِس دھاگے کو بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

چوری سے مکان، دفتر اور کارخانہ محفوظ رکھنے کا عمل

بعد نمازِ عشا اوّل و آخر تین تین بار درود شریف اور سورۃ الاسراء کی آیت 110، 111 پڑھ کر اپنے مکان کے چاروں طرف پھونک مارے اور اِن آیات کو ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور آخر میں درود پاک کے ساتھ لکھ کر کاغذ کو مکان کے مرکزی دروازے کے اوپر لٹکا دینے سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْعَزِیْز مکان چوری، زمینی و آسمانی آفات سے محفوظ رہے گا۔ ﴿حفاظت کے مجرب اعمال، صفحہ 95﴾

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ''قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّامَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۚ وَلَا تَجْہَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِہَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ﴿۱۱۱﴾''

فرما دیجئے کہ اللہ کو پکارو یا رحمان کو پکارو، جس نام سے بھی پکارتے ہو (سب) اچھے نام اسی کے ہیں، اور نہ اپنی نماز (میں قرأت) بلند آواز سے کریں اور نہ بالکل آہستہ

پڑھیں اور دونوں کے درمیان (معتدل) راستہ اختیار فرمائیں، اور فرمایئے کہ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے نہ تو (اپنے لئے) کوئی بیٹا بنایا اور نہ ہی (اس کی) سلطنت و فرمانروائی میں کوئی شریک ہے اور نہ کمزوری کے باعث اس کا کوئی مددگار ہے (اے حبیب ﷺ) آپ اسی کو بزرگ تر جان کر اس کی خوب بڑائی (بیان) کرتے رہے۔

ح

حفاظتِ الٰہی کا مضبوط حصار

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور وہ اچھا کارساز اور بہترین دوست و مددگار ہے۔

ایک تسبیح روزانہ پڑھنا، ہر پریشانی کے لیے کفایت کرتی ہے

حادثات سے محفوظ رہنے کے وظائف

① جب بھی بس، ریل، کار، جہاز پر سفر میں جائیں تو ''یَا حَفِیْظُ'' کا ورد بہت مؤثر ہے، بحفاظت منزل مقصود پر پہنچیں گے۔ ﴿خصائص اسماء الحسنیٰ، صفحہ 11﴾

② گھر سے آیۃ الکرسی، سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھ کر نکلنے سے سفری حادثات سے محفوظ رہتا ہے۔ ﴿وظائف اولیا، صفحہ 45﴾

③ سورۃ القصص کی آیت 85 کو دوران سفر ورد میں رکھنے والا مسافر بخیر و عافیت منزل مقصود تک پہنچے گا:

''اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ؕ''

بیشک جس (رب) نے آپ پر قرآن (کی تبلیغ کو) فرض کیا ہے یقیناً وہ آپ کو لوٹنے کی جگہ کی طرف (فتح و کامیابی سے) واپس لے جانے والا ہے۔

حج وعمرہ کی خواہش ہو

۱ اگر حج یا عمرہ جانے کی طلب ہو اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو سورۃ الفتح کی آیت 27 کو کثرت سے ورد کریں ان شاء اللہ بہت جلد اُمید کی کرن پیدا ہو گی۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾

بیشک اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو حقیقت کے عین مطابق سچا خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ، اگر اللہ نے چاہا تو ضرور بالضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے امن وامان کے ساتھ، (کچھ) اپنے سر منڈوائے ہوئے اور (کچھ) بال کتروائے ہوئے (اس حال میں کہ) تم خوفزدہ نہیں ہو گے، پس وہ جانتا تھا جو تم نہیں جانتے تھے سو اس نے اس (فتح مکہ) سے بھی پہلے ایک فوری فتح عطا کر دی۔

۲ اِن کلمات کو بکثرت پڑھنے والے کو بہت جلد حج وعمرہ کی سعادت نصیب ہو گی۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ

حافظہ کی کمزوری دُور کرنے کے لئے

صبح نہار منہ وضو یا کلی کرتے وقت ''رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ'' تین مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دَم کر کے پی لیں۔ اس عمل کو 40 روز تک برقرار رکھنا چاہیے اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔

حیض (Menstruation) کی کثرت کا روحانی علاج

❶ حیض کا خون اپنی میعاد سے زیادہ آتا ہو اور شدید تکلیف ہوتی ہو تو سورہ الدھر کو پانی دَم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ خون آنا بند ہو جائے گا۔

❷ سورۃ الکوثر 21 بار، بارش کے پانی پر دَم کر کے پلائیں، اول و آخر تین بار درود

حیض کی کمی کا روحانی علاج

حیض آنا بند ہو جائے یا بہت کم آتا ہو جس کی وجہ سے عورت شدید تکلیف میں ہو تو ان آیات کو لکھ موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھ لیں' ان شاء اللہ حیض جاری ہو جائے گا۔

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور ہم نے اس میں باغ بنائے کھجوروں اور انگوروں کے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے کہ، اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ کے بنائے نہیں تو کیا حق نہ مانیں گے۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾

کیا کافروں نے یہ خیال نہ کیا کہ آسمان اور زمین بند تھے تو ہم نے انہیں کھولا اور ہم نے ہر جاندار چیز پانی سے بنائی تو کیا وہ ایمان لائیں گے۔

حیض کی جملہ بیماریوں کا روحانی علاج

''صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ''

اگر حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہو تو یہ آیت لکھ کر پیٹ پر باندھا جائے۔ اور

اگر حیض کی کمی کی بیماری ہو تو روزانہ 314 مرتبہ یہ آیت آبِ زم زم پر دم کر کے گیارہ روز تک پلایا جائے۔

حمل کی حفاظت کے روحانی وظائف

① اگر حمل ساقط ہو جاتا ہو تو 90 مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَامُبْدِئُ'' پڑھ کر شہادت کی انگلی حاملہ کے پیٹ کے گرد پھیرے۔ دائرہ کھینچنے کی طرح سے پھر سات دن تک برابر اس عمل کو کرتا رہے۔ حمل کچا اور بے موقعہ ساقط نہ ہوگا۔

② حمل ٹھہرنے کے بعد ''یَا حَیُّ یَا حَافِظُ یَا مُصَوِّرُ'' 1100 بار روزانہ 40 دن تک پڑھے، روزانہ ایک ہی وقت اور ایک ہی مقام پر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ربُّ العزت کی رحمت سے حمل کی حفاظت ہوگی۔

③ ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' 55 بار لکھ کر تعویذ بنا کر حاملہ کو پہنائیں، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حمل کی بھی حفاظت ہوگی اور بعد پیدائش بچہ یا بچی بھی آفات سے محفوظ رہیں گے۔

④ ''یَا اَللّٰہُ'' 101 بار لکھ کر تعویذ بنا کر شروعِ حمل میں 40 روز تک حامِلہ کے گلے میں باندھیں پھر کھول کر نویں مہینے دوبارہ پہنا دیں، حمل محفوظ رہے گا اور تندرست اولاد پیدا ہوگی، پیدائش کے بعد اب وہ تعویذ کھول کر بچہ یا بچی کو پہنا دیں۔

حشرات الارض سے حفاظت کی دعا

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو شخص اِس دعا کو صبح وشام پڑھ لے گا۔ جلنے' ڈوبنے اور (آپ کے شاگرد) عطا بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیطان 'ظالم' سانپ' بچھو کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

”بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا یَسُوْقُ الْخَیْرَ اِلَّا اللّٰہُ بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰہُ بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ مَا کَانَ مِنْ نِّعْمَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ“ ﴿شرح احیاء العلوم:379/4﴾

اللہ کے نام سے جو وہ چاہے' بھلائی نہیں آتی مگر اللہ کے حکم سے' اللہ کے نام سے جو چاہے' برائی نہیں ہٹ سکتی مگر اللہ کے اَمر سے' اللہ کے نام سے جو اللہ چاہے' ساری نعمتیں اللہ کی جانب سے ہیں' اللہ کے نام سے جو وہ چاہے' کوئی طاقت وقوت نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔

خاتمہ بالخیر کا وظیفہ

❶ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ﴿سورۃ یوسف101﴾

اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے تو میرا کام بنانے والا ہے دنیا اور آخرت میں، مجھے مسلمان اٹھا اور ان سے مِلا جو تیرے قرب خاص کے لائق ہیں

❷ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ”یَا اٰخِرُ“ کو ایک ہزار دفعہ روزانہ پڑھنے والے کا اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ خاتمہ بالخیر ہوگا۔ ﴿معارف اسمائے الحسنیٰ، صفحہ125﴾

خسرہ (Measles) کا روحانی علاج

سورۃ الانعام کی آیت 41 کو مع بسم اللہ کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی پلیٹ پر 3 بار اِس آیت کو لکھ زمزم شریف یا تازہ پانی سے دھو کر پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْہِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِکُوْنَ ﴿۴۱﴾

بلکہ اسی کو پکارو گے تو وہ اگر چاہے جس پر اسے پکارتے ہو اسے اٹھالے اور شریکوں کو بھول جاؤ گے۔

خناق (Diftherea) گلے کے ہر مرض کا روحانی علاج

1. درج ذیل دعا کو پڑھ کر پانی پر دَم کریں اور اسی کو لکھ کر گلے میں باندھیں

”اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی یَا مَنْ خَلَقَنِیْ وَسَوَّانِیْ یَا مَنْ رَّزَقَنِیْ وَرَبَّانِیْ یَامَنْ اَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ یَامَنْ تَوَّاسِنِیْ وَاَدْنَانِیْ یَامَنْ عَصَمَنِیْ وَ کَفَانِیْ یَامَنْ حَفِظَنِیْ وَکَلَانِیْ یَامَنْ وَقَّفَنِیْ وَھَدَانِیْ یَامَنْ اَعَزَّنِیْ وَاَغْنَانِیْ یَامَنْ اَمَاتَنِیْ وَاَحْیَانِیْ یَامَنْ اَیَّدَنِیْ وَوَلَّانِیْ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“

2. سورۃ الکوثر 41 مرتبہ اور اوّل وآخر تین، تین بار درود شریف پڑھ کر نمک کر دَم کریں اور اُس نمک کو وقفہ وقفہ س چاٹتے رہیں، گلے کے ہر مرض سے افاقہ ہوگا۔

خون کی کمی (ANAEMIA) کا روحانی علاج

جسم میں خون کی کمی دور کرنے کے لئے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ

”یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْئٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْئٍ“

3 مرتبہ پڑھ کر پانی، چائے، شربت یا دودھ جو بھی مشروب پیئیں اس پر دم کر کے پیئیں جب خون کی کمی دور ہو جائے یہ عمل ترک کر دیں۔

د

دعائے سید الشہداء سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

(قربِ الٰہی اور رضاءِ رب ذوالجلال کے لیے)

"اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْأَعْظَمِ رِضْوَانَكَ الْأَكْبَرَ"

اے اللہ! میں تیرے بڑے نام اور تیری رضائے عظیم کے واسطے سے سوال کرتا ہوں۔

﴿المعجم الکبیر للطبرانی، الرقم 2959، کتاب الدعاء للطبرانی، 1438﴾

دعائے خاتونِ جنت سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

(احوال کی بہتری اور اللہ کی مدد کو حاصل کرنے کے لیے)

❶ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سیدۃ نساء العالمین سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کو وصیت فرمائی کہ صبح وشام کے اوقات یہ دعا پڑھو:

"یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ أَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ إِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ"

﴿مسند البزار، الرقم 6368، الدعاء للطبرانی، الرقم 1046﴾

اے ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والے! زمین وآسمان اور تمام مخلوق کو قائم رکھنے والے! تیری رحمت کی دہائی ہے تو میرے کام درست فرما دے اور مجھے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا۔

❷ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سیدۃُ النساء سیدہ فاطمہ زہرا علیہا السلام سے فرمایا: "اگر تم چاہو تو میں تمہیں وہ پانچ کلمات سکھا دیتا ہوں جو جبرائیل امین علیہ السلام نے مجھے بتائے ہیں:

"یَا أَوَّلَ الْأَوَّلِیْنَ یَا آخِرَ الْآخِرِیْنَ یَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاكِیْنِ وَیَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ"

﴿کنز العمال، الرقم 5022﴾

میرا بھروسہ ہے وہ عرش عظیم کا مالک ہے، بے شک میرا دوست و مددگار، وہ اللہ ہے جس نے کتاب کو نازل کیا اور وہ نیکوکاروں کا کارساز ہے۔

دعائے شہزادۂ رسول سیدنا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

(رزق میں کشادگی اور قرض کی وصولی کے لیے)

’’اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَآءَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰی لَآ اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَكَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَیْهِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْاَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِمَّآ اَعْطَیْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِهٖ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ‘‘

اے اللہ! میرے دل میں اپنی امید ڈال دے اور میری امید کو اپنے علاوہ سے منقطع کر دے۔ حتیٰ کہ تیرے علاوہ میں کسی سے امید نہ لگاؤں۔ اے اللہ! وہ یقین جو تو نے اولین و آخرین کو عطا کیا ہے جس کے حصول سے میری قوت ضعیف ہے اور میرا عمل اس سے (یعنی اس کے حصول سے) کم و ناقص ہے۔ میری رغبت اور میرا سوال اس تک نہیں پہنچا اور نہ میری زبان پر (اس یقین کے کلمات) جاری ہوئے۔ پس مجھے اس یقین کے ساتھ خاص کر دے۔ ﴿تاریخ دمشق لابن العساکر، الرقم، 13/167﴾

دعائے سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ

(مکان، دکان، دفتر اور کارخانے کی حفاظت کے لیے)

ایک شخص سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا' فرمایا: نہیں جلا۔ پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا۔ پھر تیسرے شخص نے یہی خبر دی تو آپ نے فرمایا نہیں جلا۔ پھر ایک اور شخص نے کہا:

اے ابودردا رضی اللہ عنہ آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا: مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے، شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

”اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَا شَاءَ اللهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ أَعْلَمُ أَنَّ اللهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَأَنَّ اللهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ“ ﴿الدعاء، للطبرانی:343﴾

دعائے خیر التابعین سیدنا اویس قرنی رضی اللہ عنہ

(ہر حاجت اور دعا کی قبولیت کے لیے)

خیر التابعین سیدنا اویس قرنی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: جو شخص درج ذیل دعا کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھے اُس کی دعا قبول نہ ہو تو وہ قیامت کے دن میرا گریبان تھام لے، وہ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ”يَا مَنْ لَّا يُطَهِّرُهٗ طَاعَتِيْ وَلَا تَضُرُّهٗ مَعْصِيَتِيْ فَهَبْ لِيْ مَا لَا يُطَهِّرُكَ وَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ“ ﴿وظائفِ اویسیہ، صفحہ 8،7﴾

دعائے وسیلہ برائے جملہ حاجات ومشکلات

سیدنا عثمان بن حُنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک نابینا شخص نے آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

سے درخواست کی، اے اللہ کے نبی ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے عافیت دے (یعنی میری بیماری، اندھا پن دور ہو جائے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تو چاہتا ہے تو میں اس دعا کو مؤخر کر دیتا ہوں، یہ تیری آخرت کے لیے افضل ہوگا اور اگر تو چاہتا ہے تو میں تیرے لیے دعا کر دیتا ہوں۔'' اس نے عرض کیا: آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے میرے لیے دعا ہی کر دیں، پس آپ ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کرو اور دو رکعت (نماز صلوٰۃ الحاجت) ادا کرو، پھر یہ دعا پڑھو:

''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ ﷺ! اِنِّیْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ فَتَقْضِیْ لِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیَّ''

اے اللہ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، تیرے نبی محمد ﷺ نبی رحمت کے وسیلے سے اپنی حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں۔ یا رسول اللہ ﷺ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اِس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں۔ یا رسول اللہ ﷺ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف توجہ کرتا ہوں کہ میری حاجت روا، یا اللہ! اِن کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

سیدنا عثمان بن حنیف فرماتے ہیں: خدا کی قسم! ہم ابھی اُٹھنے بھی نہ پائے تھے، باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ شخص ہمارے پاس آئے، گویا کبھی نابینا تھے ہی نہیں۔''

﴿مسند احمد الرقم 17240، المعجم الکبیر الرقم 8311﴾

دنیا و آخرت کی ذلت سے بچاؤ کی دعا

''اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ''

﴿مسند احمد الرقم 17628، المعجم الکبیر الرقم 1198﴾

اے اللہ! ہمارے تمام معاملات کا انجام اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

درخواست منظور کرانے کے لیے

اگر کسی عہدے کے لیے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہو کہ اُس کی درخواست منظور ہو جائے تو تین روز تک سورۃ الانعام کی آیت 83 کو سات ہزار مرتبہ پڑھے، ان شاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

"نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۸۳﴾"

ہم جسے چاہیں درجوں بلند کریں' بیشک تمہارا رب علم وحکمت والا ہے

دِل کی بیماریوں (Heart diseases) کا روحانی علاج

ہر فرض نماز کے بعد دِل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

"یَااَللّٰہُ یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ"

اور ہتھیلی پر دَم کر کے سینے پر پھیر لیں اول وآخر تین، تین بار درود شریف اس کے بعد شہادت کی انگلی دِل پر رکھ کر سات بار سورۂ ھود کی آیت 112 "فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ" پڑھیں۔اور پھر سات بار "یَا قَوِیُّ" پڑھ کر دل پر ہاتھ پھیرنے سے دِل کے ہر مرض سے شفا مل جائے گی۔

دِل کا دورہ (Heart Attack) سے بچنے کا وظیفہ

❶ "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" 75 بار پڑھ کر دل اور سینے کے مریضوں کے سینے پر دَم کرنا بفضلہٖ تعالیٰ مُفید ہے۔

❷ درج ذیل کلمات کو اوّل و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر تین بار پڑھیں ان شاء اللہ تکلیف سے افاقہ ہوگا۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ دل مارا کن مستقیم بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

❸ سورۃ الحجر کی 97 سے 99 تک آیات تو صبح و شام تین، تین بار پڑھنے سے سینے کی گھٹن اور دِل کی تکلیف سے افاقہ ہوگا۔

”وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ یَضِیْقُ صَدْرُكَ بِمَا یَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ كُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى یَاْتِیَكَ الْیَقِیْنُ ﴿۹۹﴾“

اور بیشک ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتوں سے تم دل تنگ ہوتے ہو،تو اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور سجدہ والوں میں ہو،اور مرتے دم تک اپنے رب کی عبادت میں رہو۔

دل کی گھبراہٹ دور کرنے کا وظیفہ

❶ قبیلہ بنو حرص کی ایک عورت اونٹ پر سوار ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دولت کدے پر حاضر ہوکر سیدہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کرنے لگی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کسی دعا کے ذریعہ میری مدد کریں تاکہ میں (دِل کی گھبراہٹ سے نجات پاکر) سکون و اطمینان حاصل کروں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:”اپنا ہاتھ اپنے دِل (سینہ کے بائیں جانب) پر رکھ کر ہاتھ پھیرتے ہوئے' یہ دعا پڑھو:

”بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ دَاوِنِیْ بِدَوَائِكَ وَاشْفِنِیْ بِشِفَائِكَ وَأَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْذِرْ عَنِّیْ أَذَاكَ“

﴿المعجم الكبير، الرقم 72﴾

اللہ تعالیٰ کے نام (ابتدا)' اے اللہ! میرا معالجہ فرما اپنی دوا کے ساتھ اور شفاء عطا

فرما اپنی شفاء کے ساتھ اور مجھے مستغنی فرما اپنے فضل سے میری حفاظت فرما اپنی آزمائش وابتلاء سے۔

2 اختلاجِ قلب کا مریض اس دعا کو بکثرت ورد کرے اور پانی پر دم کر کے پیتا رہے۔

''اَللّٰھُمَّ اکْشِفْ ھَمِّیْ وَحُزْنِیْ وَفَرِّجْ عَنِّیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ''

دِل کی سختی دور کرنے کا وظیفہ

۱ جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھے اُس کے دِل سے ہر قسم کی سختی اور غفلت دور ہوجائے گی۔

۲ جو شخص ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَامُقَدِّمُ'' کو وظیفہ بنا کر پڑھے گا اس کا نفس فرمانبرداری اور اطاعت الٰہی میں تابع رہے گا۔

۳ ''یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ'' کو کثرت کے ساتھ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت شامل حال ہوتی ہے اور ہر دُعا قبول ہوتی ہے اور خوف سے نجات ملتی ہے اگر مظلوم اِس کا ورد کر کے ظالم کے پاس جائے تو اُس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۴ جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ ''یَااَللّٰہُ یَا سَلَامُ'' پڑھے اُس کے دِل سے ہر قسم کا خوف اور ڈر دُور ہوجاتا ہے۔

دشمنوں سے حفاظت کی دعائیں

۱ ''اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ''

اے اللہ ہم تجھ کو دشمن کے مقابل کرتے ہیں، اور (ہم اس بات کی درخواست کرتے ہیں کہ) تو ہمیں ان کے شر سے محفوظ رکھ۔ ﴿سنن ابی داؤد: الرقم 1537﴾

۲ ''اَللّٰھُمَّ إِلٰهَ جِبْرِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ إِسْرَافِیْلَ وَ إِلٰهَ إِبْرَاھِیْمَ وَ

إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ عَافِنِي وَلَا تُسَلِّطَنَّ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَا طَاقَةَ لِي بِهِ" ﴿مصنف ابن ابی شیبۃ: الرقم 29180﴾

اے اللہ! جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، سیدنا ابراہیم، سیدنا اسماعیل، سیدنا اسحاق علیہم السلام کے پروردگار، مجھے عافیت عطا فرما، اپنی مخلوق میں سے کسی کو مجھ پر مسلط نہ فرما جسے سنبھالنے کی مجھ میں طاقت نہیں۔

۳ "اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ" ﴿صحیح البخاری: الرقم 6347﴾

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سخت ابتلاء سے، بدبختی کے پکڑ لینے سے، بری قضا سے اور دشمنوں کے طعن و تشنیع سے۔

۴ "اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِيْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ" ﴿السنن الکبری: الرقم 3143﴾

اے اللہ! (ہمارے) ان (دشمنوں) کے درمیان اختلاف ڈال دے ان کے قدموں کو ڈگمگا دے اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما کہ جسے تو مجرم قوم سے واپس نہیں لوٹاتا۔

۵ "اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا" ﴿مسند احمد: الرقم 3143﴾

اے اللہ! ہمارے عیب ڈھانپ دے اور ہمارے خوف و خطرات سے ہمیں امن دے۔

۶ "يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَا مَنْ اِحْسَانُهٗ فَوْقَ كُلِّ اِحْسَانٍ يَا مَالِكَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا مَنْ لَا يُعْجِزُهٗ شَيْءٌ وَلَا يَتَعَاظَمُهٗ شَيْءٌ اُنْصُرْنَا عَلٰى اَعْدَائِنَا هٰؤُلَاءِ وَغَيْرِهِمْ وَاَظْهِرْنَا عَلَيْهِمْ فِيْ عَافِيَةٍ وَّسَلَامَةٍ عَامَّةٍ عَاجِلًا" ﴿الاذکار نووی: 1/211﴾

اے ہمیشہ سے احسان کرنے والے! اے وہ ذات کہ جس کا احسان ہر نیکی پر غالب ہے! اے دنیا وآخرت کے مالک! ہمیشہ کے لئے زندہ اور قائم رہنے والے! اے جلال واکرام والے! اے وہ ذات کہ جسے کوئی چیز عاجز نہیں کر سکتی اور نہ کوئی اس سے عظیم ہو سکتی ہے! ہمارے تمام دشمنوں پر ہماری مدد فرما، جلد پہنچنے والی تمام قسم کی عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہمیں ان پر غالب فرما۔

7 ''اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْھِمْ بِمَا شِئْتَ'' ﴿صحیح المسلم: الرقم 3005﴾

اے اللہ! تو مجھے کافی ہو جا، جس طرح تیری مشیئت ہو۔

دشمن پر فتح اور نجات کے روحانی وظائف

1 سورۃ یٰسین شریف کو تنہائی میں ایک جگہ بیٹھ کر 30 بار پڑھنا دشمنوں اور ظالموں سے نجات پانے کا مجرب عمل ہے، اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

2 کوئی شخص کسی ظالم کے پنجے میں گرفتار ہو اور کہیں سے چھٹکارے کی راہ ممکن نہ ہو تو اسمِ باری تعالیٰ ''یَا نَقِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ'' ایک ہزار بار روزانہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ آزادی عطا فرمائے گا۔

3 جب دشمن سے سامنا ہو تو اِن اسماءِ حسنیٰ کو یکسوئی سے پڑھتا رہے، دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ ''یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ'' ﴿مرقع کلیمی، صفحہ 82﴾

4 اگر کسی شخص کو دشمن کا ڈر ہو یا کسی سے تکلیف واذیت پہنچنے کا خوف ہو تو قصیدہ بردہ شریف کے اِس شعر کو کاغذ کے کنارے کنارے لکھ کر عمامہ یا ٹوپی میں اس طرح رکھیں کہ یہ شعر پیشانی کی طرف رہے۔ اِنْ شَآءَاللہُ الْعَزِیْزُ دشمن ذلیل ورسوا ہوگا اور پڑھنے والا اُن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ﴿عصیدۃ الشہدۃ للخرپوتی، صفحہ 30﴾

مَحَّضْتَنِی النُّصْحَ لٰکِنْ لَّسْتُ اَسْمَعُہٗ　اِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِیْ صَمَمِ

اُس نے تو مجھے خلوصِ دل سے نصیحت کی تھی لیکن میں نے اُس کی نصیحت نہ سُنی' بے شک محبت کرنے والا ملامت گروں سے سے بہرہ ہوتا ہے۔

5 بوقت ضرورتِ شدید درج ذیل دعا کو ایک سو گیارہ بار بعد نمازِ عشاء پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف لازمی پڑھنا ہے۔

''سُبْحَانَ اللهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَائِمِ الْكَافِيْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ هُوَ قَوِيٌّ مِّنِّيْ بِرَبٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنْهُ''

﴿کنز المختوم، صفحہ 75﴾

دشمن کی زبان بندی کے لیے

سورۃ طٰہٰ کی آیت 108 کو اکیس دن تک 121 مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر 21، 21 بار درود پاک پڑھیں، مخالف دشمن آپ کے حق میں زبان درازی نہیں کرے گا۔

''وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا''

اور (خدائے) رحمان کے جلال سے سب آوازیں پست ہو جائیں گی پس تم ہلکی سی آہٹ کے سوا کچھ نہ سنو گے۔

﴿سورۃ طٰہٰ آیت، 108﴾

دشمن کو صلح پر آمادہ کرنے کے وظائف

① اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہتا ہو اور فریق ثانی نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ ''یَا غَفَّارُ'' پڑھا کرے' فوراً مقصود حاصل ہوگا اور فریق ثانی خود بخود صلح کے لیے بلائے گا۔

﴿فوائد اسمائے الحسنیٰ، صفحہ 95﴾

② كٓهٰيٰعٓصٓ ① حٰمٓ ① عٓسٓقٓ ② ان حروف مقطعات کو 313 بار لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور فریق مخالف کی پنچائیت میں جائیں، صلح کرنے پر آمادہ ہوگا۔

③ سورۃ الفتح (پارہ 26) کی پہلی آیت کو ہمیشہ کثرت سے تلاوت کرنا، دشمن صلح کے لیے خود بلائے گا۔ ④ سورۃ الفاتحہ کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ 41 مرتبہ 41 روز تک نماز مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھیں، خطرہ ٹل جائے گا اور دشمن صلح پر آمادہ ہوگا۔ ⑤ سورۃ القمر کی آیت 45 کو 613 بار ایک مجلس میں پڑھیں اور پھر اِس کے بعد روزانہ جس قدر چاہیں پڑھ لیں، دشمن صلح اور اتفاق کے لیے آمادہ ہوگا۔

”سَیُهۡزَمُ الۡجَمۡعُ وَ یُوَلُّوۡنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾“

عنقریب یہ جتّھہ شکست کھائے گا اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

دانت پیسنے کی عادت سے نجات کا روحانی عمل

سونے کے دوران دانت پیسنے کی بیماری کئی وجوہات کی بنا پر ہوتی ہے، جب مریض گہری نیند سو جائے تو اس کے قریب سرہانے کی طرف کھڑے ہو کر اتنی آواز سے کہ نیند خراب نہ ہو، چند روز تک کوئی شخص ”کٓهٰیٰعٓصٓ“ پڑھے۔

دمہ اور سانس کی تنگی کا مرض
(Breathlessness، Asthma)

چینی کی پلیٹوں عرق گلاب اور زعفران سے درج ذیل نقش لکھیں اور پانی سے دھو کر دن میں تین مرتبہ مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَافَارِقُ	یَافَارِقُ	یَافَارِقُ
یَافَارِقُ	یَافَارِقُ	یَافَارِقُ
یَافَارِقُ	یَافَارِقُ	یَافَارِقُ

دانتوں کے درد کا روحانی علاج

❶ مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے جو شخص چھینک آتے وقت ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ'' کہنے کا معمول بنا لے اُس کے کانوں اور دانتوں میں درد نہیں ہوگا۔ ﴿مصنف ابن ابی شیبہ، الرقم 29811﴾

❷ دانتوں میں تکلیف ہو تو روزانہ باقاعدگی کے ساتھ اوّل و آخر تین، تین بار درود شریف پڑھ کر سورۃ البقرۃ کے پہلے اور آخری رکوع کی تلاوت کر کے ہاتھوں پر دم کرے اور پھر ہاتھ اپنے جبڑوں پر پھیرے تو اللہ پاک دانتوں کی تکلیف سے نجات عطا فرمائے گا۔

❸ دانتوں میں تکلیف ہو تو سورۃ القریش (پارہ 30) کو 21 مرتبہ نمک پر دم کر کے دیں اور وہ نمک دانتوں پر ملیں ان شاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

❹ دانت یا داڑھ کو جس میں درد ہو چٹکی سے پکڑ کر ''اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا'' 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

دھدر کا روحانی علاج

زخم کے چاروں اطراف بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر گھیر لیں اور درمیان میں سورۃ البقرۃ کی آیت 266 کا ایک حصہ ''فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ'' لکھیں ان شاء اللہ ہر قسم کی دھدر، چنبل اور چھپا کی، جلد کی الرجی کے نشانات سے شفا ملے گی۔

دردِ زہ (labour pain) سے نجات

ا اِس دعا کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈال دیں یا اِس دعا کو مٹی کے پیالے میں

لکھیں اور پانی عورت کی ناف کے نیچے حصے پر چھڑک دیا جائے ان شاء اللہ العزیز آسانی سے ولادت ہوجائے گی:

"یَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ یَا مُخَلِّصَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ یَا مُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْهَا" ﴿المجالسۃ جواہر العلم 5/170﴾

اگر حاملہ خاتون اِس دعا کو اُس وقت خود پڑھے تو اِن کلمات سے پڑھے:

"اَللّٰهُمَّ یَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ یَا مُخَلِّصَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ یَا مُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْنِیْ وَیَسِّرْ لِیْ وِلَادَتِیْ"

۲ اِس دعا کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈال دیں یا اِس دعا کو مٹی کے پیالے میں لکھ کر وہ پانی دردِ زہ میں مبتلا عورت کو پلا دیں ان شاء اللہ آسانی سے ولادت ہوجائے گی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

﴿المجالسۃ الدینوری جلد 5 صفحہ 171 بستان العارفین صفحہ 427﴾

۳ سیدنا امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کسی بھی عورت کے لیے ولادت کی سختی یا تکلیف کے وقت کسی سفید ورق یا کسی پاک چیز پر یہ کلمات لکھ کر دیا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا ۝ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ یُهْلَکُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

﴿زاد المعاد جلد 4 صفحہ 327﴾

۴ اگر کسی عورت کا بچہ نہ ہوتا ہو اور درد (زِہ) نہایت شدید ہو اُس وقت 121 مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ یَاسَلَامُ'' پڑھ کر خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے کھلایا جائے (تین حصہ کر کے تین بار کھلایا جائے) فوراً خدا کے فضل سے مشکل آسان ہوگی مجرب عمل ہے۔

ڈ

ڈاڑھ کے درد کا علاج

❶ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک شخص نے داڑھ کے درد کے متعلق عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن پر اِن کلمات سے دَم کیا:

''اُسْكُنِيْ أَيُّهَا الرِّيْحُ أَسْكَنْتُكَ بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ'' ﴿کنزالعمال، الرقم 28380﴾

اے ہوا تھم جا، میں تجھے روکتا ہوں اُس ذات کا واسطہ دے کر جس کے حکم سے رکا ہوا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے اور وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے۔

❷ سورۃ المؤمنون کی آیت 78 درد والی داڑھ کے اوپر انگلی رکھ کر 7 مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر تین، تین بار درود شریف، درد جلد ختم ہو جائے گا:

''وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۷۸''

اور وہی ہے جو تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل (و دماغ) رفتہ رفتہ وجود میں لایا، (مگر) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔

❸ سورۃ یٰسین کی آیت 58 ''سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ'' کو تین بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کر کے دانتوں پر ملئے، ان شاء اللہ العزیز درد جاتا رہے گا۔

ڈوبنے، جلنے اور گرنے سے بچنے کی دعا

''اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْھَدْمِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرِیْقِ وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ یَتَخَبَّطَنِی الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَمُوْتَ لَدِیْغًا''

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں مکان گرنے سے یعنی کوئی مکان یا دیوار مجھ پر نہ گر پڑے کہ جس کی وجہ سے میں ہلاک ہو جاؤں۔ اور تیری پناہ مانگتا ہوں کسی بلند جگہ سے گر پڑنے سے، ڈوبنے سے، جلنے سے، زیادہ بڑھاپے سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ موت کے وقت شیطان مجھے حواس باختہ کرے (یعنی وسوسے پیدا کر کے میرے دین کو تباہ کر دے) تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تیری راہ میں پشت پھیر کر (یعنی جہاد میں کفار کے مقابلے سے بھاگ کر) مروں اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ لدیغ (یعنی سانپ بچھو اور دوسرے زہریلے جانوروں) کے کاٹنے سے مروں۔

ڈینگی بخار سے نجات کا روحانی علاج

ا ڈینگی سے متاثر شخص روزانہ 29 مرتبہ " یَا مُھَیْمِنُ " پڑھتے رہیں، بہت جلد شفاء ملے گی۔

۲ '' یَاسَلَامُ '' کا ورد اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، باوضو بے وضو کرتے رہئے، انشاءاللہ عزوجل ڈینگی اور ہر طرح کی بیماری و مصیبت سے نجات ملے گی،

ڈاکوؤں، رہزنوں اور لُٹیروں سے حفاظت کے لیے

کوئی شخص سفر پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو تو سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، سورۃ القریش

اور درود پاک تین تین بار پڑھ کر سفر پر روانہ ہو اور دوران سفر اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک "یَا حَفِیْظُ" پڑھتا رہے، ان شاء اللہ سفر بخیر ہوگا۔

ذ

ذیابیطس کے مریض کے لیے روحانی علاج (DIABETES شوگر)

1 سورۃ بنی اسرائیل (پارہ 15) کی آیت 80 کو ڈھائی ماہ تک روزانہ صبح وشام تین، تین بار اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پئیں

"وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا﴿۸۰﴾"

اور یوں عرض کرو کہ اے میرے رب مجھے سچی طرح داخل کر اور سچی طرح باہر لے جا اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے۔

2 سورۃ القدر (پارہ 30) اور سورۃ الکوثر (پارہ 30) دونوں سورتوں کو اکیس، اکیس بار پڑھ کر پانی پر دَم کریں اور مریض کو پلائیں۔ تین ماہ اِس پانی کو پیتے رہیں، ختم ہو جائے پھر پڑھ لیں۔

3 اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک "یَا اَللّٰہُ یَا قُدُّوْسُ" کو 500 بار اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پئیں ان شاء اللہ شوگر سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔

4 جس شخص کو شوگر یا ہائی بلڈ پریشر کی شکایت ہو وہ پہلے گیارہ بار درودِ شفاء پڑھیں اور سورۃ الطارق (پارہ 30) کی آیت 8 کو ایک بار پڑھیں اور سورۃ العادیات (پارہ

30) مکمل ایک بار پڑھیں اور پھر آخر میں گیارہ بار درودِ شفاء پڑھیں۔ یہ عمل صبح تین بار اور تین بار شام کو پڑھیں۔ افادۂ عام کے لیے مکمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحمت والا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْأَبْدَانِ
اے پروردگار! درود وسلام نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو دِلوں کے طبیب اور اُس کی دوا ہیں اور جسموں کی عافیت
وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْأَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ (11 بار)
اور اُس کی شفا ہیں اور آنکھوں کا نور اور اُس کی چمک ہیں اور رحمتیں نازل ہوں اُن کی آل واصحاب کرام پر
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ إِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿٨﴾ (ایک بار)
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحمت والا ہے، بے شک اللہ اس کے واپس کرنے پر قادر ہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحمت والا ہے،
وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ﴿١﴾ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ﴿٢﴾ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ﴿٣﴾
قسم ان کی جو دوڑتے ہیں سینے سے آواز نکلتی ہوئی پھر پتھروں سے آگ نکالتے ہیں سم
فَأَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ﴿٤﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ﴿٥﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ﴿٦﴾
مار کر، پھر صبح ہوتے تاراج کرتے ہیں، پھر اس وقت غبار اڑاتے ہیں، پھر دشمن کے بیچ لشکر میں جاتے ہیں، بیشک آدمی
وَإِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ﴿٧﴾ وَإِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ﴿٨﴾ (ایک بار)
اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے، اور بیشک وہ اس پر خود گواہ ہے، اور بیشک وہ مال کی چاہت میں ضرور کرّا (تیز) ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْأَبْدَانِ
اے پروردگار! درود وسلام نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو دِلوں کے طبیب اور اُس کی دوا ہیں اور جسموں کی عافیت
وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْأَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ (11 بار)
اور اُس کی شفا ہیں اور آنکھوں کا نور اور اُس کی چمک ہیں اور رحمتیں نازل ہوں اُن کی آل واصحاب کرام پر

ر

رعشہ کا روحانی علاج
(Parkinson's disease)

(ایک اعصابی بیماری کا نام جس سے خود بخود ہاتھ پاؤں اور سر کانپنے لگتے ہیں)

کسی صاف کاغذ پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ "اَلرَّحۡمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الۡبَیَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ ۪﴿۵﴾" لکھ کر ایک تعویذ موم جامہ کر کے گلے میں پہنا دیں اور ایک تعویذ میں انھیں آیات کو لکھ کر صبح نہار منہ روزانہ پانی سے دھو کر جب تک افاقہ نہ ہو پیتے رہیں۔

رزق، روزی، کاروبار میں برکت کے وظائف

① بعد نمازِ عشا پانچ ہزار مرتبہ "یَا وَاسِعُ" پڑھنے سے رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے

② اسم مبارک "یَا لَطِیْفُ" بکثرت ورد کرنا بے روزگار کے لیے اسباب اور وسعت کے لیے نہایت مفید ہے اور اِس کے ساتھ باقاعدگی سے نمازِ فجر اور نمازِ عشا کے بعد "یَا لَطِیْفُ" 119 بار پڑھ کر درج ذیل سورۃ الذاریات کی آیت 58 "اِنَّ اللّٰہَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ" کو 119 مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف، اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ الۡعَزِیۡز غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

﴿الاوفاق امام غزالی، صفحہ 38 تا 40﴾

③ "یَا وَهَّابُ" روزانہ بعد نماز عشا 400 بار پڑھنے سے رزق میں برکت حاصل ہوگی، اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف ﴿وظائف اولیا، صفحہ 55﴾

④ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چاشت کے وقت

(تقریباً 10 بجے صبح سے 12 بجے دن کے درمیان) چار رکعت نماز نفل کی نیت سے پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد سجدہ کریں اور سجدہ میں ایک سو مرتبہ "یَاوَهَّابُ" پڑھیں۔

﴿کمالاتِ عزیزی، صفحہ 49﴾

⑤ دکان یا کارخانہ کو کھولنے سے پہلے 700 بار "یَا غَنِیُّ یَامُغْنِیُّ" اور اوّل وآخر 11 بار درود شریف پڑھے اور پھر دکان کو کھولیں۔ اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز گاہک کی کثرت اور کاروبار میں برکت ہوگی۔ ﴿جامع العلوم,189﴾

رسولی (Tumer) کا روحانی علاج

ایک گول بینگن (Eggplant) اور کیکر کا کانٹا لیں ،مریض کو سامنے بٹھا کر کانٹے پر ایک بار سورۃ الفاتحہ اور سورۃ بنی اسرائیل کی 80 سے 82 آیات کو تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور کانٹے کو بینگن میں چبھودیں 41 دن تک مسلسل ہر روز ایک کانٹا چبھوئیں اور دَم کریں, اُس کے بعد بینگن کو ویرانے میں پھینک دیں۔ ان شاء اللہ اِس مرض سے نجات ملے گی۔

"وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا﴿۸۲﴾"

اور آپ (اپنے رب کے حضور یہ) عرض کرتے رہیں: اے میرے رب! مجھے سچائی (خوشنودی) کے ساتھ داخل فرما (جہاں بھی داخل فرمانا ہو) اور مجھے سچائی (وخوشنودی) کے ساتھ باہر لے آ (جہاں سے بھی لانا ہو) اور مجھے اپنی جانب سے مددگار غلبہ وقوت عطا

فرمادے، اور فرمادیجئے: حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا، بیشک باطل نے زائل ونابود ہی ہو جانا ہے، اور ہم قرآن میں وہ چیز نازل فرما رہے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے اور ظالموں کے لئے تو صرف نقصان ہی میں اضافہ کر رہا ہے۔

رنج وغم سے نجات کا وظیفہ

1 جو شخص صبح سویرے سورج نکلنے کے فوری بعد ایک سو بار اللہ تعالیٰ کے اسم پاک ''یَاوَارِثُ'' کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اِسے ہر غم والم سے نجات عطا فرما دیتا ہے۔

جلیل القدر تابعی حضرت سیدنا ثابت البنانی رضی اللہ عنہ اپنی دُعا میں یہ کلمات پڑھا کرتے تھے۔

''یَابَاعِثُ یَاوَارِثُ لَا تَدَعْنِیْ فَرْدًا وَأَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ''

﴿حلیۃ الاولیاء:2/322﴾

2 حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

''سیدنا یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں یہ دعاء پڑھتے تھے اور یہ ایسی دعا ہے کہ جب بھی کوئی مسلمان شخص اسے پڑھ کر دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا''۔

''لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ'' (سورۃ الانبیاء:87)

﴿سنن الترمذی:3505﴾

3 حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''جس نے صبح وشام سات مرتبہ یہ کلمات کہے اللہ تعالیٰ اس کی دنیا وآخرت کی پریشانیوں کے لئے کافی ہو جائے گا۔

﴿عمل الیوم واللیلۃ:67﴾

''حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ''

4 حضرت ایوب علیہ السلام مصیبت کے وقت ان الفاظ میں دعا کرتے تھے:

'' أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ'' (سورۃ الانبیاء:83)

5 سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پریشانی کی حالت میں یہ دعا پڑھتے تھے:

”لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ“

﴿صحیح البخاری:6346﴾

6 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کثرت سے یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

”اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ“ ﴿صحیح البخاری:6363﴾

7 حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”جس شخص کو بھی کوئی مصیبت لاحق ہوئی اور اس نے یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے نعم البدل عطاء فرمائے گا۔“

”إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِنْهَا“

﴿صحیح المسلم:918﴾

8 امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پریشان حال شخص کے لئے یہ دعا ارشاد فرماتے:

”اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ“ ﴿سنن ابی داؤد:5090﴾

رشتے کے لیے غیبی مدد (لڑکیوں کے لیے)

1 قصیدہ بردہ شریف کے یہ دو اشعار جمعہ کی رات بعد نماز عشاء 17 بار پڑھ کر دعا کریں۔ یہ عمل سات جمعہ تک کرنا ہے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ مراد پوری ہوگی۔

مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ وَالْفَرِيْقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمٖ

(ہمارے سردار) محمد ﷺ کون ومکان اور انس وجان کے سردار ہیں اور آپ دونوں فریقین یعنی عرب وعجم کے بھی سردار ہیں۔

یَارَبِّ الْمُصْطَفٰی بَلِّغْ مَقَاصِدَنَا وَاغْفِرْلَنَا مَا مَضٰی یَا وَاسِعَ الْکَرَمِ

اے پروردگار! اپنے پیارے حبیب مصطفیٰ ﷺ کے وسیلۂ معظم سے ہمارے مقاصد پورے فرما اور ہمارے گزشتہ گناہ بخشش دے اے وسیع کرم فرمانے والے

2 اگر کوئی شخص اپنی دختر کی شادی کرنے سے عاجز ہو، تو بروز جمعہ بعد نماز جمعۃ المبارک دو رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت کے ادا کرے، سلام پھیر کر سجدے میں جائے اور 21 بار سورۂ مزمل پڑھے، پہلے ہی ہفتہ میں دختر کا نصیب یاور ہوگا۔

3 اگر کسی کو مناسب رشتہ نہ ملتا ہو تو اُسے چاہیے کہ اسم مبارک ''یَارَحْمٰنُ'' کو تنہائی میں پاکیزہ جگہ بیٹھ کر باوضو 300 بار پڑھیں، یہ عمل 41 یوم تک کرنا ہے، اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ ہر روز وظیفہ ختم ہونے پر اللہ کے حضور نیک رشتہ ملنے کی التجا کرے، اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ بہتر اسباب پیدا ہوں گے۔

رشتہ کے لیے مجرب عمل (لڑکوں کے لیے)

اسلامی مہینے کے پہلے منگل سے یہ عمل شروع کریں، نمازِ عشاء باجماعت ادا کریں، اور فرض کے بعد سنت اور نفل پڑھ کر اپنے جگہ بیٹھ کر سورۃ الاخلاص یعنی ''قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ'' 101 بار پڑھیں، اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ مکمل وظیفہ پڑھ کے بعد پھر وتر ادا کرنے ہیں اور اپنے مقصد کے لیے دعا کرنی ہے، یہ عمل تین منگل کرنا ہے، اُسی مہینے مراد پوری ہوجائے گی۔

ز

زیارتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وظائف

① جس نے طلوع وغروبِ آفتاب کے وقت سورۃ القدر کو اِکیس مرتبہ پڑھا، تو اُسے خواب میں دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہوگا۔

② رات کو سوتے وقت سورۂ کوثر کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے خواب میں زیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہوگی۔

③ جو دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آرزومند ہے، اُسے چاہیے کہ اس سورۂ مزمل کو 41 مرتبہ پڑھے، یقیناً اس کا مقدر جاگے گا، اور اُسے زیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف حاصل ہوگا۔

④ جو شخص جمعہ کی رات کو ایک ہزار بار سورۂ قریش پڑھ کر باوضو سو جائے، اسے خواب میں دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہوگا۔ ﴿الوسائل الشافعة، صفحہ 318 تا 324﴾

⑤ جمعہ کی رات کو دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 25 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر ایک ہزار بار یہ درود پاک پڑھے: ''صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ'' دوسرا جمعہ آنے سے پہلے ہی اس کو خواب میں رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے حصہ نصیب ہوجائے گا۔

⑥ شبِ جمعہ میں دو سلاموں کے ساتھ چار رکعتیں اَدا کریں اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَالضُّحٰی، اَلَمْ نَشْرَحْ، اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ، اور اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھ کر سلام پھیر لے پھر 70 مرتبہ درود پاک اور 70 مرتبہ اِستغفار پڑھے اور سو جائے تو اُسے زیارت کا شرف نصیب ہوگا۔

⑦ حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے: جو شخص زیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

طلب گار اور روزِ قیامت وعرصۂ محشر کی شرمندگی سے بچنے کا خواستگار ہے، اسے چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ سورۂ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، سورۂ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ، اور سورۂ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کی تلاوت کرے۔

⑧ جو شخص دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا طالب ہو اُسے چاہیے کہ دو رکعت نمازِ نفل ادا کرنے کے بعد 100 مرتبہ یوں پڑھے:

”یَا نُوْرَ النُّوْرِ یَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ بَلِّغْ عَنِّیْ رُوْحَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَرْوَاحَ آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَحِیَّةً وَّسَلَامًا“ ﴿کیفیة الوصول، صفحہ 106 تا 108﴾

⑨ جس شخص نے ہمیشہ دن، رات میں پانچ سو مرتبہ درج ذیل صلوٰۃ وسلام کو پڑھا، وہ مرنے سے قبل حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالم بیداری میں زیارت سے مشرف ہوگا۔

”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ“

﴿سعادة الدارین، صفحہ 488﴾

زخم جلد مندمل کرنے وظیفہ

سورۃ الطارق تین دن تک روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر زخموں پر دم کرنے سے زخم بہت جلد مندمل ہو جاتے ہیں۔

زوجین (میاں، بیوی) کی باہمی محبت کے وظائف

① سورۃ طٰہٰ کی آیت 39 کو نمازِ مغرب کے بعد 21 مرتبہ پڑھیں اوّل وآخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، چالیس دن تک یہ عمل متواتر کریں۔

”وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ“

اور میں نے تجھ پر اپنی جناب سے (خاص) محبت کا پرتَو ڈال دیا ہے' اور (یہ اس لئے کیا) تاکہ تمہاری پرورش میری آنکھوں کے سامنے کی جائے۔

② اسم مبارک ''یَاوَدُوْدُ'' کی ایک تسبیح ایک سانس میں پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور وہ مٹھائی دونوں میاں اور بیوی کھالیں، بے پناہ محبت پیدا ہوگی۔

③ سورۃ صاد کی آیت 32 کو 313 مرتبہ پورے سات دن وقت مقرر پر پڑھیں، اوّل وآخر درود پاک گیارہ، گیارہ بار پڑھیں۔ زوجین میں بے حد محبت ہوگی۔

''اِنِّیْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِکْرِ رَبِّیْ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ''

تو انہوں نے (اِنابۃً) کہا: میں مال (یعنی گھوڑوں) کی محبت کو اپنے رب کے ذکر سے بھی (زیادہ) پسند کر بیٹھا ہوں یہاں تک کہ (سورج رات کے) پردے میں چھپ گیا۔

④ اگر میاں اور بیوی میں اختلاف ہو تو سورۃ الروم کی آیت 21 کو 100 بار میٹھی چیز پر دَم کر کے زوجین کو کھلائیں، باہم محبت پیدا ہوگی۔

''وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾''

اور یہ (بھی) اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کئے تاکہ تم ان کی طرف سکون پاؤ اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی، بیشک اس (نظامِ تخلیق) میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور وفکر کرتے ہیں۔

⑤ جس عورت کا خاوند بداخلاق اور بدمزاج ہو تو وہ عورت 300 دفعہ اللہ تعالیٰ

کے اسم مبارک ''یَابَاسِطُ'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کر کے کھلائے تین روز تک اس عمل کو کرے بدمزاج خاوند عورت کے سامنے کبھی بداخلاقی نہ کرے گا۔

⑥ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ ''یَاوَدُوْدُ یَالَطِیْفُ'' کو 700 بار پڑھ کر کسی بھی چیز پر دم کر کے کھلانے سے بیوی مطیع وفرماں بردار ہوگی۔

سخت مصیبت میں پڑھنے کی دعا

حضرت عبیداللہ بن منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو ایک دفعہ سخت مصیبت نے دوچار کر دیا تو اُس نے ایک رات بہت دعائیں کیں، تو غیبی آواز سنائی دی کہ اے فلاں! یہ کہو

''اَللّٰھُمَّ یَاسَامِعَ کُلِّ صَوْتٍ وَ یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَیَا مَنْ لَّا تَغْشَاہُ الظُّلُمَاتُ وَیَامَنْ لَّا یَشْغَلُہٗ شَیْئٌ عَنْ شَیْئٍ''

اِس کے بعد مقصد کا تصور کرو اور پورا ہونے کی دعا کرو۔ چناں چہ اُس نے اِس دعا کے ساتھ اپنے مقصد کے لیے دعا مانگی تو اللہ نے اُس کی مصیبت دور فرما دی، بلکہ اس رات کو اُس نے جتنے مقاصد کے لیے دعا کی، اللہ نے سب کو پورا کیا۔ ﴿الفرج بعد الشدۃ:272﴾

سینے کے درد (Chest pain) کا روحانی علاج

اگر کسی کو سینہ کے کسی حصے میں درد ہو تو درد کی جگہ سات مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ'' خالی انگلی سے بغیر سیاہی کے لکھے اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

سماعت کی سلامتی کا وظیفہ

ہر فرض نماز کے بعد 11 دفعہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَااَللّٰہُ یَاسَمِیْعُ'' کا پڑھنا ساری عمر بہرے ہونے سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔

سکون کی نیند سونے کا وظیفہ

جس شخص کو نیند نہ آتی ہو اسے چاہیے کہ سونے سے پہلے 100 مرتبہ درج ذیل کلمات کو پڑھ لے تو ان شاء اللہ اسے سکون کی نیند آئے گی۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ

ش

شہادت کا رتبہ حاصل کرنے کا وظیفہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ ''أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ'' پڑھ کر سورۃ الحشر کی آخری تین آیات پڑھے' تو اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے' وہ شام تک اُس کے لیے دعا و استغفار کرتے ہیں، اگر اُس دن موت آجائے تو شہادت کا درجہ پائے گا اور جو شام کو پڑھے اُس کو بھی یہی مرتبہ حاصل ہوگا۔ ﴿سنن الترمذی، الرقم 2922﴾

شیطان کے شر سے حفاظت کی دعا

① رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص اِن کلمات کو رات اور دن کے پہلے حصے میں پڑھ لے گا وہ شیطان کی ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے گا:

”بِسْمِ اللہِ ذِی الشَّأْنِ عَظِیْمِ الْبُرْھَانِ شَدِیْدِ السُّلْطَانِ مَاشَاءَ اللہُ کَانَ أَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطَانِ“ ﴿تاریخ مدینہ دمشق، ابن عساکر:8108﴾

② صبح وشام اِس دعا کو پڑھنے والا شیطانی شرور اور حملوں سے محفوظ رہے گا۔

”آمَنْتُ بِاللہِ الْعَظِیْمِ وَاعْتَصَمْتُ بِہٖ وَکَفَرْتُ بِالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی الَّتِی لَا انْفِصَامَ لَھَا وَأَنَّ اللہَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ“ ﴿تاریخ مدینہ دمشق، ابن عساکر:8109﴾

شیطانی شرارتوں سے محفوظ رہنے کے وظائف

① اپنے بچوں اور گھر کی سلامتی اور صحت وعافیت کے لیے سات سلام روزانہ پڑھ کر گھر میں اور بچوں پر پھونکنا عجیب تاثیر رکھتا ہے:

۱ ”سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ“ ﴿سورۃ یٰسین آیت 58﴾

۲ ”سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ“ ﴿سورۃ الصافات آیت 79﴾

۳ ”سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ“ ﴿سورۃ الصافات آیت 109﴾

۴ ”سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ“ ﴿سورۃ الصافات آیت 120﴾

۵ ”سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ“ ﴿سورۃ الصافات آیت 130﴾

۶ ”وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۸۲﴾“ ﴿سورۃ الصافات آیت 181، 182﴾

۷ ”سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ“ ﴿سورۃ الزمر آیت 73﴾

② سورۃ آل عمران کی آیت 173 ”حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ“ روزانہ بعد نماز عشاء 19 بار پڑھیں، اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف لازم ہے۔

③ ''بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ'' صبح وشام گیارہ گیارہ بار پڑھنے سے ہر قسم کی چیز کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ ﴿وظائف غوثیہ، صفحہ15﴾

④ ''اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَآ اَهَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِیَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ'' ﴿الوظیفۃ الکریمہ، صفحہ15﴾

اے پروردگار! تو جیسے اور جہاں سے چاہے میرے ہر معاملے میں مجھے کفایت فرما، میرے دین کے لیے اللہ تعالیٰ مجھے کافی ہے، میری دنیا کے لیے اللہ مجھے کافی ہے، میرے ہر پریشان کن معاملے میں اللہ تعالیٰ مجھے کافی ہے، مجھ پر سرکشی کرنے والے کے لیے اللہ جل شانہ مجھے کافی ہے، مجھ سے حسد کرنے والے کے لیے اللہ مجھے کافی ہے، جو مجھے نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے اس کے لیے اللہ مجھے کافی ہے، نزع کی تکالیف کے لیے اللہ مجھے کافی ہے' قبر میں سوالات کے وقت اللہ مجھے کافی ہے، میزانِ عمل کے وقت اللہ مجھے کافی ہے، پل صراط سے گزرتے وقت اللہ مجھے کافی ہے، مجھے اللہ کافی ہے جس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

شیطانی فتنوں سے نجات کے لیے روحانی وظائف

❶ جو اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَا مُؤْمِنُ'' ایک ہزار دفعہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے، شیطان کے فتنہ سے محفوظ رہے، کوئی دشمن اس پر قابو نہ پائے گا۔

2 درج ذیل کلمات روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ایک سو بار پڑھنے سے ظاہری اسباب کے بغیر بھی انسان ہمیشہ خوش رہے گا۔ اور اچھی زندگی بسر کرے گا۔

"لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" ﴿صحیح البخاری، الرقم 3771﴾

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اُسی کے لئے ساری بادشاہی اور تمام تعریفیں ہیں۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

شادی میں روکاٹیں ختم کرنے کے وظائف

١ سورۃ آل عمران آیت 1، 2، 3 مسلسل 21 روز تک ایک وقت مقرر کر کے (جگہ کا ایک ہونا شرط نہیں) 313 بار پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ، گیارہ بار

"الٓمّٓ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ؕ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾"

الف لام میم (حقیقی معنی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں) اللہ، اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں (وہ) ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے (سارے عالم کو اپنی تدبیر سے) قائم رکھنے والا ہے، (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!) اسی نے (یہ) کتاب آپ پر حق کے ساتھ نازل فرمائی ہے (یہ) ان (سب کتابوں) کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے اُتری ہیں اور اسی نے تورات اور انجیل نازل فرمائی ہے۔

٢ سورۃ الفاتحہ اور سورۃ القدر کو سو، سو بار روزانہ پڑھنے سے شادی کی رکاوٹ ختم ہو جائے گی، اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف

شراب نوشی، جوا یا بری عادتیں چھڑانے کے لیے

جو کوئی شراب، جوا بازی یا کسی قسم کی خراب عادت رہتی ہے یا کسی دوسرے شخص کی بُری عادت چھڑانا مقصود ہو تو اِن اسمائے کریمہ کو کاغذ پر لکھ دیں 21 دن 21 تعویذ بنا کر پانی میں حل کر کے پلائیں، ان شاء اللہ ہر بری عادت سے نجات ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاعَلِيْمُ يَاكَرِيْمُ يَاحَبِيْبُ يَارَقِيْبُ
يَاوَاسِعُ يَاحَفِيْظُ يَارَشِيْدُ يَارَفِيْقُ

ص

صدقہ سے مصیبتوں کا دفعیہ

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

”إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ مِيتَةَ السُّوْءِ“

بے شک صدقہ پروردگار کے غصہ کو بجھاتا ہے اور بُری موت سے بچاتا ہے۔

صلوٰۃ الحاجت

جمعہ کی رات کو غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنے اور سحر کے وقت دو نفل پڑھے۔ دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد 10، 10 بار سورہ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد سر سجدہ میں رکھ کر 10 بار درود شریف

”سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ“ اور ”رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ“ دس دس بار پڑھیں۔

یہ عمل کرنے کے بعد اب جتنی حاجات و مقاصد ہوں اللہ تعالیٰ سے سوال کرے۔

صبر کے لیے وظیفہ

اگر کسی عورت کا بچہ مر گیا ہو اور ماں بچہ کے فراق میں سخت بے چین ہو تو 121 مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَاصَبُوْرُ'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلانا بے چین عورت کے دل کو صبر دے گا۔ سات دن متواتر ایسا کرنا ان شاء اللہ بچہ کے غم کو بھلا دے گا۔

صفراوی بخار کا روحانی علاج

1 سورۃ القدر کو 21 مرتبہ اول و آخر تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مسلسل پلائیں، بخار سے شفا ملے گی۔

2 سورۃ الاعراف کی آیت 54 کو صاف کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾

بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش پر استواء فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے رات دن کو ایک دوسرے سے ڈھانکتا ہے کہ جلد اس کے پیچھے لگا آتا ہے اور سورج اور چاند اور تاروں کو بنایا سب اس کے حکم کے دبے ہوئے، سن لو اسی کے ہاتھ ہے پیدا کرنا اور حکم دینا، بڑی برکت والا ہے اللہ رب سارے جہان کا۔

ض

ضعف العمری، بڑھاپے اور کاہلی سے پناہ کی دعا

''اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُبِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ''

﴿صحیح البخاری، الرقم 2822﴾

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے‘ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ ناکارہ عمر میں پہنچا دیا جاؤں‘ میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔

ضائع شدہ مال وصول کرنے کے لیے

1 سورۃ یوسف کی آیت 56 کو روزانہ 21 بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ پڑھنے سے نہ ملنے والی رقم واپس مل جائے گی۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف

''وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾''

اور اس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو ملک (مصر) میں اقتدار بخشا (تاکہ) اس میں جہاں چاہیں رہیں۔ ہم جسے چاہتے ہیں اپنی رحمت سے سرفراز فرماتے ہیں اور نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

2 اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَا حَسِیْبُ'' کو بکثرت پڑھنے سے ڈوبا ہوا مال واپس مل جائے گا۔

ط

طحال، تلی کے امراض کا روحانی علاج

تلی کے بڑھنے اور سکڑنے کے مرض میں درج ذیل کلمات کو لکھ کر تلی پر باندھ دیں

''اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ یَا طِحَالُ اِرْجِعْ اِلٰی مَكَانِكَ بِحَقِّ سَیِّدِنَا اَبِیْ بَكْرِنِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ''

طاعون اور وبائی امراض سے حفاظت کا عمل

1 سورۃ الانعام کی آیت 17 کو لکھ گھر کے داخلی دروازے یا مکان کے اندر والی دیوار پر لگانا نہایت مفید ہوگا۔

''وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۷﴾''

اور اگر تجھے اللہ کوئی برائی پہنچائے تو اس کے سوا اس کا کوئی دور کرنے والا نہیں، اور اگر تجھے بھلائی پہنچائے تو وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

2 اِن اسمائے الٰہیہ کو صبح وشام گیارہ، گیارہ بار پڑھیں ان شاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

یَا مَالِكُ، یَا قُدُّوْسُ، یَا سَلَامُ

3 ''اَللّٰهُمَّ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبِّ النَّاسِ وَاشْفِ فَأَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا''

اے لوگوں کے رب تکلیف دور کر دے اور شفا یابی سے نواز شفا دینے والا تو ہی ہے تیری شفاء کے علاوہ اور کوئی شفا نہیں ایسی شفا نصیب کر جو کوئی بیماری نہ چھوڑے۔

ظ

ظالموں اور شریروں سے نجات کے وظائف

❶ ظالم اور شریروں کے شر سے حفاظت کے لیے حضرت مخدوم جلال الدین جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات میں ہے کہ 75 بار ''یَامُذِلُّ'' پڑھے اوّل وآخر 11 بار درود شریف پھر سجدہ میں سر رکھ کر اُس ظالم یا شریر کا نام لے کر اُس کے شر سے اَمان کے لیے اللہ تعالیٰ سے التجا کرے اور پھر سر اُٹھا کر اس طرح دعا کرے

''اِلٰھِیْ تَوَسَّلْتُ بِدُعَآءِ ذِی النُّوْنِ علیہ السلام وَقُلْتُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْ تَکْفِیَنِیْ عَنْ شَرِّ الظَّالِمِیْنَ وَ شَرِّ الْحَاسِدِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ'' ﴿معمولات جلالیہ: صفحہ464﴾

❷ نماز مغرب کے بعد 41 بار سورۃ القریش ''لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ'' ہر بار سورۃ کے آغاز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔

❸ حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 1140 ہجری لکھتے ہیں: ''کتاب اللہ میں چار آیتیں ایسی ہیں کہ جب دشمن کے مقابلہ میں پڑھی جائیں تو دشمن مغلوب ومقہور ہوجاتا ہے اِن آیات کی خاصیت یہ ہے کہ ہر آیت میں دس قاف ہیں۔ اِن آیات کو روزانہ تلاوت کرنے والا دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ﴿مرقع کلیمی 91، 92﴾

❶ سورۃ البقرۃ آیت 246، اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ... مکمل آیت

❷ سورۃ آل عمران آیت 181، لَقَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا... مکمل آیت

❸ سورۃ النساء آیت 77، اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَھُمْ کُفُّوْٓا... مکمل آیت

❹ سورۃ المائدہ آیت 27، وَاتْلُ عَلَیْھِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ... مکمل آیت

ع

عہدے پر بحالی اور ترقی کے وظائف

❶ جو شخص اپنے عہدے سے ناجائز طور پر معذول کردیا گیا وہ سات دن مسلسل روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ ''یَا کَبِیْرُ'' اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک کے ساتھ پڑھے تو انشاء اللہ اُسے عہدے پر بحال کردیا جائے گا۔

❷ اگر کسی کو عہدے سے معزول کردیا جائے اور وہ اس عہدے پر دوبارہ بحالی کا خواہاں ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ الطارق کی آیت 8 ''اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ'' کو 41 دن بلاناغہ 101 بار پڑھے۔ شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ ہو، اللہ تبارک وتعالیٰ عہدے پر بحالی عطا فرمائے گا۔

❸ جس شخص کی نوکری چھوٹ گئی ہو اور وہ یہ چاہتا ہو کہ دوبارہ اپنی جاب پہ بحال ہوجائے، تو اُسے چاہیے کہ مسلسل تین روزے رکھے، صبح کی نماز کے بعد دس ہزار دفعہ ''یَا اَللّٰہُ یَا رَزَّاقُ'' پڑھے اور اوّل و آخر سات دفعہ یہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی مہینہ میں اسی جگہ یا اس جگہ سے بہتر نوکری ملے گی۔

علم میں اضافہ کے وظائف

❶ اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ، وَأَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

اے اللہ! مجھے اُس علم سے جو تو نے مجھے سکھایا نفع حاصل کرنے کی توفیق دے اور مجھے وہ علم سیکھنے کی توفیق دے جو مجھے نفع دے، اللہ کی تعریف ہر حال میں اور میں پناہ

مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی آگ کے عذاب سے۔ ﴿مصنف ابن ابی شیبہ، الرقم 29339﴾

2 اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم، پاک رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں

3 اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا یُسْتَجَابُ لَھَا ﴿صحیح مسلم، الرقم 2722﴾

اے اللہ ! میں پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور اُس دِل سے جو نہ ڈرے اور اُس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اُس دعا سے جو قبول نہ ہو۔

4 اَللّٰھُمَّ أَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَأَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ﴿ترمذی، 3483﴾

اے اللہ! میرے دِل میں نورِ ہدایت ڈال دے اور مجھے نفس کے شر سے بچا۔

عورت کے رحم میں پانی کا روحانی علاج (Uterine Edema)

1 سورۃ الزخرف کی آیت 79 ’’اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ‘‘ کو روزانہ 100 بار پڑھیں اور سورۂ ہود کی آیت 44 ’’وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ‘‘ کو صاف کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنائیں اور مریضہ کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ العزیز بہت جلد شفا پائے گی۔

2 اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارک ’’یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَابَارِئُ یَامُصَوِّرَ الْاَرْحَامِ ‘‘ کو 313 بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے دیں اور مسلسل پیتے رہیں۔

غ

غیب سے رزق کے اسباب

ایک آدمی نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے فقر و فاقہ کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

''إِذَا دَخَلْتَ الْبَيْتَ فَسَلِّمْ إِنْ كَانَ فِيهِ أَحَدٌ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ أَحَدٌ فَسَلِّمْ عَلَيَّ وَاقْرَأْ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ) مَرَّةً وَاحِدَةً''

''جب تم گھر میں داخل ہو اور گھر میں کوئی ہو تو سلام کرو، اور اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو بھی سلام کرو اور ایک مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھو''، پس اس آدمی نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے رزق میں زیادتی پیدا کر دی یہاں تک کہ ان کے پڑوسی تک کو شامل کر دیا۔

﴿تفسیر الثعلبی، تحت سورۃ الاخلاص، 10/330﴾

غیبی مدد کا حصول

سورۃ النصر (إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ①) کو ہر نماز کے بعد 21 پڑھنے والے پر غیبی طریقے سے اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت شامل حال ہوگی

غلّے کو محفوظ رکھنے کا عمل

1. سُوْرَۃُ التِّیْن 41 بار اور 24 بار کلمہ طیبہ پڑھ کر ایک مٹھی گندم یا اناج پر دم کر کے اسٹاک میں ملانے سے غلہ محفوظ رہتا ہے۔
2. درج ذیل اسماء کو لکھ کر گندم میں رکھنے سے گھن نہ لگے اور غلہ خراب سے محفوظ رہے گا۔

﴿شمع شبستان رضا 424﴾

عبداللہ، عروہ، قاسم، سعید، ابوبکر، سلیمن، خواجہ

ف

فوت شدہ کو خواب میں دیکھنے کے وظائف

❶ سورۃ التکاثر (30 پارہ) کو شبِ جمعہ 113 مرتبہ پڑھنے سے مردے کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔ ﴿منحۃ السراء فی شرح الدعاء، الصفحہ58﴾

❷ سونے سے پہلے تازہ وضو اور پاک لباس پہن کر خوشبو یا عطر لگائیں اور سورۃ الشّمس، سورۃ القدر، سورۃ اللیل اور سورۃ التین ایک ایک بار پڑھ کر یہ دعا پڑھیں:

”اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَ کَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ“

❸ سیدنا امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اپنے خواب میں کسی فوت شدہ کو دیکھنے کا ارادہ کرے تو چاہیے کہ وہ شخص عشاء کے فرض و وتر پڑھ کر چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ التکاثر ایک بار پڑھے اور اپنی خواب گاہ میں لیٹ کر یہ کلمات 21 مرتبہ پڑھے: ”اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فلانا عَلٰی حَالَۃِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا“ فلاں کی جگہ (جس لفظ کے نیچے لگی ہوئی ہے) اُس فوت شدہ کا نام لے اور ان کلمات کو 21 بار پڑھے، ان شاء اللہ اُسی شب خواب میں دیکھے گا۔

❹ سورۃ التکویر (اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱) کو 21 بار مرتبہ پڑھ کر تصور کر کے سو جائیں، تین راتوں میں مراد پوری ہوگی۔

فالج اور لقوہ (Paralysis) کا روحانی علاج

❶ اشراق کی نماز کے بعد سورۃ الشّمس 21 بار پڑھ کر لقوہ فالج اور رعشہ کے مریض پر دم کرنے سے بفضلہٖ تعالیٰ شفاء نصیب ہوگی۔

2 اسم مبارک ''یَااَللّٰہُ'' 100 بار سوتے وقت پڑھنے سے ان شاء اللہ فالج اور لقوہ سے شفاء ہوگی۔

3 ''لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' 11 بار نئی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پینے سے ان شاء اللہ لقوہ اور فالج کے مرض سے نجات ملے گی۔

4 سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحٰنَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ نمازِ فجر کے بعد تین بار ان الفاظ کو پڑھنے والا غم، کوڑھ، برص اور فالج سے محفوظ رہے گا۔ ﴿احیاء العلوم جلد اوّل صفحہ 460﴾

ق

قرض کی ادائیگی کے وظائف

① نمازِ جمعہ کے بعد 100 مرتبہ اِس عمل کو پڑھنے سے بغیر کسی کی محتاجی کے غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا فرمائے گا۔

''اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ'' ﴿مرقع کلیمی، صفحہ 77﴾

② ہر فرض نماز کے بعد سورۃ آل عمران کی آیات 66، 67 پانچ مرتبہ پڑھنے والے کا قرض آسانی سے ادا ہو جائے گا۔ ﴿مرقع کلیمی، صفحہ 77﴾

''قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِكَ الْخَیْرُ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾"

(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یوں) عرض کیجئے: اے اللہ، سلطنت کے مالک! تُو جسے چاہے سلطنت عطا فرما دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور تو جسے چاہے عزت عطا فرما دے اور جسے چاہے ذلّت دے، ساری بھلائی تیرے ہی دستِ قدرت میں ہے، بیشک تُو ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے، تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور تو ہی زندہ کو مُردہ سے نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے (اپنی نوازشات سے) بہرہ اندوز کرتا ہے۔

③ "اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ"

اے اللہ! جن اشیاء کو تو نے حرام کیا ان سے بچاتے ہوئے اپنی حلال کردہ اشیاء کو میرے لیے کافی کر دے اور اپنے فضل سے مجھے اپنے سوا ہر کسی سے بے نیاز کر دے۔

﴿سنن الترمذی، الرقم 3563﴾

④ روزانہ بعد نمازِ عشا 1313 بار "یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ" پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ ﴿شرح اسمائے الحسنیٰ، صفحہ 63﴾

⑤ اکتالیس دن تک بلا ناغہ بعد نمازِ عشا 100 مرتبہ سورۃ النصر "اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ" پڑھیں، اوّل و آخر تین، تین بار درود شریف ﴿قرآنی اعمال، صفحہ 85﴾

⑥ سیدنا انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا میں تمھیں ایسی دعا نہ سکھاؤں کہ اگر تم پر اُحد پہاڑ کے بقدر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ تم سے ادا کر دے گا۔ اے معاذ! یوں کہو

''قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِكَ الْخَیْرُ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ وَرَحِیْمَھُمَا تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَاءُ وَ تَمْنَعُ مِنْھُمَا مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِی رَحْمَةً تُغْنِیْنِی بِھَا عَنْ رَّحْمَةٍ مِّنْ سِوَاكَ''

﴿صحیح الترغیب والترھیب، الرقم 1821﴾

قاتل معلوم کرنے اور پکڑوانے کے وظائف

① ''یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِی، یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِی'' گیارہ سو مرتبہ 21 دن تک مسلسل پڑھیں، تو اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز قاتل کا پتہ چل جائے گا۔ ﴿الکنزالمختوم، صفحہ 148﴾

② ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ'' ایک سو مرتبہ 41 دن تک مسلسل اول و آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ پڑھیں۔

③ جمعۃ المبارک کے دن بعد نماز عصر گھر کے تمام افراد ایک جگہ جمع ہو کر اِن اسمائے مبارکہ ''یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ'' کو بکثرت پڑھیں اور مغرب کی اذان کے وقت خلوص سے یکسو ہو کر دعا کریں، ایک، دو جمعہ تک اِس مشکل سے جلد نجات ملے گی۔

قید اور ناحق جیل سے رہائی کے وظائف

ا سورۃ التوبۃ کی آیت 128,129 کو صبح و شام سو، سو بار پڑھنے سے قید سے بحفاظت رہائی حاصل ہوگی۔

''لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾''

بیشک تمہارے پاس تم میں سے (ایک باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لائے۔ تمہارا تکلیف و مشقت میں پڑنا ان پر سخت گراں (گزرتا) ہے۔ (اے لوگو!) وہ تمہارے لئے (بھلائی اور ہدایت کے) بڑے طالب و آرزومند رہتے ہیں (اور) مومنوں کے لئے نہایت (ہی) شفیق بے حد رحم فرمانے والے ہیں، اگر (ان بے پناہ کرم نوازیوں کے باوجود) پھر (بھی) وہ روگردانی کریں تو فرما دیجئے: مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں اسی پر بھروسہ کئے ہوئے ہوں اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

۲ قیدی کو چاہیے نصف شب کو تازہ وضو کرے اور دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت کی نیت سے ادا کرے اور پھر یہ دعا پڑھے:

”یَاسَابِقَ الْفَوْتِ وَیَاسَامِعَ الصَّوْتِ وَ یَاکَاسِیَ الْعِظَامِ بَعْدَ الْمَوْتِ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا اِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَتَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ“

۳ اسم مبارک ”یَافَتَّاحُ یَااَللّٰہُ“ کو بکثرت ورد کرنا قید سے رہائی کے نہایت مجرب ہے۔ ﴿کتاب الاوفاق امام غزالی:29﴾

قاضی کے مہربان ہونے کا وظیفہ

۱ سورۃ الفاتحہ شریف کو کامل وضو کے ساتھ 21 مرتبہ پڑھ کر سُرمہ پر دم کرے اور سُرمہ آنکھوں میں لگا کر عدالت میں جائے، اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ جج مہربان ہوجائے گا۔

۲ سورۃ الفیل 21 مرتبہ پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کرے اور دونوں ہاتھوں، چہرہ، دونوں بازوں پر پھیرے اور عدالت میں جج کے سامنے جائے، مہربان ہوجائے گا۔

قوتِ حافظہ، کند ذہنی اور نسیان ختم کرنے کا روحانی علاج

١ جو شخص اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَا اَللّٰہُ'' کو صبح نہار منہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ'' لکھ کر کند ذہن بچہ کو کھلائے سات دن یا 11 دن یا 21 دن جیسی ضرورت دیکھے عمل کرے۔ بفضلہٖ تعالیٰ کند ذہن بچے کا ذہن کھل جائے گا۔

٢ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول یہ عمل ہے: ''بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے آیت الکرسی لکھ کر چاٹنا' 7 دن تک روزانہ ایک بار یہ عمل قوتِ حافظہ اور نسیان وبھولنے کی بیماری کے لیے نافع ومفید ہے۔ ﴿تفسیر ابن کثیر جلد اوّل صفحہ 208﴾

٣ جمعہ کے روز عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی رکاب پر سورۃ آل عمران 6 سے 8 تک کی آیات لکھیں اور آبِ زم زم سے دھو کر سورج طلوع ہونے سے پہلے پیئے، ان شاء اللہ العزیز قوت حافظہ وذہن میں تیزی حاصل ہوگی۔

٤ اسم مبارک ''اَلْعَلِیْمُ'' کی کثرت اور مداومت سے حقائق ومعارف منکشف ہوتے ہیں اور حافظہ قوی ہوتا ہے۔ ﴿الاوفاق، امام غزالی صفحہ 28﴾

٥ سورہ الم نشرح (پارہ 30) چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر 39 دن تک پلانا، نسیان اور بھولنے کے بیماری کے لیے بے حد مجرب ہے۔

قوتِ حافظہ میں اضافہ کے لیے باکمال نفل نماز

سیّدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر تھے کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم حاضر بارگاہ ہوئے اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے یوں عرض کی:

''میرے ماں باپ آپ پر قربان، قرآن شریف میرے سینے میں محفوظ نہیں رہتا

اور کوشش کے باوجود میں اسے یاد نہیں رکھ پاتا۔'' یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
''اے ابوالحسن! کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں جن سے نہ صرف تمہیں فائدہ ہو بلکہ جسے تم یہ کلمات سکھا دو، وہ بھی اس سے فائدہ حاصل کرے اور جو تم یاد کرو وہ تمہارے سینے میں محفوظ ہو جائے؟''۔

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللہُ وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے عرض کی: کیوں نہیں یارسول اللہ! ضرور سکھایئے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جب جمعہ کی رات آئے تو اگر ہو سکے تو تم رات کے تیسرے (یعنی آخری) پہر میں اٹھو کہ بیشک اس وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور اس وقت دُعا قبول ہوتی ہے۔ بیشک میرے بھائی یعقوب (عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) نے اپنے بیٹوں سے فرمایا تھا کہ عنقریب میں اپنے رب سے تمہارے لئے مغفرت طلب کروں گا، یہاں تک کہ جمعہ کی رات آ جائے۔ پھر اگر تم سے یہ نہ ہو سکے تو آدھی رات میں اٹھو اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو رات کے ابتدائی حصے میں کھڑے ہو جاؤ اور چار رکعت نماز پڑھو پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین کی تلاوت کرو، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد حٰم الدُخان کی تلاوت کرو، تیسری رکعت میں فاتحہ اور الم تنزیل السجدہ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور تبارک الذی (سورۃ الملک) کی قرأت کرو، پھر جب تشہُّد (یعنی التحیات ودُرودشریف وغیرہ کے بعد سلام پھیر چکو تو نماز) سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی خوب حمد و ثنا کرو، اور نہایت اچھے انداز سے مجھ پر اور دیگر انبیاء پر دُرود بھیجو، مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے اور اپنے ان وفات شدہ اہل ایمان بھائیوں کے لیے دعائے مغفرت کرو اور پھر آخر میں یہ دعا مانگو:

’’اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ أَبَدًا مَا أَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ أَنْ أَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ أَسْأَلُكَ یَا أَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ أَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ أَنْ أَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ أَسْأَلُكَ یَا أَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ أَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ وَأَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَأَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَأَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَأَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِیْ فَإِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَى الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا یُؤْتِیْهِ إِلَّا أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ‘‘

اے ابوالحسن! تین، پانچ، یا سات جمعہ اس پر عمل کرو، اللہ تعالیٰ کے حکم سے تمہاری دعائیں قبول ہوں گی، اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اس دُعا نے کسی مومن سے خطا نہیں کی (یعنی جس نے یہ دُعا پڑھی اُسے ضرور فائدہ ہوا)۔

سیّدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی قسم پانچ یا سات ہفتے نہ گزرے تھے کہ سیدنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الْكَرِیْم ایک بار پھر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور (مذکورہ وظیفے کی برکتیں بیان کرتے ہوئے) عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! میں پہلے چار آیات بھی یاد نہیں کرسکتا تھا، وہ بھی بھول جاتا تھا اور اب تقریباً چالیس آیات یاد کر لیتا ہوں، جب میں ان آیات کو پڑھتا ہوں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ قرآن شریف میرے سامنے ہے، میں اس سے پہلے حدیث پاک سنتا

تھا پھر جب دہراتا تو یاد نہ رہتی تھی اور اب میں احادیث سنتا ہوں پھر جب بیان کرتا ہوں تو ایک حرف بھی مجھ سے نہیں چھوٹتا' اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

''مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ يَا أَبَا الْحَسَنِ''

اے ابوالحسن! ربِ کعبہ کی قسم تم مومن ہو۔ ﴿سنن الترمذی، الرقم 3570﴾

ک

کالے علم اور ہر طرح کے جادو سے محفوظ رہنے کا عمل

تین بار صبح، تین بار شام اِس دعا کو پڑھنے والا ہر طرح کے جادو سے محفوظ رہتا ہے۔

''أَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِأَسْمَاءِ اللهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ''

میں اللہ تعالیٰ کے (عظمت وشان کے شایانِ شان) چہرے کی پناہ لیتا ہوں جس سے عظیم کوئی اور چیز نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جن سے کوئی نیک یا بد آگے نہیں بڑھ سکتا اور اللہ تعالیٰ کے تمام اسمائے حسنیٰ کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا، اس چیز کے شر سے جس کو اس نے بنایا، پیدا کیا اور پھیلایا۔ ﴿مؤطا امام مالك، الرقم 3502﴾

کھانے کے مضر اثرات سے بچنے کی دُعا

ا کھانے سے پہلے اگر درج ذیل دُعا پڑھی جائے تو کھانے میں اگر کوئی مضر چیز بھی ہو گی تو ان شاء اللہ نقصان نہیں دے گی۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"

۳ اگر کوئی شخص سورۃ البینہ (پارہ 30) پڑھ کر کھانے سے پہلے دم کرلے تو اُس زہر شدہ کھانے کا اثر نہیں ہوگا۔

کالی کھانسی سے نجات کا وظیفہ
(Whooping Cough)

سورۃ یٰسین کی حسب ذیل آیت شریفہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں

"سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝۵۸" ان پر سلام ہوگا، مہربان رب کا فرمایا ہوا

کان میں شور اور آوازیں آئیں

جب کان میں شور اور گھنٹی کے بجنے کی آوازیں آئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سراپا مبارک کا کامل تصور کریں اور تین بار درود پاک پڑھ کر یہ کہیں

"ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَّنْ ذَكَرَنِىْ" ﴿الاوفاق، صفحہ 36﴾

کان میں کوئی چیز چلی جائے

"يَا عَلِىُّ يَا عَظِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ" ﴿مجابی الدعوۃ، صفحہ 41﴾

بکثرت پڑھنے سے بہت جلد چھٹکارا ہوگا۔

کان اور دانت کے درد سے نجات کی دعا

مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے جو شخص چھینک آتے وقت "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ" کہنے کا معمول بنا لے اُس کے کانوں اور دانتوں میں درد نہیں ہوگا۔ ﴿مصنف ابن ابی شیبہ، الرقم 29811﴾

کینسر (Cancer) کے علاج کا مجرب روحانی نسخہ

❶ سورۃ القمر کی آیت 10 کا کثرت سے ورد کریں اور اِس آیت مبارکہ کو بطورِ دُعا بھی پڑھا جاسکتا ہے: ''فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ''
اپنے رب سے دعا کی کہ میں مغلوب ہوں تو میرا بدلہ لے۔

❷ سورۃ یونس کی آیات 81، 82 کو اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے کینسر کی بیماری سے ان شاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

پھر جب انہوں نے ڈالا موسیٰ نے کہا یہ جو تم لائے یہ جادو ہے اب اللہ اسے باطل کردے گا' اللہ مفسدوں کا کام نہیں بناتا، اور اللہ اپنی باتوں سے حق کو حق کر دکھاتا ہے پڑے برا مانیں مجرم۔

❸ سورۃ آل عمران کی درج ذیل آیت 154 کو اوّل و آخر درودِ پاک پڑھ کر' صبح وشام 41 بار پڑھ کر مریض پر دَم کریں تو ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

''ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾''

پھر تم پر غم کے بعد چین کی نیند اتاری کہ تمہاری ایک جماعت کو گھیرے ہوئے تھی اور ایک گروہ کو اپنی جان کی پڑی تھی اللہ پر بے جا گمان کرتے تھے جاہلیت کے سے گمان، کہتے کیا اس کام میں کچھ ہمارا بھی اختیار ہے تم فرما دو کہ اختیار تو سارا اللہ کا ہے اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں جو تم پر ظاہر نہیں کرتے کہتے ہیں، ہمارا کچھ بس ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے، تم فرما دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے جب بھی جن کا مارا جانا لکھا جا چکا تھا اپنی قتل گاہوں تک نکل آتے اور اس لیے کہ اللہ تمہارے سینوں کی بات آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے کھول دے اور اللہ دلوں کی بات جانتا ہے۔

4 سورۃ الملک کی آیت 14 کو مریض، پانی اور تجویز کردہ دوائی پر دَم کر کے دیں، بہت جلد شفاء یاب ہو گا: ”اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾“

کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا کیا؟ اور وہی ہے ہر باریکی جانتا خبر دار۔

کند ذہنی (Dullness) کو دور کرنے کا عمل

سورۃ مزمل کی آیت نمبر 8 روزانہ 313 مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود پاک پڑھیں: ”وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ﴿۸﴾ؕ“

اور آپ اپنے رب کے نام کا ذِکر کرتے رہیں اور (اپنے قلب و باطن میں) ہر ایک سے ٹوٹ کر اُسی کے ہو رہیں۔

گھر کے افراد میں باہمی اتفاق کا وظیفہ

ا چالیس روز بلا ناغہ نمازِ عشاء کے بعد اگر سورۃ الکہف کی آیت 10 کو 110 بار پڑھ کر تمام گھر والوں کی باہمی ہم آہنگی اور بھائی چارہ کے لئے دُعا کی جائے تو

ان شاء اللہ گھر میں سکون ہوگا اول وآخر درود پاک لازمی پڑھیں:

''اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَھْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا﴿۱۰﴾''

جب ان نوجوانوں نے غار میں پناہ لی پھر بولے اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لیے راہ یابی کے سامان کر۔

۳ گھریلو ناچاقی اور لڑائی جھگڑے سے بچنے کے لیے روزانہ 24 بار کلمہ طیبہ اور اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''یَامَانِعُ'' پڑھنا بہت مفید ہے۔

گھر، دفتر، کارخانے سے سانپ نکالنا

جس گھر، دفتر یا کارخانے میں اکثر سانپ پائے جاتے ہوں تو وہاں رات کے وقت سورۃ الصافات کے آیت 130 :''سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ﴿۱۳۰﴾'' کو 21 دفعہ پڑھ کر پھونک دیں، سانپ چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

گرمیوں میں لُو لگنے کے حالت میں
ہیٹ اسٹروک (Heat stroke)

مٹی کے برتن میں ان کلمات کو لکھ کر مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ تکلیف دور ہوگی

''قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ﴿۶۹﴾''

اَللّٰہُ رَبُّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نَحْنُ عِبَادُ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

گنٹھیا اور بواسیر کا نبوی علاج

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں انجیر سے بھرا ہوا تھال

پیش کیا گیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا اِسے کھاؤ تو ہم نے کھایا' پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک انجیر جنت کا میوہ ہے اِسے کھایا کرو بے شک یہ گنٹھیا اور بواسیر کو ختم کرتا ہے۔

گم شدہ انسان یا جانور کی واپسی کے لیے عمل

۱ چالیس بار سورۃ یٰسین کو ایک مجلس میں بیٹھ کر 7 دن پڑھیں اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز گمشدہ کے متعلق کوئی نہ کوئی خبر موصول ہوگی۔

۲ کسی بزرگ کے مزار پر یا کسی خالی مکان میں بیٹھ کر سورۃ الضحٰی پڑھیں، پہلے تین بار درودِ پاک پڑھ کر سورۃ کو شروع کریں جب آیت نمبر 7 اور 8

''وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰىۖ ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰىؕ ۝۸''

پر پہنچیں تو اِن دو آیتوں کو 990 بار پڑھیں اور پھر بقیہ سورت مکمل کریں اور پھر ایک بار پوری سورت پڑھ کر تین بار درودِ شریف پڑھ کر دعا کریں اور اپنی جگہ سے کھڑا ہو' بھاگا ہوا، گمشدہ شخص واپس آجائے گا۔

گردے اور پتے کی پتھری کا روحانی علاج

سورۃ البقرۃ کی آیت 74 کو 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیں اور اُس وقت تک پیتے رہیں جب تک افاقہ نہ ہو' ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

''وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۷۴''

اور یقیناً ان میں سے بعض وہ (پتھر) بھی ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی ابل پڑتا ہے اور بیشک ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں۔

گردوں کے درد سے نجات کا روحانی علاج

گردوں کی بیماری کے سبب پیشاب تھوڑا تھوڑا آتا ہو یا پیشاب میں جلن اور چُبھن ہوتی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو تو بارش کے پانی پر وضو کی حالت میں ہر بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ سورۃ ''اَلَمْ نَشْرَحْ'' 11 مرتبہ پڑھ کر دَم کر دیجئے اور دن میں چار بار (صبح ناشتے سے قبل، ظہر کے وقت، عصر کے بعد اور سوتے وقت) تین تین گھونٹ وہ پانی پئیں۔ ہر بار پینے سے پہلے 7 مرتبہ دُرودِ ابراہیمی پڑھ لیں گردے کی بیماری اور پیشاب کی جلن وغیرہ دور ہو جائے گی۔

گلٹیوں کا روحانی علاج

صبح سُورج نکلنے سے پہلے اور شام کو غروب آفتاب کے بعد درج ذیل آیت کو 100 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کریں اور پی لیں۔ جب تک مرض پوری طرح ختم نہ ہو جائے یہ عمل جاری رکھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلٓرٰ تِلْكَ آیَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِیْنِ

اَلرَّحِیْمِ اَلرَّحِیْمِ اَلرَّحِیْمِ

گم شدہ چیز کی واپسی کے وظائف

① ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' کثرت سے پڑھنا چاہیے، ان شاء اللہ العزیز گمشدہ چیز جلد مل جائے گی۔ ﴿جواہر خمسہ، صفحہ 159﴾

② گمشدہ چیز کے ملنے کا آموزدہ روحانی نسخہ' اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَا اَللّٰہُ یَا جَامِعُ'' کو 313 مرتبہ مکمل توجہ کے ساتھ پڑھیں، بہت جلد گمشدہ چیز کی خبر ملے گی۔

③ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''یَاحَفِیْظُ'' کوایک جگہ بیٹھ کر 119 بار پڑھنے سے گمشدہ چیزمل جائے گی اوّل وآخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف لازم ہے

④ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوجائے تو وہ شخص گیارہ مرتبہ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' اورایک مرتبہ سورۃ المزمل پڑھ کر کالی مرچ پر دَم کرے اس ترتیب سات کالی مرچوں پر سات مرتبہ اِس عمل کو کر کے آگ میں جلا دے، اللہ کے حکم سے گم ہوئی چیزمل جائے گی۔

⑤ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی چیز کے گم ہونے پر یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ ﴿المعجم الکبیر للطبرانی، الرقم 13289﴾

''اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّۃِ وَھَادِیَ الضَّلَالَۃِ أَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِعِزَّتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَإِنَّھَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ''

یا اللہ! اے گمشدہ چیز کے لوٹانے والے، گمراہوں کو راستہ دکھانے والے، تو ہی گمراہی میں راستہ دکھاتا ہے، میری کھوئی ہوئی چیز اپنی عزت اور سلطنت کے وسیلے سے لوٹا دے کیونکہ وہ تیری ہی عطا اور فضل سے ہے۔

⑥ امام نووی شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک دعا میری تجربہ شدہ ہے جس سے گم شدہ چیز جلد مل جاتی ہے، جب کوئی چیز گم ہوجائے تو یہ دعا پڑھے، گمشدہ چیزمل جائے گی:

''یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِنَّ اللہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ ضَالَّتِیْ'' ضَالَّتِیْ کی جگہ پر اُس چیز کا نام ذکر کرے۔

﴿رد المحتار، بہار شریعت 10/484﴾

⑦ اِس تحریر کو صاف کاغذ پر لکھ کر کسی بھاری، وزنی چیز کے نیچے رکھ دیں ان شاء اللہ چوری یا گمشدہ مال مل جائے گا (فلاں بن فلاں کی جگہ مال کے مالک کا نام والدہ کے نام کے ساتھ لکھنا ہے)

786

الٰہی بحرمت حضرت فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ایں مال مسروقہ/گمشدہ را بایں خانہ فلاں بن فلاں واپس گرداں

اَلْعَجَل اَلْعَجَل اَلْعَجَل
اَلْوَحا اَلْوَحا اَلْوَحا
اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ

اور اِن دنوں میں روزانہ "یَالَطِیْفُ" 119 بار پڑھے۔

ل

لاجواب اور کثیر الفوائد تسبیح

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ایک صحابی رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی (یعنی میرے مسائل بہت زیادہ اور آمدنی کے وسائل بہت کم ہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو ملائکہ اور ساری مخلوق کی تسبیح ہے، جس کی برکت سے انہیں روزی دی جاتی ہے۔"

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: طلوعِ فجر کے وقت (صبح صادق سے نماز فجر کے وقت ختم ہونے تک) ایک سو (100) بار پڑھے

"سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللهَ"

﴿الموطا الامام مالک، الرقم 378﴾

لاجواب امراض کا نبوی علاج

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر (فالج، بلڈ پریشر، ہارٹ

اٹیک' ایڈز، کینسر، شوگر، حادثات، ہیپاٹائٹس وغیرہ جو بھی بیماری ہو) کو دیکھ کر ان کلمات کو پڑھے تو ان شاء اللہ وہ ان تمام مصائب اور بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی عَافَانِی مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ وَفَضَّلَنِی عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا''

﴿سنن الترمذی، الرقم 3431﴾

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں کہ جس نے مجھے اس بلا و مصیبت سے بچایا جس سے تجھے دو چار کیا اور اپنی بہت سی مخلوقات پر مجھے فضیلت دی۔

لیکوریا (Liquoria) کا روحانی علاج

❶ سورہ ہود کی آیت 44 اور سورۃ الملک کی آیت 30 کو لکھ کر تعویذ بنا لیں اور پیٹ پر باندھ لیں اور تعویذ ناف کے اوپر آئے اور اِن آیات پر پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرتے رہیں یا پانی پہ دَم کر کے پیتے رہیں۔

''وَقِيلَ يَٰٓأَرْضُ ٱبْلَعِى مَآءَكِ وَيَٰسَمَآءُ أَقْلِعِى وَغِيضَ ٱلْمَآءُ وَقُضِىَ ٱلْأَمْرُ وَٱسْتَوَتْ عَلَى ٱلْجُودِىِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿۴۴﴾''

اور حکم فرمایا گیا کہ اے زمین! اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان! تھم جا اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام ہوا اور کشتی کوہ جودی پر ٹھہری اور فرمایا گیا کہ دور ہوں بے انصاف لوگ۔

''قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَآءٍ مَّعِينٍۭ ﴿۳۰﴾''

تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے تو وہ کون ہے جو تمہیں پانی لا دے نگاہ کے سامنے بہتا۔

❷ ان کلمات کو کاغذ پر 21 بار لکھ مریضہ کو پہنائیں، ان شاء اللہ اس مرض سے نجات ملی گی: ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مُصَوِّرَ الْاَرْحَامِ''

لقوہ (Paralysis) کا روحانی علاج

سورۃ الفاتحہ 121 بار سورۃ الکافرون 121 بار اوّل و آخر درود پاک 41 بار پڑھ کر پانی، شہد اور زیتون کے تیل پر اکٹھا دم کریں، زیتون کے تیل کی مالش کریں اور پانی، شہد ملا کر 21 دن تک پئیں۔

م

مشکلات و مصائب سے رہائی کے وظائف

١ ”فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝١٣٧“

صبح و شام 63 بار اوّل و آخر 11، 11 بار درود شریف پڑھیں۔

٢ مصیبتوں اور پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے حسب ذیل وظیفہ نہایت مجرب ہے، اٹھتے، بیٹھتے اس وظیفہ کا ورد کیا جائے

”فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِي كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَتِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ“

٣ تہجد کی نماز کے بعد ”یَا حَیُّ، یَا وَهَّابُ“ کا ذکر کریں اِس طرح کہ دائیں طرف ”یَا حَیُّ“ کی ضرب لگائیں اور بائیں طرف ”یَا وَهَّابُ“ کی ضرب لگائیں، اِس طرح ایک ہزار بار کریں، مشکل سے مشکل معاملہ جلد حل ہوگا۔ ﴿القول الجمیل، صفحہ 61﴾

٤ سیدنا معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص تین مرتبہ اس دعا کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کی ہر پریشانی کو دور فرمائے گا خواہ وہ کسی بھی قسم کی کیوں نہ ہو؟ دعا یہ ہے

”اَللّٰهُمَّ احْفَظْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ عَافِ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم“

﴿الفرج بعد الشدۃ لابن ابی الدنیا، صفحہ 86﴾

۵ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سیدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا سے ارشاد فرمایا: ''یہ دعا مانگا کرو:

''اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ''

﴿المسند احمد، الرقم 26638﴾

اے نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رب ذوالجلال! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے دل کے غصے کو دور فرمادے اور مجھے گمراہ کردینے والے فتنوں سے محفوظ رکھ۔

مقدمات میں کامیابی کے وظائف

ا اگر کوئی شخص کسی سخت مقدمہ میں گرفتار ہو اور بظاہر بری ہونے کی کوئی اُمید نہ ہو تو یہ درود شریف بکثرت پڑھے اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز ضرور کامیابی ہوگی۔

''اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَغِثْنَا یَارَسُوْلَ الثَّقَلَیْنِ اَنْتَ حَقُّ مُنِیْبُ اللّٰہِ''

۲ اسلامی مہینے کے پہلے جمعہ سے بعد نمازِ جمعۃ المبارک تازہ وضو اور صاف ستھرا لباس زیب تن کریں، دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت کی نیت سے ادا کریں اور پھر خشوع وخضوع سے درج ذیل دعا پڑھیں

﴿العقد الفرید صفحہ 201﴾

''اَللّٰھُمَّ بِكَ أَسْتَنْجِحُ وَبِإِسْمِكَ أَسْتَفْتِحُ وَبِمُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ إِلَیْكَ أَتَوَجَّهُ اَللّٰھُمَّ ذَلِّلْ لِیْ صَعُوْبَتَهٗ وَسَھِّلْ لِیْ حُزُوْنَتَهٗ وَارْزُقْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ أَكْثَرَ مِمَّا أَرْجُوْ وَاصْرِفْ عَنِّیْ مِنَ الشَّرِّ أَكْثَرَ مِمَّا أَخَافُ''

مثانہ کی پتھری کا علاج

سورۃ القارعۃ (پارہ 30) کو 66 بار اوّل وآخر تین، تین بار درود پاک پڑھ کر شہد پر دم کریں اور شہد کو پانی میں ملا کر پیئیں، ان شاء اللہ جلد افاقہ ہوگا۔

محتاجی اور معذوری سے بچنے کا وظیفہ

جو شخص 1000 بار بعد نمازِ فجر روزانہ ''یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ'' پڑھے گا، کبھی مرتے وقت اندھا، اپاہج، عاجز لاچار نہ ہوگا، خداوند تعالیٰ چلتے ہاتھ پیروں اٹھائے گا۔

مرگی (Epilepsy) سے چھٹکارے کے لئے وظیفہ

❶ اگر کسی شخص کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو نماز فجر کے بعد ایک کاغذ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی ''سَیِّدُنَا اَلْمُرْتَضٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' 145 بار لکھیں اور وہ کاغذ پانی میں بھگو کر مریض کو پلائیں۔ اِن شاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

❷ سورۃ الشّمس کو پڑھ کر مرگی والے کے کان میں پھونک مارنا بہت مفید ہے۔

❸ مرگی کے مریض کے کان میں پانچ بار اذان پڑھنے سے افاقہ ہوگا۔

مفقود الخبر، لاپتہ افراد کی خبر کے لیے وظائف

① بعد نمازِ عشا ایک ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سو جائیں تو اُسی رات خواب میں حال معلوم ہو جائے گا ان شاء اللہ، اگر پہلی رات خواب میں نہ دیکھے تو دوسری رات کو پھر پڑھے اسی طرح سات راتوں تک پڑھے۔

② سات دن تک اِس عمل کو 119 بار پڑھیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْعَزِیْز گمشدہ شخص صحیح وسلامت واپس آجائے گا۔ ﴿نقش سلیمانی، صفحہ 39﴾

''یَا حَفِیْظُ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ''

③ اِس آیت کو بکثرت پڑھتے رہنے سے گم شدہ کی خبر حاصل ہوگی:

''رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ''
﴿سورۃآل عمران،الآیۃ9،قرآنی وظائف،صفحہ89﴾

اے ہمارے رب! بیشک تو اس دن کہ جس میں کوئی شک نہیں سب لوگوں کو جمع فرمانے والا ہے، یقیناًاللہ (اپنے) وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔

منہ کی بدبو کے خاتمہ کا روحانی علاج

اِس درود پاک کو بکثرت پڑھنے سے منہ کی بدبو ختم ہو جاتی ہے

''اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الطَّاهِرِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ''

مکان، دفتر، دکان ہر آفت سے محفوظ

① درج ذیل اسمائے مبارکہ کو اِس ترتیب سے لکھ کر گھر میں آویزاں کریں۔

يَا حَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ
يَابَدِيْعُ يَابَدِيْعُ يَابَدِيْعُ
يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ

② ''يَا حَيُّ يَاقَيُّوْمُ لَاتَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ'' 21بار پڑھ کر مکان کی چاروں سمت پھونک دیں اِنْ شَآءَاللّٰهُ الْعَزِيْز مکان چوری سے محفوظ رہے گا۔

③ اسم مبارک ''يَا اَللّٰهُ يَاحَفِيْظُ'' کو بکثرت پڑھنے سے دشمن ذلیل وخوار ہوتا ہے اور جان' مال اور مکان حاسدین اور شریر کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

④ سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات کو روزانہ ایک بار پڑھنے والا چوری اور ڈاکہ سے محفوظ رہتا۔

مفلسی اور محتاجی سے نجات کے وظائف

① سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بزرگوں سے منقول ہے کہ جو شخص بکثرت اِن اسماء کا ورد کرے گا، چندروز کے بعد مفلسی اور کثرت قرض سے نجات پائے گا:

''یَا کَافِیُ یَا غَنِیُ، یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ'' اوّل وآخر تین، تین بار درود پاک

نیز سورۃ القریش کو بکثرت پڑھنے والا ہر طرح کی مفلسی سے محفوظ رہتا ہے۔

② اسم مبارک ''یَا مُغْنِیُّ'' کو صبح وشام ایک ہزار بار پڑھنے سے ظاہری و باطنی غنا حاصل ہوگا۔ ﴿کمالات عزیزی، صفحہ21﴾

③ ''یَا اَللّٰہُ یَا وَهَّابُ'' گیارہ سو مرتبہ اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھنے سے محتاجی و مفلسی سے نجات حاصل ہوگی۔ ﴿معارف اسمائے الحسنیٰ، صفحہ35﴾

④ سورۃُ الانشرح کو ایک وقت مقرر کے 71 مرتبہ 41 دن تک پڑھنے والا فقر وافلاس سے نجات پائے گا۔

⑤ سورۃُ القریش 21 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے والا فقر وافلاس سے نجات پائے گا۔

﴿وظائفِ اولیاء، صفحہ48﴾

مہروں اور کمر درد کا روحانی علاج
(Backache & Lumbago)

❶ زیتون کے تیل پر سورۃ الکہف ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مالش کرتے رہیں، ان شاءاللہ مستقل افاقہ ہوگا۔

❷ سورۃ الاعلیٰ کی درج ذیل آیات کو سات چینی کی پلیٹوں پر زعفران سے لکھے اور روغن زیتون سے دھو کر اُس تیل سے مالش کرے ان شاءاللہ صحت یابی پائے گا۔

”قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾“ ﴿سورۃ الاعلیٰ آیت 14تا19﴾

3 اسم مبارک ”یَا غَنِیُّ“ کو بکثرت پڑھتے رہنے سے مہروں اور کمر کے درد سے اِفاقہ ہوتا ہے۔ ﴿معارف اسمائے الحسنیٰ، صفحہ85﴾

4 تلوں کے تیل (روغن کنجد Sesame oil) پر سورۃ الضحیٰ اور سورۃ القریش 21،21 بار پڑھ کر دَم کریں اور درد والے مقامات پر مالش کریں۔

مقررہ وقت پر بیداری کا خاص عمل

سورۃ الکہف کی آخری تین آیات 107 سے 110 تک اوّل وآخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھ کر بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں اِن آیات کا ثواب پیش کریں اور دعا کریں کہ ”یا اللہ! مجھے اتنے بجے جگا دے“ ان شاء اللہ اُسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

”اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾“

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کے لئے فردوس کے باغات کی مہمانی ہوگی، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے وہاں سے (اپنا ٹھکانا) کبھی بدلنا نہ

چاہیں گے، فرما دیجئے: اگر سمندر میرے رب کے کلمات کے لئے روشنائی ہو جائے تو وہ سمندر میرے رب کے کلمات کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا اگر چہ ہم اس کی مثل اور (سمندر یا روشنائی) مدد کے لئے لے آئیں، فرما دیجئے: میں تو صرف (بخلقتِ ظاہری) بشر ہونے میں تمہاری مثل ہوں (اس کے سوا اور تمہاری مجھ سے کیا مناسبت ہے! ذرا غور کرو) میری طرف وحی کی جاتی ہے، (بھلا تم میں یہ نوری استعداد کہاں ہے کہ تم پر کلامِ الٰہی اتر سکے) وہ یہ کہ تمہارا معبود، معبودِ یکتا ہی ہے پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہئے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

ماں کے دودھ کی کمی دُور کرنے کے وظائف

١ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' 11 بار کاغذ یا پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اس عورت کو پلایا جائے جسے دودھ پلانا ہو اور اُس کا دودھ نہ آتا ہو یا بہت کم آتا ہو۔

٢ ''یَا مَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ'' ماں کا دودھ کم ہو تو یہ اسمِ پاک لکھ کر پلائیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْعَزِیْز دودھ بڑھ جائے گا اور بچے کی غذا پوری ہوگی۔

٣ سورۃ البقرۃ کی آیت 233 اور سورۃ النحل کی آیت 66 کو سات، سات بار نمک پر دم کر کے عورت کو کھلائیں، اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف

''وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى

الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَإِنْ أَرَدْتُّمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا أَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۝

اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس اس کے لئے جو دودھ کی مدت پوری کرنی چاہئے اور جس کا بچہ ہے اس پر عورتوں کا کھانا پہننا ہے حسب دستور کسی جان پر بوجھ نہ رکھا جائے گا مگر اس کے مقدور بھر ماں کو ضرر نہ دیا جائے اس کے بچہ سے اور نہ اولا دوالے کو اس کی اولاد سے یا ماں ضرر نہ دے اپنے بچہ کو اور نہ اولا دوالا اپنی اولاد کو اور جو باپ کا قائم مقام ہے اس پر بھی ایسا ہی واجب ہے پھر اگر ماں باپ دونوں آپس کی رضا اور مشورے سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر گناہ نہیں اور اگر تم چاہو کہ دائیوں سے اپنے بچوں کو دودھ پلواؤ تو بھی تم پر مضائقہ نہیں جب کہ جو دینا ٹھہرا تھا بھلائی کے ساتھ انہیں ادا کردو، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے،

”وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ۝“

اور بیشک تمہارے لیے چوپایوں میں نگاہ حاصل ہونے کی جگہ ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں اس چیز میں سے جو ان کے پیٹ میں ہے، گوبر اور خون کے بیچ میں سے خالص دودھ گلے سے سہل اترتا پینے والوں کے لیے،

(یہ آیات کریمہ جن جانوروں کا دودھ کم ہو جائے یا سوکھ جائے نمک پر دم کر کے انھیں کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہوگا۔)

ن

نقصان کے موقع پرنعم البدل حاصل کرنے کی دعا

① سورۃ القلم کی آیت 32 کو بکثرت پڑھنے سے نقصان کی تلافی ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے نعم البدل حاصل ہوگا۔ ﴿قرآنی وظائف، صفحہ49﴾

''عَسٰی رَبُّنَآ اَنْ یُّبْدِلَنَا خَیْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ''

اُمید ہے کہ ہمارا رب ہمیں اُس کے بدلے میں اُس سے بہتر عطا فرمائے گا، یقیناً ہم اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔

② سورۃ الکہف، بعد نمازِ جمعۃ المبارک مسجد میں بیٹھ کر تلاوت کریں جب تک مکمل قرضہ نہ اُترے ہر جمعہ اِس سورت کر پڑھتے رہیں۔ ﴿قرآنی اعمال، صفحہ,85﴾

③ اسم مبارک ''یَامُعْطِیُّ'' کو 121 بار روزانہ ورد کرنے سے وسعت اور رزق میں کشادگی حاصل ہوتی ہے۔ ﴿الاوفاق امام غزالی، صفحہ,43﴾

نیک کام میں یقینی کامیابی کا نسخہ

313 بار آیت کریمہ اور 24 مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر کسی بھی نیک مقصد کا آغاز کیا جائے تو ان شاء اللہ اِس میں کامیابی یقینی ہوگی بڑا مجرب عمل ہے۔

''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ''

نظر بد سے بچنے کے وظائف

① اِس دعا کو روزانہ پڑھنے والا نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

''بِسْمِ اللهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ أَوْ

حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْكَ بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِیْكَ'' ﴿سنن ابن ماجہ، الرقم 3523﴾

اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو ایذا پہنچاتی ہے، ہر نفس کی شرارت سے یا حسد کرنے والی آنکھ سے، اللہ آپ کو شفا دے گا، اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں۔

② نظر بد سے پیشگی حفاظتی تدبیر اختیار کرنے میں کوئی حرج نہیں ایسا کرنا توکل کے منافی بھی نہیں بلکہ یہی عین توکل ہے، رسول کریم ﷺ اپنے شہزادگان کریمین سیدنا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اور سیدنا امام حسین علیہ السلام کو اِن کلمات کے ساتھ دم کیا کرتے تھے اور ارشاد فرماتے: ''جدالانبیا سیدنا ابراہیم علیہ السلام اپنے صاحبزادوں سیدنا اسماعیل علیہ السلام اور سیدنا اسحاق علیہ السلام کو بھی اِن کلمات سے دم کیا کرتے تھے:

''أُعِیْذُ کُمَا بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ'' ﴿صحیح البخاری: الرقم 3371 سنن ابی داؤد: الرقم 4737﴾

''میں تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ میں دیتا ہوں، ہر شیطان اور زہریلی بلا کے ڈر سے اور ہر لگنے والی نظر بد کے شر سے۔''

③ سورۃ القلم کی آخری دو آیتیں 51، 52 تین، تین بار پڑھ کر دَم کرنے سے ہر طرح کی نظر بد سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ ﴿قرآنی وظائف: صفحہ 95﴾

''وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۲﴾''

اور ضرور کافر تو ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا اپنی بد نظر لگا کر تمہیں گرا دیں گے جب قرآن سنتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ضرور عقل سے دور ہیں، اور وہ تو نہیں مگر نصیحت سارے جہان کے لیے۔

④ سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین، تین بار پڑھیں، اوّل و آخر درود شریف اور سات بار سورۃ الاسراء آیت 82 کی آیتِ شفا پڑھ کر دم کریں۔

⑤ اوّل و آخر تین، تین بار درود شریف کے ساتھ روزانہ سات بار صبح، شام پڑھیں، ہر قسم کی نظر بد اور جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔

''بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْأَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ حَسْبِیَ اللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ''

﴿مجموعہ اعمال: صفحہ 75﴾

نظر بد واپس لگانے والے کی طرف لوٹ جائے

جسے نظر لگ گئی ہو اُس پر ان کلمات کو سات بار پڑھ کر دم کریں' نظر کا اثر واپس لوٹ جائے گا اور متاثرہ شخص کو افاقہ ہوگا۔

''بِسْمِ اللهِ حَبْسٌ حَابِسٌ وَحَجَرٌ یَابِسٌ وَشِهَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَیْنُ الْعَائِنِ عَلَیْهِ وَعَلٰی أَحَبِّ النَّاسِ إِلَیْهِ فِیْ کُلَیْتَیْهِ رَشِیْقٌ وَفِیْ مَالِهٖ یَلِیْقُ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ إِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِیْرٌ''

﴿حلیۃ الاولیا: 316/9﴾

نامناسب رشتہ سے بچنے کے لئے دعائیں

❶ ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنِ امْرَاَةٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا''

''اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی عورت سے کہ مجھے بوڑھا کر دے بڑھاپے سے پہلے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے مال سے کہ مجھ پر عذاب جان ہو۔''

❷ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ''

''اے اللہ جل جلالہٗ! میں تیری پناہ چاہتا، چاہتی ہوں ہر ایسے ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے''

❸ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ یُّلْھِیْنِیْ''

''اے اللہ جل جلالہٗ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے' یا اللہ جل جلالہٗ میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اُس عمل سے کہ مجھ کو رسوا کر دے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اُس ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے اور پناہ چاہتا ہوں ایسی اُمید سے کہ مجھے غافل کر دے۔''

❹ ''اَللّٰھُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ بِذُنُوْبِیْ مَنْ لَّا یَخَافُكَ فِیَّ وَلَا یَرْحَمُنِیْ''

''اے اللہ جل جلالہٗ! مجھ پر میرے گناہوں کی وجہ سے کوئی ایسا (ساتھی) مسلط نہ فرمائیے جو میرے بارے میں آپ سے نہ ڈرے اور مجھ پر ترس نہ کھائے۔''

❺ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّا كِرٍ عَیْنَاهُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُهٗ یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً دَفَنَھَا وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَذَاعَھَا''

''اے اللہ جل جلالہٗ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے مکار دوست (برے ساتھی) سے جس کی آنکھیں مجھ کو دیکھیں اور اُس کا دِل میں میری ٹوہ میں لگا رہے (میرے عیب ڈھونڈنے کی ہر وقت فکر سوار ہو) اگر کوئی نیکی دیکھے تو اُس کو چھپا لے اور برائی دیکھ پائے تو اُس کو پھیلاتا پھرے۔

نکسیر (Epistaxis) کو روکنے کا روحانی علاج

❶ نکسیر کو روکنے کے لیے سورۃ البینہ (پارہ 30) کو تین بار پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کر کے مٹی ماتھے پر لگانے سے ان شاء اللہ تعالیٰ نکسیر پھوٹنے کی بیماری ختم ہو جائے گی۔

2 سورہ ھود کی آیت 44 کو صاف کاغذ پر لکھ کر مریض کے ماتھے پر باندھ دیں فوراً نکسیر بند ہو جائے گی: ”وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾“

اور حکم دیا گیا: اے زمین! اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان! تو تھم جا، اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام کر دیا گیا اور کشتی جودی پہاڑ پر جا ٹھہری، اور فرما دیا گیا کہ ظالموں کے لئے (رحمت سے) دوری ہے۔

ناف ٹل جانا' ہرنیا (Hernia) کا روحانی علاج

1 سورۃ الفاطر کی آیت 41 کو لکھ کر ناف کی جگہ پر باندھیں' ناف اپنی جگہ پر آ جائیگی اور اگر مستقل باندھا رہے تو ناف اپنی جگہ پر رہے گی۔

”اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾“

بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کو (اپنے نظامِ قدرت کے ذریعے) اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ (اپنی اپنی جگہوں اور راستوں سے) ہٹ سکیں، اور اگر وہ دونوں ہٹنے لگیں تو اس کے بعد کوئی بھی ان دونوں کو روک نہیں سکتا، بیشک وہ بڑا بُردبار، بڑا بخشنے والا ہے۔

2 ناف پر انگوٹھا رکھ کر ایک بار سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الناس پڑھے جب سورۃ الناس پڑھیں تو ”اَلنَّاسُ“ کے لفظ کو تین بار پڑھیں ”اَلنَّاسُ' اَلنَّاسُ' اَلنَّاسُ“ پھر مکمل سورت پڑھیں۔ اِس طرح یہ عمل گیارہ دن مسلسل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ ہرنیا کے مرض سے افاقہ ہو گا اور ناف اپنے جگہ پر آ جائے گا۔

نسیان، بھول جانا (Forget) کا روحانی علاج

رات کو سوتے وقت، سورۂ اعلیٰ (پارہ 30 سورت نمبر 87) کو روزانہ 7 دفعہ پڑھیں اور جب "فَلَا تَنْسٰی" پر پہنچیں تو اس لفظ کو 7 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور صبح نہار منہ پی لیں 14 دن تک یہ عمل کریں' اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک

و

ولادت (Delivery) میں آسانی کے روحانی وظائف

① "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" 111 بار اوّل و آخِر ایک بار درود شریف پڑھ کر درِدزہ (یعنی بچے کی ولادت کے درد) میں مبتلا خاتون کے پیٹ اور کمر پر دم کرنے یا لکھ کر باندھنے سے اللہ تعالیٰ کی عنایت سے دردِزہ یعنی زَچگی کے دَرد میں راحت اور ولادت میں سہولت حاصل ہوگی۔

② سورۃ الانشقاق کی ابتدائی پانچ آیات تین بار پڑھیں اور اوّل و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ دُرود شریف ہر بار شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں اور وقتاً فوقتاً ان آیاتِ مبارکہ کا وِرد کرتے رہیں، آرام ملے گا۔ اگر بچہ ٹیڑھا ہوا تو وہ بھی سیدھا ہو جائے گا، آپریشن کا خطرہ ٹل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

"اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿١﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٢﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿٣﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾"

جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گے، اور اپنے رب کا حکمِ (انشقاق) بجا

لائیں گے اور (یہی تعمیلِ اَمر) اُس کے لائق ہے، اور جب زمین (ریزہ ریزہ کر کے) پھیلا دی جائے گی، اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اسے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گی، اور (وہ بھی) اپنے رب کا حکمِ (اِنشقاق) بجا لائے گی اور (یہی اِطاعت) اُس کے لائق ہے۔

③ اگر حاملہ خاتون آغاز حمل سے روزانہ سورہ مریم کی تلاوت کرے تو اِس کی برکتوں سے دردِ زہ میں راحت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ولادت میں سہولت ہوگی۔

④ ''یَا قَوِیُّ'' 100 بار پڑھ کر حاملہ اپنے پیٹ پر دم کرتی رہے، اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْز بچّہ سیدھا ہو جائے گا اور آپریشن کی ضرورت نہ رہے گی۔

وبائی امراض (Epidemic) سے محفوظ رہنے کا عمل

❶ سورۃ القارعہ (پارہ 30) کی 100 بار تلاوت کرنے سے انسان تمام طرح کی وبائی امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

❷ جس مقام پر وبائی امراض پھیلیں وہاں لوگوں کو چاہیے کہ حسبِ ذیل وظیفہ کثرت سے پڑھیں اور صاف کاغذ پر لکھ کر مکانات کی دیواروں پر چسپاں کریں، ان شاء اللہ ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے۔

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةِ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا سَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

ہچکیوں (Hiccup) سے نجات کا رُوحانی عمل

"وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ" (سورۃ البقرۃ: آیت 15)

کی آیت پانی پر ایک بار دم کر کے پلائیں اور اگر ہچکیاں بہت شدت سے آ رہی ہوں تو مٹی کے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین بار' یہ دم شدہ پانی پیتے ہی ہچکیاں بند ہو جاتی ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر کا روحانی علاج
(High Blood pressure)

1 سورۃ آل عمران کی آیت 134 اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر روزانہ 101 بار پڑھ کر دم کرنے سے ان شاءاللہ بلڈ پریشر سے شفا مل جائے گی اور اپنے صحیح لیول پر رہے گا۔

"اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝"

وہ جو اللہ کے راہ میں خرچ کرتے ہیں خوشی میں اور رنج میں اور غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے، اور نیک لوگ اللہ کے محبوب ہیں۔

2 سورۃ الرعد کی آیت 27، 28 ہر فرض نماز کے بعد تین، تین بار پڑھیں، ان شاءاللہ العزیز ہائی بلڈ پریشر کے مرض سے افاقہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝۲۹

جو لوگ ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں، جان لو کہ اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے، جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل

کرتے رہے ان کے لئے (آخرت میں) عیش و مسرت ہے اور عمدہ ٹھکانا ہے،

3 اگر بلڈ پریشر زیادہ ہو جائے تو پہلے وضو کریں اور پھر اِن کلمات

''یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ''

کو سات بار پڑھ کر پانی پر دَم کریں اور ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو پلا دیں' ان شاء اللہ اُسی وقت بلڈ پریشر کنٹرول میں آ جائے گا۔

ہر قسم کی بیماری کا روحانی علاج

1 صبح کی سنتیں اور فرض کے درمیان جو شخص 121 مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ'' کسی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر پڑھے گا، سات دن میں کیسا ہی بیمار ہو تندرست ہو جائے گا۔ اگر موت مقدر ہے تو خاتمہ بالخیر ہوگا' مشکل جلد آسان ہوگی۔

2 ہر مرض کے علاج کے لیے سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک سخت بیماری میں مبتلا شخص کے کان میں سورۃُ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پھونک ماری تو وہ ٹھیک ہو گیا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے پوچھا: اے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آپ نے اِس کے کان میں کیا پڑھ کے پھونک ماری تو انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں نے سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پھونک ماری ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے مجھے اُس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر پورے یقین کے ساتھ کوئی بندہ یہ چار آیات پڑھ کر پہاڑ کے اوپر بھی پھونک مار دے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ہل جائے۔

''اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَی

اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾"

تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تمہیں ہماری طرف پھرنا نہیں تو بہت بلندی والا ہے اللہ سچا بادشاہ کوئی معبود نہیں سوا اس کے عزت والے عرش کا مالک، اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو پوجے جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں تو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہے، بیشک کافروں کا چھٹکارا نہیں، اور تم عرض کرو، اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے برتر رحم کرنے والا۔

3 حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص خود بیمار ہو یا اس کے عزیز واقارب میں سے کوئی بیمار ہو تو وہ شخص یہ دعا پڑھ کر دم کرے۔

"اَللّٰهُمَّ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِي فِي السَّمَاءِ، تَقَدَّسَ اسْمُكَ، أَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ اِغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ أَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ وَشِفَاءً مِنْ شِفَائِكَ عَلَى هٰذَا الْوَجَعِ"

ہمارا رب اللہ ہے جو کہ زمین وآسمان تیرے نام کی تقدیس ہے۔ تیرا حکم زمین وآسمان جیسا کی تیری رحمت آسمانوں میں ہے۔ زمین میں اپنی رحمت فرما اور ہمارے گناہوں کو معاف فرما تو طیبین کا رب ہے اپنی رحمت کے صدقے ہمارے اوپر رحمت نازل فرما۔ اور شفاء سے ہمیں اس مصیبت سے شفاء عطا فرما۔

ی

یادداشت کی کمزوری کا روحانی علاج

❶ سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 25 کو 100 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی پی لیں ان شاء اللہ حافظہ مضبوط ہوگا۔

''رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ''

❷ ایک پاؤ روغن بادام پر 41 بار سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھ کر دم کریں اور رات کو سوتے وقت ایک چمچہ ایک کپ گرم دودھ میں ڈال کر پی لیں ان شاء اللہ حافظہ کی کمزوری دور ہوجائے گی۔

یرقان سے نجات کا روحانی علاج

❶ سورۃ البینۃ (لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ مُنْفَکِّیْنَ حَتّٰی تَاْتِیَھُمُ الْبَیِّنَۃُ ۙ﴿۱﴾) کو نمازِ فجر کے بعد 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض اِس پانی کا مسلسل پیتا رہے اور اِس سورت کو صبح وشام تین تین بار تلاوت بھی کریں، ان شاء اللہ یرقان اور جگر کے تمام اَمراض سے شفاء ملے گی۔

❶ اس درودِ پاک کو بکثرت پڑھنے سے یرقان، جگر اور پیٹ کی مکمل بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمتیں اور سلامتی نازل فرما ہر بیماری اور اس کے علاج کی تعداد میں۔

نوافل وخصوصی دعائیں

نمازِ تہجد کی فضیلت

تہجد، عشاء کی نماز کے بعد رات میں سو کر اٹھیں اور نوافل پڑھیں، سونے سے قبل جو کچھ پڑھیں وہ تہجد نہیں۔ کم سے کم تہجد کی دو رکعتیں ہیں اور رسول اللہ ﷺ سے 8 رکعات تک ثابت ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص رات میں بیدار ہو اور اپنے اہل خانہ کو جگائے پھر دونوں دو دو رکعت پڑھیں تو کثرت سے یاد کرنے والوں میں لکھے جائیں گے۔'' ﴿مستدرک الحاکم، الرقم 624﴾

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے لوگو! سلام شائع (عام) کرو اور کھانا کھلاؤ اور رشتہ داروں سے نیک سلوک کرو اور رات میں نماز پڑھو جب لوگ سوتے ہوں، سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو گے۔'' ﴿مستدرک الحاکم، الرقم 7359﴾

نماز اشراق کی فضیلت

1. حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے ہر جوڑ پر ایک صدقہ واجب ہے، چنانچہ ''سُبْحَانَ اللّٰهِ'' کہنا صدقہ ہے، ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ'' کہنا صدقہ ہے ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہنا صدقہ ہے، ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہنا صدقہ ہے' نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے، برائی سے روکنا صدقہ ہے اور اس صدقے سے اشراق کی دو رکعتیں کافی ہو جاتی ہیں۔ ﴿صحیح المسلم، الرقم 1181﴾

2. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: اے ابن آدم! میرے لئے دن کے ابتدائی حصہ میں چار رکعات پڑھو، (دن کے) آخری حصہ میں میں

تمہیں (تمہاری ضروریات کے لیے) کافی ہو جاؤنگا۔ ﴿سنن الترمذی، الرقم437﴾

3 حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے فجر کی نماز با جماعت ادا کی' پھر سورج طلوع ہونے تک ذکر الٰہی میں مشغول رہا' پھر اس نے دو رکعتیں پڑھیں' تو یہ اس کے لیے مکمل، مکمل، مکمل حج اور عمرے کے اجر کے برابر ہونگی۔ ﴿سنن الترمذی، الرقم586﴾

نمازِ چاشت کی فضیلت

1 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''جس نے چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں سونے کا محل بنائے گا۔'' ﴿سنن الترمذی، الرقم472﴾

2 سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: آدمی پر اس کے ہر جوڑ کے بدلے صدقہ ہے (اور کل تین سو ساٹھ جوڑ ہیں) ہر تسبیح صدقہ ہے اور ہر حمد صدقہ ہے اور ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہنا صدقہ ہے اور ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہنا صدقہ ہے اور اچھی بات کا حکم کرنا صدقہ ہے اور بری بات سے منع کرنا صدقہ ہے اور ان سب کی طرف سے دو رکعتیں چاشت کی کفایت کرتی ہیں۔ ﴿صحیح المسلم، الرقم363﴾

نوٹ: چاشت کی نماز مستحب ہے، کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ اس کی بارہ رکعتیں ہیں اور افضل بارہ ہیں، نماز چاشت کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال یعنی نِصْفُ النَّهَارِ شرعی تک ہے اور بہتر ہے جب طلوعِ آفتاب اور آغازِ ظہر کے درمیان کل وقت کا آدھا حصہ گزر جائے تو یہ چاشت کے لیے افضل وقت ہے۔

پہلی محرم الحرام کی دعا

پہلی محرم الحرام کو یہ دعا پڑھیں' پورے سال امن و سلامتی میں رہے گا۔

”اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَ بَدِیُّ الْقَدِیْمُ وَھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ اَسْئَلُكَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطٰنِ وَ اَوْلِیَاءِہٖ وَالْعَوْنَ عَلٰی ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتَغَالِ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا کَرِیْمُ“

”اے اللہ! تو ابدالاباد ہے (اور) ہمیشہ سے ہے اور یہ نیا سال ہے میں تجھ سے شیطان اور اُس کی ذریت اور اس کے معاونین کے شر، نیز نفس اَمّارہ کی برائی سے حفاظت کا سوال کرتا ہوں اور میں تو صرف ایسے اعمال کا طالب ہو جو تیری بارگاہ میں قربت کا سبب ہوں! اے کریم جَلَّ جَلَالُہٗ

﴿نزھۃ المجالس عربی، صفحہ 231﴾

10 محرم الحرام (یوم عاشور) کے نوافل

4 رکعت نمازِ نفل، اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار، سورۃ الاخلاص 3،3 بار پڑھیں سلام کے بعد 100 بار سورۃ الاخلاص پڑھیں۔ اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ پڑھنے والا گناہوں سے پاک ہوگا اور جنت میں بے انتہا نعمتیں ملیں گی۔

ماہِ صفر المظفر کے نوافل

ماہِ صفر المظفر کی پہلی رات میں نماز عشاء کے بعد ہر مسلمان کو چاہیے کہ چار رکعات نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون 15 بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الاخلاص 15 بار اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃُ الفلق 15 بار اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃُ الناس 15 بار پڑھے۔ سلام کے بعد چند بار ”اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ“ پڑھے۔ پھر 70 مرتبہ درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو بڑا ثواب عطا کرے گا اور اسے ہر بلا سے محفوظ رکھے گا۔

﴿فضائل الایام والشہور، صفحہ 281﴾

ماہِ صفر میں بدشگونی اور بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دعا

سیدنا عروہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں بدشگونی کا ذکر کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اچھا شگون، فالِ نیک ہے اور بدشگونی کسی مسلمان کے کام میں رکاوٹ نہیں بنتی، پس جب تم میں سے کوئی ایسی چیز دیکھے جس کو وہ ناپسند کرتا ہے تو چاہئے کہ وہ یہ دعاء پڑھے:

''اَللّٰھُمَّ لَا یَأْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ إِلَّا أَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّئَاتِ إِلَّا أَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰہِ''

﴿سنن ابی داؤد، الرقم 3919﴾

اے اللہ ہر قسم کی بھلائیوں کو لانے والا تو ہی ہے اور تمام قسم کی برائیوں کو دفع کرنے والا بھی تو ہی ہے، نہ برائی سے بچنے کی کوئی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی کوئی قوت ہے مگر اللہ ہی کی مدد سے۔

ماہِ ربیع الاوّل کے نوافل

یہ مہینہ مبارک چونکہ سید الانبیا والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت اور وصال مبارک کا بھی ہے اِس لیے پہلی تاریخ سے لے کر بارہویں تاریخ تک ہر روز بیس رکعت نفل پڑھے، ہر رکعت میں اکیس اکیس بار سورۃ الاخلاص پڑھے پھر اُس کا ثواب حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ مقدس میں عرض کرے۔ سلف صالحین کا یہ قدیمی معمول ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس نوافل نماز کے پڑھنے والوں کو خواب میں جنت کی بشارت دی۔

﴿فضائل الایام والشہور، صفحہ 358﴾

بارہ ربیع الاوّل کا وظیفہ

شیخ المشائخ شاہ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 970 ہجری فرماتے ہیں:

جو کوئی بارہ ربیع الاوّل کے دن اِن کلمات کو سات، سات بار پڑھے گا تمام سال خوشحال رہے گا۔ ﴿جواہر خمسہ، صفحہ 101﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یَااَللّٰهُ (7بار) یَارَحْمٰنُ (7بار) یَاغَفُوْرُ (7بار)

یَارَحِیْمُ (7بار) یَاحَنَّانُ (7بار) یَامَنَّانُ (7بار)

یَادَیَّانُ (7بار) یَاسُبْحَانُ (7بار)

ماہ رجب المرجب کی پہلی رات کی دعا

قطب الاقطاب، مخدوم المخادیم حضور سیدنا غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ ماہ رجب المرجب کی پہلی تاریخ کو یہ دعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ وَ قَصَدَكَ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ وَلَكَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰی مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا مِمَّنْ لَمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَایَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عَبْدُكَ الْفَقِیْرُ اِلَیْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ مِنْ خَلْقِكَ وَجُدْتَ عَلَیْهِ بِعَائِدَةٍ مِنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَجُدْ عَلَیَّ بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوْفِكَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ''

''اے میرے معبود! آج کی رات پیش ہونے والے تیرے سامنے پیش ہوئے، ارادہ کرنے والوں نے تیری بارگاہ میں حاضری کا قصد کیا، مانگنے والے تیری بخشش اور

احسان کے امیدوار ہوئے، تو اِس رات عطیات و انعامات سے نوازتا ہے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرتا ہے جس تک تیری مہربانی نہ پہنچے اُس سے روکتا ہے اور میں تیرا محتاج بندہ ہوں تیرے فضل اور رحمت کا اُمیدوار ہوں، اے میرے مولا! آج کی رات اگر تو اپنی مخلوق میں سے کسی پر فضل کرے اور اسے اپنی مہربانی سے نوازے تو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپ کی آپ آل پاک پر رحمت نازل فرما اور اپنے فضل و کرم سے مجھ پر بخشش فرما۔ اے تمام جہانوں کے پروردگار۔" ﴿غنیۃ الطالبین﴾

ماہ رجب المرجب میں درود شریف کی کثرت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میں نے معراج کی رات پانی کی ایک نہر دیکھی جس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا، برف سے زیادہ ٹھنڈا، کستوری سے زیادہ خوشبو والا تھا، میں نے جبرائیل امین سے پوچھا: اے جبرائیل! یہ نہر کس کے لیے ہے؟ عرض کیا: یہ اُس خوش نصیب کے لیے ہے جو رجب کے مہینے میں آپ ﷺ کی ذات پر درود شریف پڑھتا ہے۔" ﴿درۃ الناصحین عربی، صفحہ 89، 90﴾

27 رجب، شب معراج کے نوافل

1 حافظ ابن حجر مکی ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ہمیں سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً حدیث پہنچی کہ ماہ رجب میں ایک رات ہے جس میں عمل کرنے والے کے لیے سو برس کی نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور یہ رجب کی 27 ویں شب ہے، اِس شب میں بارہ رکعات دو، دو کر کے ادا کریں پھر آخر میں "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ" 100 مرتبہ پھر درود شریف 100 مرتبہ پڑھ کر اپنے اُمور کی دعا مانگے

اور صبح کو روزہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کی تمام دعائیں قبول فرمائے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کے 60 سال کے گناہ مٹا دے گا۔

﴿ماثبت بالسنة عربي، صفحہ 184﴾

2 چھ رکعت نمازِ نفل، دو دو رکعت نفل کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 27 بار سورۃ الاخلاص پڑھیں اور قعدہ میں التحیات کے بعد 27 بار درود شریف پڑھیں، سلام کے بعد اس کا ہدیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں پیش کریں۔

3 دس رکعت نمازِ نفل، دو دو رکعت نفل کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 7 بار سورۃ الاخلاص پڑھیں، مکمل کرنے کے بعد 50 بار درود شریف پڑھیں، اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ تمام دینی و دنیاوی حاجات پوری ہوں گی، اور 70 ہزار گناہ معاف ہونگے۔

4 حضرت مخدوم جلال الدین جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات میں سے ہے کہ آپ شبِ معراج 12 رکعت صلوٰۃ الحاجت 6 تشہد اور ایک سلام کے ساتھ پڑھتے (یعنی بارہ رکعت کے بعد سلام پھیرتے) اور سلام کے بعد یہ تسبیحات سو، سو مرتبہ پڑھتے:

''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ وَلَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' ''اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ'' ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ'' اور اس کے بعد ایک طویل سجدہ کرتے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی حاجت عرض اور کرتے اور صبح کو روزہ رکھتے تھے۔

﴿معمولاتِ جلالیہ، صفحہ 404﴾

شب برأت کے نوافل ووظائف

1 پندرہ شعبان المعظم بعد نماز مغرب 6 رکعتیں نماز دو دو رکعت کرکے پڑھے، پہلی دو رکعت درازی عمر کے لیے، دوسری دو رکعت دفع بلا کے لیے، تیسری دو رکعت حصول دولت وفراخی رزق کی نیت سے پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد سورہ یٰسین ایک بار اور سورۃ اخلاص 21 بار پڑھے، یہ نماز متعدد سلف صالحین کا معمول ہے۔

2 پندرہویں شب دو رکعت اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار اور سورۃ الاخلاص 15 بار، سلام پھیرنے کے بعد 100 بار درود شریف اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ عمر میں برکت اور فراخی رزق کی دولت سے مالا مال ہوگا۔

3 درود شریف (100 بار) استغفار (100 بار) اور "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ" (100 بار) تین بار سورۃ یٰسین شریف پڑھیں ایک بار عمر میں برکت کے لیے، دوسری مال ورزق میں برکت کے لیے، تیسری بار تمام مصیبتوں اور مخافات سے بے خوف ہونے لیے۔

21 رمضان المبارک، پہلی شب قدر کے نوافل

1 چار رکعت نمازِ نفل، 21 رمضان المبارک کی شب دو دو رکعت نفل کی نیت سے پڑھیں، ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ القدر ایک بار اور سورۃ الاخلاص تین، تین بار پڑھیں، سلام کے بعد 70 بار درود شریف پڑھیں۔ اِنْ شَآءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔

2 اِس شب سورۃ القدر 21 بار پڑھنا بھی افضل ہے۔

23 رمضان المبارک، دوسری شب قدر کے نوافل

❶ چار رکعت نمازِ نفل، 23 رمضان المبارک کی شب دو، دو رکعت نفل کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ القدر (اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ) ایک، ایک بار اور سورۃ الاخلاص تین، تین بار پڑھیں، سلام کے بعد تیسرا کلمہ تمجید ''سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِیْمِ'' 70 بار پڑھیں، اِنْ شَآءَاللهُ الْعَزِیْزُ اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کے گناہ معاف فرما دے گا۔

❷ اِس شب ایک بار سورۃ یٰسین اور ایک بار سورۃ الرحمٰن پڑھنا نہایت مفید اور بے شمار اَجر و ثواب کا موجب ہے۔

25 رمضان المبارک، تیسری شب قدر کے نوافل

❶ چار رکعت نمازِ نفل، دو دو رکعت نفل کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ القدر ایک، ایک بار اور سورۃ الاخلاص پانچ، پانچ بار پڑھیں، سلام کے بعد 100 بار کلمہ طیبہ پڑھیں، اِنْ شَآءَاللهُ الْعَزِیْزُ پڑھنے کے اعمال نامہ میں بے شمار نیکیوں کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے۔

❷ پچیسویں رمضان المبارک کی شب ایک بار سورۃ الدخان اور 7 بار سورۃ الفتح پڑھنا بے شمار اجر و ثواب کا موجب ہے۔

27 رمضان المبارک، چوتھی شب قدر کے نوافل

❶ چار رکعت نمازِ نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ

القدر ایک بار اور سورۃ الاخلاص 7 بار پڑھیں، سلام کے بعد یہ درج ذیل تسبیح 101 بار پڑھیں:

''أَسْتَغْفِرُ اللهَ الْعَظِيمَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ''

اِنْ شَآءَ اللهُ الْعَزِیْز جائے نماز سے اُٹھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ اُس پڑھنے والے اور اُس کے والدین کے گناہ معاف فرمادے گا۔

2 بارہ رکعت نمازِ نفل، دو دو رکعت نفل کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ القدر 7 بار اور سورۃ الاخلاص 7 بار پڑھنا ہے، اِس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر مصیبت سے نجات دیتا ہے۔

3 ستائیسویں رمضان المبارک کی شب کو وہ سورتیں جن کا آغاز ''حٰمٓ'' سے ہوتا ہے یعنی سورۃ الاحقاف، سورۃ الجاثیۃ، سورۃ الشوریٰ، سورۃ فصلت، سورۃ غافر کو ایک ایک بار پڑھنا عذابِ قبر سے نجات اور مغفرت کے لیے بہت افضل ہیں۔

29 رمضان المبارک، پانچویں شب قدر کے نوافل

1 چار رکعت نمازِ نفل، اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک، ایک بار سورۃ القدر اور سورۃ الاخلاص 9،9 بار پڑھیں، سلام کے بعد 100 بار درود پاک پڑھیں، پڑھنے والے کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

2 انتیسویں رمضان المبارک کی شب 7 بار سورۃ الواقعہ پڑھنا افضل ہے۔

عیدین کی رات کے نوافل

1 عیدین کی رات چار رکعت نماز دو سلام کے ساتھ اِس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس پڑھیں اور سلام کے بعد اِس تسبیح کو ایک سو بار پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف:

"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"

2 عیدین کی شب کو تلاوت ،عبادت اور ذکر واذکار سے زندہ رکھنے کی بے حد فضلیت احادیث مبارکہ میں وارد ہوئی ہے لہٰذا اِس شب کو بکثرت تلاوت کلام پاک میں بسر کرنا چاہیے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

مَنْ قَامَ لَیْلَتَیِ الْعِیْدَیْنِ مُحْتَسِبًا لِلّٰہِ لَمْ یَمُتْ قَلْبُہٗ یَوْمَ تَمُوْتُ الْقُلُوْبُ

جو شخص عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی راتوں میں عبادت کی نیت سے قیام کرتا ہے،اس کا دل اس دن بھی فوت نہیں ہوگا جس دن تمام دل فوت ہو جائیں گے۔

﴿سنن ابن ماجہ،الرقم 1782﴾

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

مَنْ أَحْیَا اللَّیَالِی الْخَمْسَ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ لَیْلَۃَ التَّرْوِیَۃِ وَلَیْلَۃَ عَرَفَۃَ وَلَیْلَۃَ النَّحْرِ وَلَیْلَۃَ الْفِطْرِ وَلَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ

﴿الترغیب والترہیب،جلد اول صفحہ 182﴾

"جو شخص پانچ راتیں عبادت کرے،اس کے لئے جنت واجب ہوجاتی ہے۔وہ راتیں یہ ہیں: آٹھ ذوالحجہ،نو ذوالحجہ (یعنی عیدالاضحیٰ)،دس ذوالحجہ،عیدالفطر اور پندرہ شعبان کی رات (یعنی شبِ برات)۔

ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں کے نوافل

پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھیں، ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر 3،3 اور سورۃ الاخلاص 3،3 پڑھیں۔اس نماز کی عظمت کے سبب اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیاں عطا فرما کر بے شمار برائیاں مٹا دے گا۔

9 ذوالحجہ، یوم عرفہ کے خصوصی نوافل

4 رکعت نمازِ نفل، اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ 50 اور 50 بار سورۃ الاخلاص پڑھیں اور سلام کے بعد 100 بار سورۃ الاخلاص پڑھیں، اِنْ شَآءَاللّٰہُ اس عظیم یوم کے صدقے اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کی ہر جائز مراد پوری کرے گا۔

پانچ راتوں میں مانگی دعا کبھی رد نہیں ہوتی

''خَمْسُ لَیَالٍ لَا تُرَدُّ فِیْهِنَّ الدُّعَاءُ:

لَیْلَةُ الْجُمُعَةِ وَأَوَّلُ لَیْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ وَلَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَیْلَتَیِ الْعِیْدَیْنِ''

پانچ راتیں ایسی ہیں جن میں مانگی دعا رد نہیں کی جاتی۔ جمعہ کی رات، رجب کی پہلی رات، نصف شعبان کی رات یعنی شب برأت، عیدین کی راتیں یعنی شب عید الفطر (چاند رات) اور عید الاضحیٰ یعنی ذوالحجہ کی دسویں۔ ﴿مصنف عبدالرزاق، الرقم 7927﴾

درود تُنَجِّینَا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَ الْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ أَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا أَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ختم مصطفائی کی فضیلت

یہ ختم شریف قرآنی آیات، دعائیہ کلمات، قصائدِ مبارکہ بالخصوص رحمۃً للعالمین، خاتم المرسلین سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد ماجد سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ سے لیکر جلیل القدر، عظیم المرتبت خاندان اہل بیت، خلفائے راشدین، اجلہ صحابۂ کرام، شہدائے اسلام اور سلف صالحین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ اَجْمَعِیْن کے مناقبِ جلیلہ پر مشتمل ہے۔

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

”ذِکْرُ الْأَنْبِیَاءِ مِنَ الْعِبَادَةِ وَذِکْرُ الصَّالِحِیْنَ کَفَّارَةٌ“

﴿کنز العمال، الرقم 32247﴾

انبیائے کرام علیہم السلام کا ذکر عبادت اور نیک بندوں کا ذکر (گناہوں کا) کفارہ ہے۔

محدث ابو نعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 430 ہجری نے حافظ الحدیث حضرت سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 197 ہجری کا قول نقل کیا ہے آپ فرماتے ہیں:

”عِنْدَ ذِکْرِ الصَّالِحِیْنَ تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ“

صالحین (اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں) کے ذکر کے وقت اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے۔ ﴿حلیة الأولیاء وطبقات الأصفیاء، 7/285﴾

محمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”مَا رَأَیْتُ لِلْقَلْبِ أَنْفَعَ مِنْ ذِکْرِ الصَّالِحِیْنَ“ ﴿صفة الصفوة، 1/18﴾

میں نے دل کے لیے صالحین کے ذکر سے بڑھ کر کوئی چیز نفع مند نہیں دیکھی۔

اس ختم شریف کو پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کے وسیلہ سے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں دعائیں اور التجائیں مانگی جاتی ہیں جو کہ مستحسن اور خوبصورت عمل

ہے۔حدیثِ مبارکہ میں ہے کہ:''تین آدمی غار کے منہ پر چٹان گرنے کی وجہ سے پھنس گئے،تینوں نے اپنے اپنے عمل کا واسطہ دیا،ایک کے عمل مقبول کی برکت سے پہلے تہائی چٹان ہٹی، پھر دوسرے کے عمل مقبول کی برکت سے تہائی چٹان ہٹی اور پھر تیسرے کے عملِ مقبول کی برکت سے پوری چٹان ہٹ گئی۔''

﴿ملخصاًصحیح بخاری,الرقم2215﴾

علامہ ابن بطال رحمۃ اللہ علیہ شرحِ بخاری میں اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں:
''جوشخص سچی نیت سے اپنے اُن اعمال کے وسیلہ سے دعا مانگے جو اس نے خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کئے تھے تو اُمید ہے کہ اس کی دعا قبول ہوگی''

﴿شرح صحیح بخاری لابن بطال،کتاب الادب جلد9صفحہ193﴾

تو جب قالب (جسم) کے عمل کا واسطہ دینا جائز ہے تو اللہ والوں سے محبت کرنا تو قلب (دل) کا عمل ہے اور قلب قالب سے اعلیٰ ہوتا ہے، پھر اس کا وسیلہ دینا یعنی اللہ والوں سے اپنی قلبی محبت کا وسیلہ دینا کیسے جائز نہیں ہوگا؟ جب قالب کا عمل وسیلہ بن سکتا ہے تو قلب کا عمل کیوں وسیلہ نہیں بن سکتا؟ اللہ تعالیٰ ہمیں دین کی صحیح سمجھ عطا فرمائے۔

صوفیاءِ اُمت کے ہاں مشہور ہے کہ ’جس بزرگ کا ذکر کیا جائے وہ بزرگ توجہ فرماتے ہیں‘ تو اس ختم شریف کا پڑھنے والا جب اتنے بزرگانِ دین اور اسلاف امت کا ذکرِ خیر کرتا ہے تو ان تمام بزرگانِ دین کا منظورِ نظر بن جاتا ہے۔

باوضو ہو کر ان تمام اہلِ خانہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں ڈوب کر ان تمام مناقب کو پیر کی رات مغرب کی نماز کے بعد پڑھنے سے ساری مصیبتیں اور مشکلات ختم ہو جاتی ہیں اور بندہ اللہ پاک کی رحمت کے حصار میں آ جاتا ہے۔

تلاوت قرآن حکیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

لَا یَسۡتَوِیۡۤ اَصۡحٰبُ النَّارِ وَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ ؕ

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں

اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ ہُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۲۰﴾ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا ہٰذَا

جنت والے ہی مراد کو پہنچے، اگر ہم یہ قرآن

الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا

کسی پہاڑ پر اُتارتے تو ضرور تو اسے دیکھتا جھکا ہوا پاش پاش

مِّنۡ خَشۡیَۃِ اللّٰہِ ؕ وَ تِلۡکَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُہَا

ہوتا اللہ کے خوف سے اور یہ مثالیں لوگوں

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ

کے لیے ہم بیان فرماتے ہیں کہ وہ سوچیں، وہ اللہ ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہر نہاں و عیاں کا جاننے والا

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿٢٢﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ

وہی ہے بڑا مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا۔ وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود

اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

نہیں بادشاہ نہایت پاک سلامتی دینے والا امان بخشنے والا

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

حفاظت فرمانے والا عزت والا عظمت والا بڑائی والا اللہ کو پاکی ہے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

ان کے شرک سے۔ وہی ہے اللہ بنانے والا پیدا کرنے والا ہر ایک کو صورت دینے والا

لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی

اسی کے ہیں سب اچھے نام ہیں اسی کی پاکی بولتا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾ ع

آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی عزت و حکمت والا ہے

قصیدہ بُردہ شریف

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے اللہ جل جلالہ درود اور سلام ہمیشہ ہمیشہ بھیج

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تمام مخلوق سے بہتر ہے

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون و مکان اور انس و جان کے سردار ہے

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں فریقین یعنی عرب و عجم کے بھی سردار ہیں

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے محبوب ہیں جن کی شفاعت کی امید کی جاتی ہے

لِکُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

ہر قسم کی نازل ہونے والی مصیبت اور خطرے کے وقت

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا

دنیا و آخرت آپ ہی کی وجہ سے معرض وجود میں آئی

وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

اور لوح و قلم کا علم آپ ﷺ کے علم کا حصہ ہے

ثُمَّ الرِّضَا عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعَنْ عُمَرَ

پھر راضی ہو اللہ جل جلالہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

وَعَنْ عَلِيٍّ وَّعَنْ عُثْمَانَ ذِي الْكَرَمِ

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جو عزت والے ہیں

يَارَبِّ بِالْمُصْطَفٰى بَلِّغْ مَقَاصِدَنَا

اے پروردگار! اپنے حبیب مصطفےٰ ﷺ کے وسیلہ سے ہمارے مقاصد پورے فرما

وَاغْفِرْلَنَا مَامَضٰى يَاوَاسِعَ الْكَرَمِ

اور ہمارے گزشتہ گناہ بخش دے اے وسیع کرم فرمانے والے۔

فَاغْفِرْ لِنَاشِدِهَا وَاغْفِرْ لِقَارِئِهَا

اس قصیدہ کو (بطرز) پڑھنے والوں کو بخش دے اور اسکو پڑھنے والے کو بھی بخش دے

سَاَلْتُكَ الْخَيْرَ يَاذَاالْجُوْدِ وَالْكَرَمِ

اے صاحب جود و کرم! میں تجھ سے بھلائی کا سوال کرتا ہوں

سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں سلام

سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام کربلا سے لوٹنے لگے تو بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں التجا وسلام بڑے ہی درد بھرے انداز میں پڑھا جو فصاحت وبلاغت میں بے مثال ہے۔ سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام کا وہ شاندار قصیدہ درج ذیل ہے:

اِنْ نِّلْتِ یَا رِیْحَ الصَّبَا یَوْمًا اِلٰی اَرْضِ الْحَرَمْ
بَلِّغْ سَلَامِیْ رَوْضَۃً فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمْ

"اے صبا! اگر تو کسی دن سرزمین حرم کی طرف جائے تو میرا اسلام اس روضہ پاک تک پہنچا جس میں عظمت والے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جلوہ افروز ہیں"۔

مَنْ وَّجْھُہٗ شَمْسُ الضُّحٰی مَنْ خَدُّہٗ بَدْرُالدُّجٰی
مَنْ ذَاتُہٗ نُوْرُالْھُدٰی مَنْ کَفُّہٗ بَحْرُ الْھِمَمْ

"وہ ذاتِ پاک کہ جن کا چہرۂ مبارک چاشت کا سورج اور رخسار مقدس ان کے چودھویں کا چاند ہیں، وہ ذات گرامی جن کی نور ہدایت اور جن کا دست مقدس عزم وہمت کا بحر بیکراں ہے"۔

قُرْاٰنُہٗ بُرْھَانُنَا نَسْخًا لِاَدْیَانٍ مَّضَتْ
اِذْ جَآءَنَا اَحْکَامُہٗ کُلُّ الصُّحُفِ صَارَ الْعَدَمْ

"اُن کا لایا ہوا قرآن کریم ہماری دلیل ہے جو تمام گزشتہ اَدیان کے لئے ناسخ ہے، جب اس کے احکام ہم تک پہنچے، سب صحیفے کالعدم ہو گئے"۔

اَکْبَادُنَا مَجْرُوْحَۃٌ مِنْ سَیْفِ ھِجْرِ الْمُصْطَفٰی
طُوْبٰی لِاَھْلِ بَلْدَۃٍ فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَشَمْ

”حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جدائی کی شمشیر سے ہمارے جگر زخمی ہیں، اس شہر والے کتنے خوش نصیب ہیں جن میں عظمت وجلال والے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں“۔

یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ اَنْتَ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ
اَکْرِمْ لَنَا یَوْمَ الْحَزِیْنِ فَضْلًا وَّجُوْدًا لِلْکَرَمْ

”اے رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفاعت فرمایئے گناہ گاروں کی کرم فرمایئے ہم سب کے حال پر اپنے فضل وکرم اور بخشش کے سبب“۔

یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ اَدْرِکْ لِزَیْنِ الْعَابِدِیْنَ
مَحْبُوْسُ اَیْدِی الظَّالِمِیْنَ فِی الْمَوْکَبِ وَالْمُزْدَحَمْ

”اے رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! زین العابدین علیہ السلام کی دستگیری فرمایئے جو ظالم سواروں اور پیادوں کے لشکر کی قید وبند میں ہے“۔

اہل بیت کرام علیہم السلام کی شان میں منقبت شریف کے اشعار

آیا نہ ہوگا اس طرح رنگ و شباب ریت پر
گلشن فاطمہ علیہا السلام کے تھے سارے گلاب ریت پر

عشق میں کیا لٹایئے عشق میں کیا بچایئے
آل نبی علیہم السلام نے لکھ دیا سارا نصاب ریت پر

جتنے سوال عشق نے آلِ رسول علیہم السلام سے کیے
ایک سے بڑھ کے اِک دیا سب نے جواب ریت پر

آل نبی علیہم السلام کا کام تھا آل نبی علیہم السلام ہی کر گئے
کوئی نہ لکھ سکا ادیبؔ ایسی کتاب ریت پر

﴿کلام: ادیب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ﴾

نعتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہے مجھ کو جان سے پیارا مدینہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ملے آپ کی محبت کا خزینہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمیشہ آپ کے دربار میں حاضر رہوں آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مدینے سے جدائی ہو کبھی نہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میرے احباب بھی حاضر ہوں آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے در پر
یہی ہے آرزو میری دیرینہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمیں صحت عطا کر دیجیے شہہ حسنین علیہما السلام کا صدقہ
یہی ہو ہماری صحت کا مہینہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿کلام: الحاج میاں محمد سلیم رحمۃ اللہ علیہ، مدفون جنت البقیع شریف﴾

نعتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ
کہ سب جنتیں ہیں نثارِ مدینہ

بنا آسمان منزلِ ابنِ مریم سَلَامُ اللهِ عَلَیْهَا
گئے لامکاں تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شرف جن سے حاصل ہوا انبیاء علیہم السلام کو
وہی ہیں حسن افتخارِ مدینہ

﴿کلام: استاذِ زمن علامہ حسن رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ﴾

دادا جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رئیس مکہ سید نا شیبہ (عبدالمطلب رضی اللہ عنہ) بن ہاشم بن عبد مناف

سال ولادت: 480ء سال وصال: 578ء آرامگاہ: حجون، جنۃ المعلی مکۃ المکرمہ

دادا جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

وہ قریشی ہاشمی سردار اور عالی نسب — دادا جان شاہِ عالم وہ ہیں عبدِ مطلب
اللہ کی توحید پر ساجدؔ وہ رکھتے تھے یقیں — چودھویں کا چاند اُن کو کہتے تھے اہلِ عرب

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

دادی جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم

سال ولادت: 499ء سال وصال: 576ء آرامگاہ: حجون، جنۃ المعلی مکۃ المکرمہ

دادی جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

دادی جانِ مصطفیٰ ہیں فاطمہ بنت عمرو — نورِ سرکارِ دو عالم سے ہوئیں جو بہرہ ور
جن کا پوتا دو جہاں کا شیدا و سردار ہے — اُن کی سرداری مسلّم وہ ہیں ساجدؔ معتبر

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

نانا جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدنا وہب رضی اللہ عنہ بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب

سال ولادت: 498ء سال وصال: 574ء آرامگاہ: حجون، جنۃ المعلی مکۃ المکرمہ

نانا جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ کی ذات سے جو ہو گئے منسوب ہیں — سب جہاں کے مؤمنین ہیں کرتے ہیں اُن سب کا ادب
خوب ہیں عزّ و شرف میں نانا جانِ مصطفیٰ — خوش ہوا ہے جن پہ رب ساجدؔ وہ ہیں حضرت وہب

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

نانی جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ برّہ رضی اللہ عنہا بنت عبدالعزیٰ بن عثمان بن عبدالدار

سال ولادت: 491ء سال وصال: 572ء آرامگاہ: حجون، جنۃ المعلی مکۃ المکرمہ

نانی جان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

حضرت برّہ ہیں شاہِ دوجہاں کی نانی جان — سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے ملی ہے اُن کو شان
حضرت برّہ پہ ساجدؔ رحمتیں ہوں بے شمار — ہے نواسہ جن کا ساجدؔ تاجدارِ دوجہاں

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

والدِ مکرم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب بن ہاشم رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 554ء سال وصال: 571ء آرامگاہ: جنۃ البقیع شریف مدینہ منورہ

والدمکرم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

آپ عالی نسب، پارسا، باصفا
انتخابِ خداوند، صاحبِ جُود وسخا
مہ جبیں، دلنشیں، خوش اَدا، خوش لقا
آپ اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا
آپ عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿کلام: پروفیسر افضال احمد انورؔ﴾

والدۂ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیدہ آمنہ علیہا السلام بنت وہب بن عبدالمناف بن زہرہ رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 549ء سال وصال: 577ء آرامگاہ: ابواء شریف

والدۂ ماجدہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پہ لاکھوں سلام

واہ رتبہ تیرا سیدہ آمنہ علیہا السلام — نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ علیہا السلام
سب رسولوں کا سلطان و سردار ہے — آپ کا لاڈلا سیدہ آمنہ علیہا السلام
سب فرشتوں کی جھکتی جبیں ہے جہاں — وہ ہے حجرہ تیرا سیدہ آمنہ علیہا السلام
از ازل تا ابد پاک ہی پاک ہے — سب گھرانہ تیرا سیدہ آمنہ علیہا السلام

﴿کلام: علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ﴾

درمدح سیدہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا

سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بنت ابی ذؤیب بن عبداللہ بن الحارث

سال وصال: 8ہجری 629ء آرامگاہ: جنۃ البقیع شریف مدینہ منورہ

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

تجھے مل گئی اک خدائی حلیمہ رضی اللہ عنہا — کہ ہے گود میں مصطفائی حلیمہ رضی اللہ عنہا
میسر نہیں ہے کسی کو جہاں میں — وہ دولت جو تو نے کمائی حلیمہ رضی اللہ عنہا
نصیرؔ اپنی قسمت پہ نازاں ہو جس دم — ملے تیرے دَر کی گدائی حلیمہ رضی اللہ عنہا

﴿کلام: سید نصیرالدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ

سال ولادت: 556ء سال وصال: 619ء (11 رمضان المبارک) آرامگاہ: جنۃ المعلی شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں ۔۔۔ مالک دوسرا خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں
سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مانا ۔۔۔ نورِ راہِ ہدیٰ خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں

﴿ کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی ﴾

منقبت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بنت ابی بکر صدیق بن عثمان رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 614ء سال وصال: 678ء (17 رمضان المبارک 58ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

ارفع واعلیٰ و بالا ہے مقام عائشہ رضی اللہ عنہا ۔۔۔ احترام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے احترام عائشہ رضی اللہ عنہا
اُن کی عصمت کی گواہی دیتی ہے سورۂ نور ۔۔۔ ہوگیا قرآن میں ظاہر دوام عائشہ رضی اللہ عنہا

﴿ کلام: علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن

اُمّہاتُ المؤمنین رضی اللہ عنہن کی عظمت پہ لاکھوں سلام

سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: عام الفیل کے 25 سال بعد)
سال ولادت: 556ء سال وصال: 619ء (11 رمضان المبارک)

سیدہ سودہ بنت زُمعہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: قبل ہجرت 10 نبوی)
سال ولادت: 589ء سال وصال: 674ء (22ھ یا 54ھ)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: نبوت کے دسویں سال)
سال ولادت: 614ء سال وصال: 678ء (17 رمضان المبارک 58ھ)

سیدہ حفصہ بنت عمر فاروق رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 3 ہجری)
سال ولادت: 614ء سال وصال: 678ء (17 رمضان المبارک 58ھ)

سیدہ زینب بن خزیمہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 3 ہجری)
سال ولادت: 595ء سال وصال: 626ء (ماہِ ربیع الثانی 4ھ)

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 4 ہجری)
سال ولادت: 596ء سال وصال: 683ء (ماہِ ربیع الاوّل 62ھ)

سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 5 ہجری)
سال ولادت: 590ء سال وصال: 641ء (19 ربیع الاوّل 20ھ)

سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 5 یا 6 ہجری)
سال ولادت: 608ء سال وصال: 676ء (ماہِ ربیع الاول 56ھ)

سیدہ اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 6 یا 7 ہجری)
سال ولادت: 594ء سال وصال: 666ء (4 صفر المظفر 44ھ)

سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 7 ہجری)
سال ولادت: 610ء سال وصال: 670ء (ماہِ رمضان المبارک 50ھ)

سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 7 ہجری)
سال ولادت: 594ء سال وصال: 673ء (3 محرم الحرام 51ھ)

سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا (سالِ ازدواج: 6، 7 ہجری)
سال وصال: 637ء (ماہِ محرم الحرام 16ھ)

نور کی اک کرن مدحتِ ازواجِ رسول رضی اللہ عنہن ۔۔۔ میرے دل میں ہے مکیں عظمتِ ازواجِ رسول رضی اللہ عنہن
بالیقین آیۂ تطہیر کہ ہیں وہ مصداق ۔۔۔ صاف شفاف رہی فطرتِ ازواجِ رسول رضی اللہ عنہن
باادب باش! کہ اُمت کہ مائیں ہیں نصیؔر ۔۔۔ ہے سعادت کا نشاں، نسبت ازواجِ رسول رضی اللہ عنہن

﴿ کلام: سید نصیر الدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عثمان ابی قحافہ بن عمرو

سال ولادت:573ء سال وصال:634ء (22 جمادی الآخر 13ھ) آرامگاہ: گنبدخضری شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

بیان ہو کس زباں سے مرتبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا
ہے یارِ غارِ محبوبِ خدا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا

لٹایا راہِ حق میں گھر کئی بار اس محبت سے
کہ لُٹ لُٹ کر حسن گھر بن گیا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا

﴿ کلام: استاذِ زمن علامہ حسن رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب بن نفیل

سال ولادت:581ء سال وصال:644ء (یکم محرم الحرام 23ھ) آرامگاہ: گنبدخضری شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

جمالِ رسالت ہیں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ
جلالِ نبوت ہیں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

مُجسم صداقت ہیں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ
کمالِ عدالت ہیں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

﴿ کلام: علامہ محمد افضل کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان بن ابی العاص

سال ولادت:576ء سال وصال:656ء (18 ذوالحجہ 35ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

عاشقِ خیر الوریٰ عثمان رضی اللہ عنہ ہیں
جاں نثارِ مصطفیٰ عثمان رضی اللہ عنہ ہیں

کیوں بغیر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرتے طواف
جب کہ یارِ باوفا عثمان رضی اللہ عنہ ہیں

﴿ کلام: علامہ محمد افضل کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت سیدنا علی المرتضیٰ علیہ السلام

سیدنا علی علیہ السلام بن ابی طالب بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہم

سال ولادت:601ء سال وصال:664ء (21 رمضان المبارک 40ھ) آرامگاہ: نجف اشرف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

ہے جنت کی کنجی محبت علی علیہ السلام کی
ہے دوزخ کا باعث عداوت علی علیہ السلام کی

بتاؤ ہے کم یہ سعادت علی علیہ السلام کی
ہوئی گھر خدا کے ولادت علی علیہ السلام کی

﴿ کلام: علامہ محمد افضل کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت سیدنا ابو طالب علیہ السلام سیدنا ابو طالب علیہ السلام بن عبد المطلب بن ہاشم

سال ولادت: 539ء سال وصال: 619ء (ماہِ شوال 10 بعثت نبوی) آرامگاہ: مقام حجون، مکہ شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سراپا دین سراپا وفا ابو طالب علیہ السلام — رسول پاک کا مدحت سرا ابو طالب علیہ السلام

مثال اُس کی یقیناً محال ہے صائم — ہوئے حضور پہ جیسے فدا ابو طالب علیہ السلام

﴿کلام: علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت اسد بن ہاشم بن عبد مناف

سال ولادت: 555ء سال وصال: 625ء (7 رمضان المبارک 3ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کو مرتبہ اعلیٰ ملا — فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کو ماں تھا آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا

رحمتیں دینے تھے جن کی قبر میں لیٹے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — ہیں وہ ساجد جدۂ شاہِ شہیدانِ وفا

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

در مدحِ سید الشہدا سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب بن ہاشم رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 567ء سال وصال: 625ء (15 شوال المکرم 3ھ) آرامگاہ: مقام اُحد شریف

آپ کی عظمت و جرأت پہ لاکھوں سلام

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سیّد الشہدا — کاشف الکرب ہیں بفضل خدا

مزارِ انور ہی نہیں بس جنت — اُحد سارا ہے جنت المأویٰ

بھیک مل جائے در پہ حاضر ہے — فخرؔ ادنیٰ گدائے کوئے شما

﴿کلام: خواجہ غلام فخر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ سیدنا عباس بن عبد المطلب بن ہاشم رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 568ء سال وصال: 653ء (17 رجب المرجب 32ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

عمّ رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں عباس نامدار — سرکارِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اُن سے بڑا تھا پیار

نظر کرم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساجد جو پڑ گئی — عباس رضی اللہ عنہ پیارے ہوگئے اِک دُرِّ تابدار

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدہ صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا

سیدہ صفیہ بنت عبدالمطلب بن ہاشم رضی اللہ عنہم

سال ولادت: 570ء سال وصال: 641ء (20ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

صفیہ رضی اللہ عنہا بنتِ عبدالمطلب عالی نشان — ہیں صفیہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پھوپھی جان

ساجدؔ اُن میں خونِ ہاشم تھا رواں — اُن کی عظمت کیسے ہو پائے بیان

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پھوپھیاں جان

عاتکہ، اُمیمہ، اُمّ حکیم، برّہ، صَفِیّہ، اَروی رضی اللہ عنہن

اِن کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

پیارے نبی کی پھوپھیاں عظمت میں ہیں وریٰ — نسبت سے مصطفیٰ کی ہوا اُن پہ خوش خدا

لاکھوں سلام اُن پہ ہوں ساجد غریب کے — جن کے لئے حضور بھی کرتے رہے دعا

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

در مدح شہزادگانِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

سیدنا قاسم، سیدنا عبداللہ، سیدنا ابراہیم، سیدنا طیب علیہم السلام آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

قابلِ دید ہیں سب ماہ لقا شہزادے — نور ہیں آپ نبی کے نورنما شہزادے

رحمتیں خاص ہوئیں قاسم عبداللہ پر — نور ہی نور سراپا بخدا شہزادے

طیب اچھے ہیں ابراہیم نہایت اچھے — واقعی سارے زمانے سے جدا شہزادے

﴿کلام: سید نصیر الدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ﴾

در مدح شہزادئ رسول سیدہ زینب علیہا السلام

سال ولادت: 600ء سال وصال: 631ء (ماہ صفر یا ماہِ ذوالحجہ 8ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ کے گھر کی رونق سیّدہ زینب، سلام — آپ ہیں بنت خدیجہ آپ کا اعلیٰ مقام

ہے بقیعِ پاک میں وہ نُوری مرقد آپ کا — جس پہ دیتے حاضری قُدسی بھی ہیں با احترام

اُن کی عظمت کوئی بھی ساجد کرے کیسے بیاں — اولیاء و اصفیاء بھی جن کے در ہیں غُلام

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

درمدح شہزادیٔ رسول سیدہ رُقیہ علیہا السلام

سال ولادت: 603ء سال وصال: 625ء (ماہِ رمضان المبارک 2ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

شہزادیٔ رسول رُقیہ علیہا السلام سلام ہو
لختِ دلِ خدیجۂ کبریٰ علیہا السلام سلام ہو

یا سیدہ علیہا السلام قبول ہو ہم سب کی حاضری
ساجد ادب سے در پہ آیا سلام ہو

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

درمدح شہزادیٔ رسول سیدہ اُمّ کلثوم علیہا السلام

سال ولادت: 604ء سال وصال: 632ء (ماہِ شعبان المعظم 9ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

زوجۂ عثمان رضی اللہ عنہ بنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
ہیں خدیجہ پاک علیہا السلام کے دل کی ضیاء

اُن کی عظمت ہم بیان کیسے کریں
وہ ہماری سوچ سے ہیں ماوریٰ

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

درمدح شہزادیٔ رسول سیدہ فاطمہ زہرا علیہا السلام

سال ولادت: 605ء سال وصال: 634ء (3 رمضان المبارک 11ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

کیوں کر نہ ہوں معیارِ سخا فاطمہ زہرا علیہا السلام
ہیں دخترِ محبوبِ خدا فاطمہ زہرا علیہا السلام

اب تو ہے نصیر ان سے عقیدت کا یہ عالم
ہر حال میں ہے وردِ مرا فاطمہ زہرا علیہا السلام

﴿کلام: سید نصیر الدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدہ زینب بنت سیدنا علی المرتضیٰ علیہما السلام

سال ولادت: 626ء سال وصال: 682ء (15 رجب الرجب 62ھ) آرامگاہ: دمشق (شام)

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

دستار ہے حسین علیہ السلام کے سر پر رسول کی
سیدہ زینب کی پردہ دار ہے چادر بتول کی

دربارِ میر شام کا منظر عجیب ہے
زینب کو مل رہی ہے وراثت بتول کی

﴿کلام: محمد اختر﴾

منقبت سیدنا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام سیدنا امام حسن مجتبیٰ بن سیدنا علی المرتضیٰ علیہما السلام

سال ولادت: 625ء سال وصال: 670ء (5 ربیع الاول 50ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

زمین سے تابہ فلک ہر طرف صدائے حسن علیہ السلام — بُلند وبرتر وبالا ہوا لوائے حسن علیہ السلام

کسی بھی شے کی کمی، نہ آرزو، نہ طلب — نصیر فضل خدا سے ہوں میں گدائے حسن علیہ السلام

﴿کلام: سید نصیر الدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدنا امام حسین علیہ السلام سیدنا امام حسین بن سیدنا علی المرتضیٰ علیہما السلام

سال ولادت: 626ء سال وصال: 680ء (10 محرم الحرام 61ھ) آرامگاہ: کربلا شریف عراق

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سید نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں — دین محمدی کے گلشن کھلا دیئے ہیں

شبیر علیہ السلام کی ہی ایسی پُر درد داستاں ہے — دِل پتھروں کے واللہ جس نے ہِلا دیئے ہیں

﴿کلام: حافظ محمد حسین حافظ رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت سیدنا غازی عباس علیہ السلام سیدنا عباس بن سیدنا علی المرتضیٰ علیہما السلام

سال ولادت: 647ء سال وصال: 680ء (10 محرم الحرام 61ھ) آرامگاہ: کربلا شریف عراق

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

تسکین قلب وجان ہے عباس علیہ السلام تیرا نام — ورد ہر اِک زبان ہے عباس علیہ السلام تیرا نام

صبحِ وَفا کے ماتھے کا جھومر بھی ہے یہی — شامِ ابد کی شان ہے عباس علیہ السلام تیرا نام

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام سیدنا علی بن سیدنا حسین بن سیدنا علی المرتضیٰ علیہم السلام

سال ولادت: 659ء سال وصال: 713ء (25 محرم، 14 ربیع الاوّل 95ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

صبر کا کوہِ ہمالہ حضرت سجاد علیہ السلام ہیں — زینت زُہد وعبادت کامران وکامیاب

جن کی دادی جان ہیں بنتِ نبی حرمِ علی — جن کے باباجان ہیں سردار ہر اِک شیخ وشاب

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام محمد باقر علیہ السلام

سیدنا امام محمد باقر بن علی بن سیدنا حسین علیہم السلام

سال ولادت: 676ء سال وصال: 733ء (7 ذوالحج 114ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

نبی کے گلشن کا گلِ تر امام باقر، امام باقر | علوم حیدر کا خاص جوہر امام باقر، امام باقر

امین صبر ورضا یہی ہیں، وقارِ آلِ عبا یہی ہیں | جنابِ سجاد کے ہیں اختر امام باقر امام باقر

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام

سیدنا امام جعفر صادق بن سیدنا امام باقر بن امام زین العابدین علیہم السلام

سال ولادت: 702ء سال وصال 765ء (15 شوال 148ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

خورشیدِ رسالت کی ضیاء جعفر صادق علیہ السلام | دلبند علی شیر خدا جعفر صادق علیہ السلام

عالی نسبی جس کی ہے مشہورِ زمانہ | ہر دور کا ہے رہنما جعفر صادق علیہ السلام

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام باقر علیہم السلام

سال ولادت: 745ء سال وصال: 799ء (7 صفر، 25 رجب 183ھ) آرامگاہ: کاظمین بغداد

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

موسیٰ کاظم علیہ السلام ہیں گلِ آلِ عبا | موسیٰ کاظم علیہ السلام کاملوں کے رہنما

موسیٰ کاظم علیہ السلام میں ہے نورِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | پھیلی اِن کے نُور کی ہر سو ضیاء

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام علی رضا علیہ السلام

سیدنا امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق علیہم السلام

سال ولادت: 765ء سال وصال: 818ء (23 ذیقعدہ، 21 رمضان 203ھ) آرامگاہ: مشہد ایران

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

نورِ نبی اور فیض کا دریا گوہر یکتا علی رضا ہے | کامل واکمل، نور کا پیکر علی کا تارا علی رضا ہے

آلِ نبی اولادِ علی ہے باغِ نبی کی تازہ کلی ہے | اِس کا سخی گھرانہ سارا کرم سراپا علی رضا ہے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت سیدنا امام محمد تقی علیہ السلام سیدنا امام بن محمد بن امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم علیہم السلام

سال ولادت: 810ء سال وصال: 835ء (29 ذی القعدہ 220ھ) آرامگاہ: کاظمین، بغداد

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

جہانِ علم و فضل کے ہیں تاجور سخی تقی علیہ السلام — سب اولیاء و اتقیاء کے راہبر سخی تقی علیہ السلام

کمال میں ہیں منفرد، جمال میں ہیں منفرد — ہیں ساجدؔ اپنے ہر شرف میں معتبر سخی تقی علیہ السلام

{کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی}

منقبت سیدنا امام علی نقی علیہ السلام سیدنا امام محمد علی نقی بن محمد تقی بن امام علی رضا علیہم السلام

سال ولادت: 829ء سال وصال: 868ء (3 رجب 254ھ) آرامگاہ: سامرہ، عراق

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

عظیم تر ہے مرتبہ علی نقی علیہ السلام امام کا — ہر ایک لب پہ تذکرہ ہے اُن کے فیض عام کا

علی نقی کی ساجد عظمتوں کی حد نہیں کوئی — بھرم ہیں رکھتے آج بھی یہ اپنے ہر غلام کا

{کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی}

منقبت سیدنا امام حسن عسکری علیہ السلام سیدنا امام حسن عسکری بن امام محمد علی نقی بن محمد تقی علیہم السلام

سال ولادت: 846ء سال وصال 874ء (8، 10 ربیع الاوّل 260ھ) آرامگاہ: سامرہ، عراق

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

جن کا لقب زکی ہے حسن عسکری ہے نام — آلِ رسول پاک میں ہیں گیارہویں امام

حُسنِ حَسن کی اُن میں نظر آتی ہے جھلک — نسبت حسن کے نام کی آئی ہے اُن کے کام

{کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی}

منقبت سیدنا امام محمد مہدی علیہ السلام سیدنا امام مہدی علیہ السلام کا ظہور آخیر زمانے میں حق اور صدق ہے اس پر اعتقاد رکھنا ضروری ہے، اس لیے کہ اِن کا ظہور احادیثِ متواترہ اور اجماعِ اُمت سے ثابت ہے۔

آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

آئیں گے دیکھنا آئیں گے محمد مہدی — ساری دُنیا کو سجائیں گے محمد مہدی

راستہ حق و ہدایت کا وہ ساجد ہوگا — جادۂ حق پہ چلائیں گے محمد مہدی

{کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی}

سلام بحضور ساکنانِ جنت البقیع شریف

خُلدِ بقیع میں دفن ستاروں سلام ہو — سرکارِ دو جہاں ﷺ کے پیارو سلام ہو

جنت نشین ہو گئے دنیا میں بالیقین — جنت بقیع کی تازہ بہارو سلام ہو

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

سلام بحضور ساکنانِ جنت المعلی شریف

اے ساکنانِ خُلد معلیٰ سلام ہو — ہمسائیگانِ قبلۂ اعلیٰ سلام ہو

قسمت پہ تم جو ناز کرو تو یہ ہے بجا — تم کو ملا ہے خُلد کا ٹکڑا سلام ہو

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 408ء سال وصال 698ء (10 رجب 13 صفر 35ھ) آرامگاہ: مدائن، عراق

سرکار ﷺ پہ قربان ہیں سلمان فارسی رضی اللہ عنہ — دینِ مبین کی شان ہیں سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

اقرار کر رہا ہوں یہ دل کی زبان سے — طاہرؔ مرے سلطان ہیں سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

﴿کلام: محمد طاہر سلطانی﴾

منقبت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 580ء سال وصال 640ء (ماہِ محرم الحرام 20ھ) آرامگاہ: باب الصغیر، دمشق

نبی کے عشق میں ہو کر فنا، بقا پائی — زہے یہ عزّ و شرف یہ کمال و رعنائی

بلال عشق پہ تیرے نثار ہونے کو — یہ چشمِ شوق ترے در پہ بار بار آئی

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت سیدنا اویس قرنی رضی اللہ عنہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 594ء سال وصال 657ء (ماہِ صفر 37ھ) آرامگاہ: الرقہ، شام

وفا میں یکتا اویس قرنی، نبی کا پیارا اویس قرنی — ہے رہبرِ راہِ عشق و مستی، کرم کا دھارا اویس قرنی

تری وجہ سے ہیں میرے آقا یمن کی خوشبو سے پیار کرتے — تمہاری قسمت کا کس قدر ہے بلند تارا اویس قرنی

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت عبداللہ شاہ غازی رحمۃ اللہ علیہ — آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 716ء سال وصال 768ء (20 ذوالحج 151ھ) آرامگاہ: کراچی، پاکستان

دین کا چمن ہے خوب سجایا عبداللہ شاہ غازی نے — پنجتن کا ہے فیض لٹایا عبداللہ شاہ غازی نے

آلِ نبی اولادِ علی ساجدؔ تاج ہیں ولیوں کا — سندھ اور ہند کو ہے چمکایا عبداللہ شاہ غازی نے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ — آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 750ء سال وصال 815ء (20 محرم الحرام 200ھ) آرامگاہ: شونیز، بغداد

حضرت معروف کرخی تاجدارِ اولیاء — حضرت معروف کرخی ہیں بہارِ اولیاء

فقر کا کوہِ عزیمت ہیں یہ ساجد بالیقین — حضرت معروف کرخی ہیں وقارِ اولیاء

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ — آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 833ء سال وصال 909ء (27 رجب المرجب 297ھ) آرامگاہ: بغداد شریف

ہوئے جو آل پہ قرباں جنید بغدادی — بنے تھے مہر درخشاں جنید بغدادی

عطا ہوئی ہے انہیں مسندِ طریقت بھی — ہیں اولیاء کے نگہبان جنید بغدادی

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت سیدنا داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ — آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1009ء سال وصال 909ء (27 رجب المرجب 297ھ) آرامگاہ: لاہور، پاکستان

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا — ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

گنج بخشی آپ کی مشہور ہم پر کر کرم — کر کرم کر وا کرم دونوں جہاں میں رکھ شرم

منقبت سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ — آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1078ء سال وصال 1168ء (8، 11، ربیع الثانی 561ھ) آرامگاہ: بغداد شریف

سرکارِ غوث اعظم نظر کرم خدارا — میرا خالی کاسہ بھر دو میں فقیر ہوں تمہارا

جھولی کو میری بھر دو ورنہ کہے گی دنیا — ایسے سخی کا منگتا پھرتا ہے مارا مارا

سب کا کوئی نہ کوئی دنیا میں آسرا ہے — میرا بجز تمہارے کوئی نہیں سہارا

منقبت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1142ء سال وصال 1236ء (6 رجب المرجب 633ھ) آرامگاہ: اجمیر شریف

خواجہ خواجگان غریب نواز رہنمائے جہاں غریب نواز
لاکھوں لوگوں کو دین کا نور دیا حق کا روشن نشاں غریب نواز

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت شہزادگانِ غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

حضرت یعقوب فیض عالم رحمۃ اللہ علیہ، حضرت اسحاق نور عالم رحمۃ اللہ علیہ

سال وصال 1170ء (24 رجب 566ھ، عرس مبارک ہاڑ کی پہلی جمعرات 16 سے 20 جون) آرامگاہ: کلرکہار شریف

نورِ عین مصطفیٰ یعقوب شاہ، اسحاق شاہ غوث اعظم کی ضیاء یعقوب شاہ اسحاق شاہ
دین پر جانیں لُٹا کے ہو گئے ہیں سرخرو میرا ساجدؔ مدعا یعقوب شاہ اسحاق شاہ

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1171ء سال وصال 1262ء (7 صفر المظفر 661ھ) آرامگاہ: ملتان شریف

ہیں بہاؤ الدین زکریا ولی ابن ولی غوث ہیں ملتان کے شانِ کرم قطب جلی
ساجدؔ اُن کے فیض کا ہے معترف سارا جہاں ہے ولایت آپ کے دربار سے ولیوں نے لی

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت لعل شہباز قلندر عثمان مروندی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1177ء سال وصال 1274ء (18 شعبان المعظم 673ھ) آرامگاہ: سیہون، پاکستان

پیغام محبت کے امین لعل قلندر شہباز قلندر سخی لجپال قلندر
پنجتن کے گل تازہ ولی ابن ولی ہیں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیں یہ آل قلندر

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1178ء سال وصال 1265ء (5 محرم الحرام 661ھ) آرامگاہ: پاکپتن، پاکستان

دنیا کے غم کے مارے آلام کے ستائے گنج شکر تمہارے منگتے ہیں در پہ آئے
جھولی بھی خود عطا کر خیرات بھی عطا کر اللہ کی عطا سے بگڑی کو تو بنائے

﴿کلام: علامہ محمد صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت خواجہ علاؤالدین علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1196ء سال وصال 1291ء (13 ربیع الاوّل 690ھ) آرامگاہ: کلیر شریف، انڈیا

فیض کا ہر دَم رواں بحرِ عطا کلیر میں ہے — مصطفیٰ و مرتضیٰ کا لاڈلا کلیر میں ہے

جس کے صبر و زُہد کی صائمؔ جہاں میں دھوم ہے — وہ علی احمد رحمۃ اللہ علیہ ہمارا پیشوا کلیر ہے

﴿ کلام: علامہ محمد صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت حضرت شرف الدین بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1208ء سال وصال 1323ء (3 شعبان 724ھ) آرامگاہ: پانی پت، انڈیا

علی کا مظہر، علی کی خوشبو، علی کا نفس حسین قلندر

رقم ہے جس پر حیاتِ عالم ہے تیری لوحِ جبین قلندر

تو مَست و مجذوب حیدری ہے علی کی بُو سے تو بُوعلی ہے

ہزاروں غوث اور مست لاکھوں ہیں تیرے زیرِ نگین قلندر

﴿ کلام: علامہ محمد صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1238ء سال وصال 1325ء (27 ربیع الاوّل 634ھ) آرامگاہ: دہلی، انڈیا

نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ ہیں ماہِ ولایت — نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ ہیں شانِ نظامت

شکستہ ہیں مِرے الفاظ ساجدؔ — ہو مقبولِ جہاں مِری عقیدت

﴿ کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی ﴾

منقبت حضرت شیخ رکن الدین ملتانی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1251ء سال وصال 1335ء (3 جمادی الاولیٰ 735ھ) آرامگاہ: ملتان، پاکستان

رُکن عالم رحمۃ اللہ علیہ اولیاء کے تاجدار — رُکن عالم رحمۃ اللہ علیہ سے ہے عالم میں بہار

ہر گھڑی ساجدؔ کرتے ہیں یہ — اِس لیے سائل ہیں آتے بار بار

﴿ کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی ﴾

منقبت حضرت سید جلال الدین سرخ بخاری رحمۃ اللہ علیہ المعروف حضرت مخدوم جہانیاں جاں گشت رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1308ء سال وصال 1384ء (10 ذوالحجہ 785ھ) آرامگاہ: اوچ شریف، پاکستان

ہیں جلال الدین بخاری اولیاء کے تاجور — وہ ہیں مخدوم جہاں گشت و جہاں کے راہبر

نورِ عین مصطفیٰ ہیں سید السادات ہیں — پیشوا ہیں مانتے ساجدؔ انہیں اہل نظر

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1550ء سال وصال 1635ء (7 ربیع الاوّل 1045ھ) آرامگاہ: لاہور، پاکستان

صداقت کا نشان حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ — رہیں گے جاوِداں حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ

رہِ اُلفت کے ساجدؔ رہنما ہیں — کرم کا آسماں حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت سید موسیٰ پاک شہید رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1545ء سال وصال 1601ء (23 شعبان 1010ھ) آرامگاہ: ملتان شریف، پاکستان

شاہِ دوعالم کے دلبر ہیں موسیٰ پاک شہید — اہل ولایت کے رہبر ہیں موسیٰ پاک شہید

قادری فیض کے قاسم ساجدؔ ولیوں کے سلطان — غوث الاعظم کا مظہر ہیں موسیٰ پاک شہید

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1564ء سال وصال 1624ء (28 صفر المظفر 1034ھ) آرامگاہ: سرہند، انڈیا

ابن فاروق اعظم مجدد پیا، سید الاولیاء تیری کیا بات ہے
بادشاہوں نے مانا تیرا دبدبہ، شوکت اصفیا تیری کیا بات ہے
تیرا جاری زمانے میں فیضان ہے، ہم غریبوں کا تو ہی تو سلطان ہے
تیرے در پہ جھکا بادشاہوں کا سر اَلف ثانی پیا تیری کیا بات ہے
پھر گھٹا چھائی صائم ہے اَدبار کی دین کو پھر ضرورت ہے سرکار کی
پھر نظام محمد عطا ہو ہمیں میرے مشکل کُشا تیری کیا بات ہے

﴿کلام: علامہ محمد صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ﴾

منقبت حضرت شاہ عبداللطیف بری امام رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1617ء سال وصال 1117ء (20 ربیع الاوّل 1117ھ) آرامگاہ: اسلام آباد، پاکستان

موسیٰ کاظم کے پیارے اولیاء کے تاجدار — سیّد عالی حسب، عالی نسب، عالی وَقار
ہیں امام اولیاء برّی امام اُن کا لقب — ساجدؔ اُن کی کوششوں سے دین پر آئی بہار

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1630ء سال وصال 1691ء (یکم جمادی الثانی 1102ھ) آرامگاہ: جھنگ، پاکستان

ہیں ولیوں کے سلطاں سلطان باھو — ہیں فیضان کی کان سلطان باھو
ہیں اولادِ مولا علی بھی ولی بھی — ولایت کی برہان سلطان باھو

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت رحمان بابا پشاوری رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1653ء سال وصال 1711ء (16 جمادی الثانی 1118ھ) آرامگاہ: پشاور، پاکستان

حضرت رحمان بابا آیتِ رحمان ہیں — حضرتِ رحمان بابا عشق کی پہچان ہیں
خدمتِ انسانیت ساجدؔ رہا اُن کا طریق — اِس پہ شاہد آج بھی رحمان کے دیوان ہیں

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1689ء سال وصال 1752ء (14 صفرالمظفر 1165ھ) آرامگاہ: بھٹ شاہ، پاکستان

کیا ہے دین کا روشن دیا بھٹائی نے — دکھائی خلق کو راہِ خدا بھٹائی نے
سکون ملتا ہے ساجد کلام پڑھتے ہوئے — ہے جو لکھا وہ ہے دل سے لکھا بھٹائی نے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت وشوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1746ء سال وصال 1791ء (16 جمادی الثانی 1215ھ) آرامگاہ: چشتیاں، پاکستان

حضرت خواجہ نور محمد کا ہے رتبہ عالی — چشتیہ کے سردار ہیں خواجہ چشتیاں کے ہیں والی
اُن کے دَر سے آج بھی ساجد لاکھوں فیض ہیں پاتے — دَر پر اُن کے آنے والا کبھی نہ لوٹا خالی

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

منقبت حضرت شاہ سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سالِ ولادت: 1770ء سالِ وصال 1850ء (6،7 صفر المظفر 1267ھ) آرامگاہ: تونسہ شریف، پاکستان

ہے فیض کا ہر سو جاری تونسہ کے تاجور کا
دامن جہاں کے بھرتا جو منگتا ہے اُن کے در کا

ساجد ملی ہے نسبت تونسہ کے دِلربا کی
میں بھی ہوں ایک ذرہ خواجہ کی رہگذر کا

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سالِ ولادت: 1799ء سالِ وصال 1883ء (24 صفر المظفر 1300ھ) آرامگاہ: سیال شریف، سرگودھا

خواجہ شمس الدین شمس العارفین
تونسہ والوں کے ہیں یہ مہر مبین

مرشد کامل کو اِن پر فخر ہے
ہیں دل عشاق میں ساجد مکین

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سالِ ولادت: 1855ء سالِ وصال 1921ء (25 صفر المظفر 1340ھ) آرامگاہ: بریلی شریف، بھارت

تونے باطل کو مٹایا اے امام احمد رضا
دین کا ڈنکا بجایا اے امام احمد رضا

دورِ باطل اور ضلالت ہند میں تھا جس گھڑی
تو مجدد بن کے آیا اے امام احمد رضا

﴿کلام: مولانا محمد الیاس عطار قادری﴾

منقبت حضرت پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سالِ ولادت: 1859ء سالِ وصال 1937ء (29 صفر المظفر 1356ھ) آرامگاہ: گولڑہ شریف، اسلام آباد

مہر علی کی مہر سے تاباں عالم ہے
مہر علی شاہِ عالم عارف اکرم ہے

مہر علی پر مُہر علی کی مہر کی ہے
گولڑے والے کا فیضان ہمہ دم ہے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سالِ ولادت: 1865ء سالِ وصال 1928ء (3 ربیع الاوّل 1347ھ) آرامگاہ: شرقپور شریف، شیخوپورہ

حضرت شیر محمد رحمۃ اللہ علیہ آفتاب علم و دین
جلوۂ آئینہ انوارِ ربُّ العالمین

معدنِ جُود و سخا سرچشمۂ دین وصفا
ناقصوں پہ ہو کرم بہر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو کام نہ ہوسکا زمانے سے
وہ شاد کام اُٹھا آپ کے آستانے سے

منقبت حضرت پیر سید محمد اسمٰعیل شاہ بخاری کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1884ء سال وصال 1966ء (25 جمادی الاولیٰ 1386ھ) آرامگاہ: کرمانوالہ شریف، اوکاڑہ

جلوۂ محبوبِ یزداں حضرت شاہ اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ — قطبِ عالم جانِ جاناں حضرت شاہ اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ

ہے خمیر پاک جن کا رحمت عالم کا خون — پنجتن کے ماہِ تاباں حضرت شاہ اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت پیر سید محمد علی شاہ بخاری کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1922ء سال وصال 1993ء (19 ذوالحجہ 1413ھ) آرامگاہ: کرمانوالہ شریف، اوکاڑہ

پیر محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت اعلیٰ ہے — بحرِ کرم کا ہر سُو فیض نرالا ہے

'باباجی سرکار' ہیں جھولی بھر دیتے — جو بھی دَر پر آتا مانگنے والا ہے

ساجد بانٹنے والا کر دیا مُرشد نے — جس کی جھولی میں اِک ٹکڑا ڈالا ہے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت پیر سید محمد عثمان علی شاہ بخاری کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1929ء سال وصال 1978ء (9 شعبان المعظم 1398ھ) آرامگاہ: کرمانوالہ شریف، اوکاڑہ

مرکز مہر و وفا عثمان شاہ رحمۃ اللہ علیہ — شاہ کرمانوالہ رحمۃ اللہ علیہ کے لختِ جگر

سیدہ زہرا علیہا السلام کے نورِ عین ہیں — رہبر ہر راہنما عثمان شاہ رحمۃ اللہ علیہ

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

منقبت حضرت پیر سید غضنفر علی شاہ بخاری کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1956ء سال وصال 1992ء (25 شعبان المعظم 1412ھ) آرامگاہ: کرمانوالہ شریف، اوکاڑہ

کرم غضنفر علی بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا چار سُو ہے، نگر نگر ہے

سوالی جاتا نہیں ہے خالی کرم غضنفر رحمۃ اللہ علیہ کا اُوج پر ہے

خزینہ علم و فن غضنفر رحمۃ اللہ علیہ ہے رونقِ انجمن غضنفر رحمۃ اللہ علیہ

ہے وارثِ شاہ کرمانوالہ رحمۃ اللہ علیہ جہاں کے ولیوں میں معتبر ہے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی﴾

سلام بحضور اولیائے کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہم

شاہِ اسماعیل پیارے نور والے السلام
شاہِ اسماعیل پیارے حق کے اُجالے السلام

السلام اے تاجدارِ اولیاء حق کے ولی
کرماں والا کی ضیاء یا سیدی محمد علی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت عثمان شاہ کردو کرم ساجد پہ اب
اے مرے مرشد اے میرے راہبر تم کو سلام

یا غضنفر شاہ تیری عظمت دوامی پر سلام
یا غضنفر شاہ تیری نیک نامی پر سلام

《کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی》

منقبت حضرت مولانا محمد سردار احمد محدث اعظم رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1903ء سال وصال 1962ء (29 رجب المرجب 1382ھ) آرامگاہ: فیصل آباد، پاکستان

جسے چہرہ نظر آیا میرے سردار احمد کا
دل وجاں سے ہوا شیدا میرے سردار احمد کا

اہل حق کی تیغ جو ہر دار ہیں شیخ الحدیث
حزبِ باطل کے لیے تلوار ہیں شیخ الحدیث

منقبت حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1904ء سال وصال 1981ء (17 رمضان المبارک 1401ھ) آرامگاہ: سیال شریف، پاکستان

قمر ملت شیخ الاسلام آپ ہیں
سُنیوں پہ رب کا انعام آپ ہیں

عالم و عارف ہیں ساجدؔ میری جان
مرہم ہر درد و آلام آپ ہیں

《کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی》

منقبت حضرت خواجہ غلام فخر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1911ء سال وصال 1998ء آرامگاہ: سیال شریف، پاکستان

خواجہ فخر الدین ہیں فخر جہاں
عالم وعارف کرم کا سائبان

ساجدؔ اُن کی شاعری دریائے نور
حضرت جبریل کے ہیں ہم زُباں

《کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی》

حضرت ابوانیس محمد برکت علی لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1911ء سال وصال 1996ء (16 رمضان المبارک 1417ھ) آرامگاہ: فیصل آباد

ہاتھ میں ہاتھ دینا میرا کام تھا
اب یہ نسبت نبھانا تیرا کام ہے

بحر الفت میں کشتی بہاد میں نے دی
اب کنارے لگانا تیرا کام ہے

تیرے قدموں میں آنا میرا کام تھا
میری قسمت جگانا تیرا کام ہے

منقبت حضرت مولانا محمد عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1927ء سال وصال 1964ء (14 رمضان المبارک 1383ھ) آرامگاہ: فیصل آباد

ندا ہاتف نے دی صائم وصال پاک پر اُنکے شہیدِ اہلسنّت عارف و کامل ولی یہ ہیں
کہاں اب آئے گا ایسا رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا شیدا بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

﴿ کلام: علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت مولانا محمد معین الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1929ء سال وصال 2006ء (27 ذی الحج 1427ھ) آرامگاہ: فیصل آباد

دیوانۂ غوث الوریٰ پروانۂ شمع رضا شیدائی شیخ الحدیث مداح شان ِ اولیا
وہ صاحبِ کردار تھا خوش خلق خوش گفتار تھا عشق نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جام سے سرمست تھا سرشار تھا

﴿ کلام: علامہ افضل کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ ﴾

منقبت صاحبزادہ عطاء المصطفیٰ نوری رحمۃ اللہ علیہ آپ کی عظمت و شوکت پہ لاکھوں سلام

سال ولادت: 1955ء سال وصال 2016ء (29 ربیع الاوّل 1437ھ) آرامگاہ: فیصل آباد

وفاؤں کا خزینہ تھے عطاء المصطفیٰ نوری محبت کا سفینہ تھے عطاء المصطفیٰ نوری
رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سچی محبت ان کے دِل میں تھی وہ ساجد اک نگینہ تھے عطاء المصطفیٰ نوری

﴿ کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی ﴾

الحاج میاں محمد امین رحمۃ اللہ علیہ حاجی محمد امین بن جمال دین بن اللہ بخش بن حاکم علی رحمۃ اللہ علیہم

سال ولادت: 1920ء سال وصال 1975ء (24 ربیع الثانی 1395ھ) آرامگاہ: فیصل آباد

کرم ہے رب جہاں کا اُن پر بڑی عنایت ہوئی خدا کی
جناب حاجی امین صاحب پہ نظر رحمت ہے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی

گدائے غوث الوریٰ بھی وہ تھے، فدائے احمد رضا بھی وہ تھے
وہ شیر شیر محمدی تھے ، وِلا ملی اِن کو اولیاء کی

خدا نے بخشی تھی ان کو عزت وہ اپنے مرشد کی تھے کرامت
جو کی تھی ساجدؔ راہِ خدا میں ہے دھوم اب بھی اسی سخا کی

﴿ کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجد چشتی ﴾

مکینِ خلد بقیع الحاج میاں محمد سلیم رحمۃ اللہ علیہ

حاجی محمد سلیم بن حاجی محمد امین بن جمال دین بن اللہ بخش بن حاکم علی رحمۃ اللہ علیہم

سال ولادت: 1940ء سال وصال 1995ء (24 محرم الحرام 1415ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

حاجی سلیم خلد بقیع کے مکین ہوئے — اپنے رفیق بھائی کے وہ ہمنشیں ہوئے

طیبہ سے اُن کی عشق کی معراج دیکھئے — مدفون دونوں بھائی ہیں ساجدؔ وہیں ہوئے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

مکینِ خلد بقیع الحاج میاں محمد رفیق رحمۃ اللہ علیہ

حاجی محمد رفیق بن حاجی محمد امین بن جمال دین بن اللہ بخش بن حاکم علی رحمۃ اللہ علیہم

سال ولادت: 1942ء سال وصال 1994ء (27 رمضان المبارک 1414ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

قسمت تھی یوں جگائی محمد رفیق نے — طیبہ سے لو لگائی محمد رفیق نے

سب کو رسول پاک کا خادم بنا گئے — بچوں سے کی بھلائی محمد رفیق نے

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

مکینِ خلد بقیع الحاج میاں نثار احمد رحمۃ اللہ علیہ

حاجی نثار احمد بن حاجی محمد امین بن جمال دین بن اللہ بخش بن حاکم علی رحمۃ اللہ علیہم

سال ولادت: 1950ء سال وصال 2017ء (24 ربیع الاول 1439ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

خدا کے عشق سے سرشار تھے حاجی نثار احمد — نثار احمد مختار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تھے حاجی نثار احمد

بنا مدفن بقیع کی خلد میں ساجدؔ زہے قسمت — نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آل کے حُبدار تھے حاجی نثار احمد

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

مکینِ خلد بقیع حاجن زینب سلیم بی بی رحمۃ اللہ علیہا

حاجن زینب بی بی بنت حاجی محمد سلیم بن حاجی محمد امین بن جمال دین بن اللہ بخش بن حاکم علی رحمۃ اللہ علیہم

سال ولادت: 1978ء سال وصال 2013ء (23 جمادی الاولیٰ 1434ھ) آرامگاہ: جنت البقیع شریف

ملی تھی زینب سلیم بی بی کو نسبت نام پاک زینب علیہا السلام

نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُلفت میں گم رہتیں، درود پاک پڑھتی تھیں روز و شب

نبی کی نعتیں ہی سنتے سنتے شہید طیبہ میں وہ ہوئیں تھیں

بنا ہے مدفن بقیع میں ساجدؔ تھے راضی اُن پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور رب

﴿کلام: صاحبزادہ محمد لطیف ساجدؔ چشتی﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ②

(اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ فرما دیجیے اے کافرو! میں پرستش نہیں کیا کرتا (ان بتوں کی) جن کی تم پرستش کرتے ہو،

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ③ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا

اور نہ ہی تم عبادت کرنے والے ہو اُس (خدا) کی جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں۔ اور نہ ہی میں کبھی عبادت

عَبَدْتُّمْ ④ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ⑤

کرنیوالا ہوں جن کی تم پوجا کیا کرتے ہو، اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں کیا کرتا ہوں

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ⑥

تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ② لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) فرما دیجئے: وہ اللہ ایک ہے، اللہ صمد ہے، نہ اُس نے کسی کو جنا اور نہ وہ

يُوْلَدْ ③ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④

جنا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ②

آپ عرض کیجئے: میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی، ہر اُس چیز کے شر سے جس کو اُس نے پیدا کیا

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ③ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اور (خصوصاً) رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ چھا جائے، اور ان کے شر سے جو پھونکیں

فِی الْعُقَدِ ④ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ⑤

مارتی ہیں گرہوں میں، اور میں (پناہ مانگتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① مَلِكِ النَّاسِ ② اِلٰهِ النَّاسِ ③

اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: آپ عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی، سب انسانوں کے بادشاہ کی،

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ④ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ

سب انسانوں کے معبود کی، بار بار وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے جو وسوسہ

صُدُوْرِ النَّاسِ ⑤ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ⑥

ڈالتا رہتا ہے لوگوں کے دِلوں میں، خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ① الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ② مٰلِكِ

سب تعریفیں اللہ کے لیے جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا، بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا

يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا

مالک ہے روزِ جزا کا، تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں، چلا ہم کو سیدھے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬

راستہ پر، راستہ اُن کا جن پر تو نے انعام فرمایا نہ اُن کا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾ ع

جن پر غضب ہوا اور نہ گمراہوں کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۖۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

الف لام میم یہ ذی شان کتاب ذرا شک نہیں اس میں یہ ہدایت ہے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

پرہیزگاروں کے لیے۔ وہ جو ایمان لائے ہیں غیب پر اور صحیح صحیح ادا کرتے ہیں

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ ۙ وَالَّذِيْنَ

نماز اور اس سے جو ہم نے انھیں روزی دی خرچ کرتے ہیں۔ اور جو وہ ایمان

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

لائے ہیں اس پر (اے حبیب ﷺ!) جو اُتارا گیا ہے آپ پر اور جو اتارا گیا ہے آپ سے پہلے

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ

اور آخرت پر بھی وہ ایمان رکھتے ہیں۔ وہی لوگ ہدایت پر ہیں

رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

اپنے رب (کی توفیق) سے اور وہی دونوں جہاں میں کامیاب ہیں۔

وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

اور تمہارا معبود ایک معبود ہے اِس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑا مہربان رحمت والا ہے۔

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیکوں سے قریب ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾

اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہاں وہ اللہ کے رسول

اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾

ہیں اور آخری نبی ہیں، اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓىِٕكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ

بے شک اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اُس غیب بتانے والے (نبی) پر۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

اے ایمان والو اُن پر درود اور خوب سلام بھیجو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ

اے اللہ، ہمارے آقا ومولا ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو سخاوت وکرم

الْجُوْدِ وَالْكَرَامِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ سُبْحٰنَ

کا خزانہ ہیں اُن پر درود بھیج اور اُن کی آل پاک پر اور برکت وسلامتی نازل فرما، پاک ہے

رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى

آپ کا رب، جو عزت کا مالک ہے ان (ناسزا باتوں سے) جو وہ کیا کرتے ہیں۔ اور سلامتی ہو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

سب رسولوں پر۔ اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے

درود تاج شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

اے اللہ! تو درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد ﷺ پر جو

التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَآءِ

تاج و معراج و براق اور جھنڈے والے ہیں بلا، اور

وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ

وبا، قحط، مرض اور دکھ دور کرنے والے ہیں اُن کا نام لکھا ہوا، بلند اور

مَرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَيِّدِ

شفاعت کیا ہوا ہے لوح و قلم میں منقش ہے۔ عرب و عجم

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ

کے سرداران کا جسم پاکیزہ، خوشبو دار مطہر، منور ہے

فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ۝ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ

بیت اللہ میں اور حرم میں اُجالوں کے آفتاب، تاریکیوں کے بدر کامل،

الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ۝

بلندیوں سے بلند تر نور ہدایت مخلوق کی مضبوط جائے پناہ تاریکیوں کے

جَمِیْلِ الشِّیَمِ ط شَفِیْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ

چراغ اوصاف جمیلہ کے حامل تمام امتوں کے شفاعت کرنیوالے صاحب

وَالْکَرَمِ ۝ وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ

جودوکرم اور اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت فرمانے والا اور جبریل امین علیہ السلام ان کے خادم اور براق

مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ ۝ وَفَوْقَ سِدْرَۃِ الْمُنْتَھٰی

ان کی سواری اور معراج ان کا سفر اور سدرۃ المنتہٰی سے بھی آگے

مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ ۝ وَالْمَطْلُوْبُ

ان کی جائے گزر، قاب قوسین ان کا مطلوب، مطلوب اُن کا

مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

مقصود ہے اور مقصود انہیں حاصل ہے رسولوں کے سردار نبیوں

خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ

کے خاتم شفاعت کرنے والے گنہگاروں کی اجنبیوں کو مانوس کرنیوالے

رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ

عالمین کے لیے رحمت عاشقوں کی راحت چاہنے والوں کی مراد

شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ

معرفت والوں کے آفتاب راہ سلوک کے مسافروں کے چراغ

مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ سَيِّدِ

مقربین کے چراغ محتاجوں یتیموں غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے

الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا

جن و انس کے سردار حرمین کے نبی دونوں قبلوں بیت المقدس و کعبہ کے پیشوا اور دنیا و آخرت

فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ

میں ہمارے وسیلہ ہیں جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں مشرقین اور

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

مغربین کے رب کے محبوب سیدنا امام حسن علیہ السلام اور سیدنا حسین علیہ السلام کے نانا جان

مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ

ہمارے آقا و مولا اور جن و انس کے سردار ابو القاسم سیدنا محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ○ يَآ اَيُّهَا

جو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کے نور سے منور ہیں۔ اے

الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ ○ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

مشتاقانِ چہرہ جانفزا اُن پر درود بھیجو اور ان کی آل پاک علیہم السلام

وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

اور ان کے صحابہ رضی اللہ عنہم پر اور خوب سلام بھیجو

قَصِیْدَۃُ غَوْثِیَّۃ سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ

سَقَانِي الْحُبُّ كَاسَاتِ الْوِصَالِ ۝ فَقُلْتُ لِخَمْرَتِيْ نَحْوِيْ تَعَالِيْ

عشق و محبت نے مجھے وصل کے پیالے پلائے، پس میں نے اپنی شراب کو کہا کہ میری طرف لوٹ آ

سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِيْ فِيْ كُئُوْسٍ ۝ فَهِمْتُ بِسُكْرَتِيْ بَيْنَ الْمَوَالِيْ

پیالوں میں (بھری ہوئی) وہ شراب میری طرف دوڑی، پس میں اپنے احباب کے درمیان نشہ شراب سے مست ہو گیا

فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا ۝ بِحَالِيْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِيْ

میں نے تمام اقطاب کو کہا کہ آپ بھی عزم کرو اور، میرے حال میں داخل ہو جاؤ (یعنی میرے رنگ میں رنگے جاؤ) کیونکہ آپ بھی رُفقا ہیں

وَهُمُّوْا وَاشْرَبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِيْ ۝ فَسَاقِي الْقَوْمِ بِالْوَافِيْ مَلَالِيْ

ہمت اور مستحکم ارادہ کرو اور جامِ معرفت پیو کہ تم میرے لشکری ہو، کیونکہ ساقی قوم نے میرے لئے لبالب جام بھر رکھا ہے۔

شَرِبْتُمْ فَضْلَتِيْ مِنْ بَعْدِ سُكْرِيْ ۝ وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّيْ وَاتِّصَالِيْ

میرے مست ہونے کے بعد تم نے میری بچی کھچی شراب پی لی، لیکن میرے بلند مرتبے اور قرب کو نہ پا سکے۔

مَقَامُكُمُ الْعُلٰى جَمْعًا وَّلٰكِنْ ۝ مَقَامِيْ فَوْقَكُمْ مَا زَالَ عَالِيْ

اگرچہ آپ سب کا مقام بلند ہے پھر بھی میرا مقام آپ کے مقام سے بلند تر ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

اَنَا فِيْ حَضْرَةِ التَّقْرِيْبِ وَحْدِيْ ۝ يُصَرِّفُنِيْ وَحَسْبِيْ ذُو الْجَلَالِ

میں بارگاہِ قربِ الٰہی میں یکتا اور یگانہ ہوں، اللہ تعالیٰ مجھے پھیرتا ہے (یعنی ایک درجہ سے دوسرے درجہ پر ترقی دیتا ہے) اور خداوند تعالیٰ میرے لئے کافی ہے

اَنَا الْبَازِيُّ اَشْهَبُ كُلِّ شَيْخٍ ۝ وَمَنْ ذَا فِي الرِّجَالِ اُعْطِيْ مِثَالِيْ

میں بازِ اشہب (سفید پرندوں والے باز) کی طرح میں تمام مشائخ پر غالب ہوں، بتاؤ مردانِ خدا میں سے کون ہے جس کو میرے جیسا مرتبہ عطا کیا گیا ہے

كَسَانِيْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ ۝ وَتَوَّجَنِيْ بِتِيْجَانِ الْكَمَالِ

اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ خلعت پہنایا جس پر عزم (ارادہ مستحکم) کے بیل بوٹے تھے اور تمام کمالات کے تاج میرے سر پر رکھے۔

وَاَطْلَعَنِيْ عَلٰى سِرٍّ قَدِيْمٍ ۝ وَقَلَّدَنِيْ وَاَعْطَانِيْ سُؤَالِيْ

اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے رازِ قدیم پر مطلع کیا، اور مجھے عزت کا ہار پہنایا اور جو کچھ میں نے مانگا مجھے عطا کیا۔

وَوَلَّانِیْ عَلَی الْاَقْطَابِ جَمْعًا ۝ فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالِ

اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام اقطاب پر حاکم بنایا ہے' میرا حکم ہر حالت میں جاری ہے۔

فَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ ۝ لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ

اگر میں اپنا راز یا توجہ دریاؤں پر ڈالوں تو تمام دریاؤں' کا پانی زمین میں جذب ہوکر خشک ہوجائے اور ان کا نام ونشان نہ رہے۔

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ جِبَالٍ ۝ لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ

اگر میں اپنا راز پہاڑوں پر ڈالوں تو وہ ریزہ ریزہ ہوکر ریت میں ایسے مل جائیں کہ ان میں اور ریت میں فرق نہ رہے۔

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ ۝ لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ

اگر میں اپنا راز آگ پر ڈالوں تو وہ میرے راز سے بالکل سرد ہو جائے اور اس کا نام و نشاں باقی نہ رہے۔

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ ۝ لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی

اگر میں اپنے راز کو مُردہ پر ڈالوں' تو وہ فوراً اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اُٹھ کھڑا ہو۔

وَمَا مِنْھَا شُھُوْرٌ اَوْ دُھُوْرٌ ۝ تَمُرُّ وَّتَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ

مہینے اور زمانے جو گذر چکے ہیں یا گذر رہے ہیں'بلاشک وہ میرے پاس حاضر ہوتے ہیں۔

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَیَجْرِیْ ۝ وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ

اور وہ مجھ کو گزرے ہوئے اور آنے والے'واقعات کی خبر اور اطلاع دیتے ہیں۔ (اے مُنکرِ کرامات) جھگڑے سے باز آ۔

مُرِیْدِیْ ھِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ ۝ وَافْعَلْ مَا تَشَآءُ فَالْاِسْمُ عَالِ

اے میرے مرید! سرشار عشق الٰہی ہو اور خوش رہ اور بے باک ہو'اور خوشی کے گیت گا اور جو چاہے کر کیونکہ میرا نام بلند ہے۔

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللہُ رَبِّیْ ۝ عَطَانِیْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالِیْ

میرے مرید کسی سے مت ڈر'اللہ تعالیٰ میرا پروردگار ہے'اُس نے مجھے وہ بلندی عطا فرمائی ہے کہ جس سے میں نے اپنی مطلوبہ آرزوؤں کو پالیا ہے۔

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ ۝ وَشَاءُوْسُ السَّعَادَةِ قَدْ بَدَا لِیْ

میرے نام کے ڈنکے زمین و آسمان میں بجائے جاتے ہیں'اور نیک بختی کے نگہبان ونقیب میرے لئے ظاہر ہو رہے ہیں۔

بِلَادُ اللہِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ ۝ وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَا لِیْ

اللہ تعالیٰ کے تمام شہر میرا ملک ہیں اور ان پر میری حکومت ہے'اور میرا وقت میرے دل کی پیدائش سے پہلے ہی مصفیٰ ومجلی تھا۔

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا ○ کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ

میں نے اللہ تعالیٰ کے تمام شہروں کی طرف دیکھا،تو وہ سب مل کر رائی کے دانہ کے برابر تھے۔

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْبًا ○ وَّنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَّوْلَی الْمَوَالِیْ

میں علم پڑھتے پڑھتے مقام قطبیت پہ فائز ہو گیا،اور میں نے خداوند تعالیٰ کی مدد سے سعادت کو پا لیا۔

رِجَالِیْ فِیْ هَوَاجِرِهِمْ صِیَامٌ ○ وَفِیْ ظُلَمِ اللَّیَالِیْ کَاللَّاٰلِیْ

میرے مُرید موسم گرما میں روزہ رکھتے ہیں،اور راتوں کی تاریکی میں (عبادت کی روشنی میں) موتیوں کی طرح چمکتے ہیں۔

وَکُلُّ وَلِیٍّ لَّهٗ قَدَمٌ وَ اِنِّیْ ○ عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ

ہر ایک ولی کے لئے ایک قدم یعنی مرتبہ ہے،اور میں سرکارِ دوعالم ﷺ کے قدم مبارک پر ہوں جو آسمان کمال کے بدرِ کامل ہیں۔

نَبِیٌّ هَاشِمِیٌّ مَکِّیٌّ حِجَازِیٌّ ○ هُوَ جَدِّیْ بِهٖ نِلْتُ الْمَوَالِیْ

وہ نبی مکرم ہاشمی، مکی اور حجازی ﷺ میرے جد پاک ہیں،انہیں کی وساطت سے میں نے بزرگی کو پایا

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ ○ عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

اے میرے مُرید! تو کسی چغل خور شریر سے نہ ڈر کیونکہ میں لڑائی میں اولوالعزم اور دشمن کو قتل کرنے والا ہوں۔

اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیِ الدِّیْنِ اِسْمِیْ ○ وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ

میں جیلان کا رہنے والا ہوں اور محی الدین میرا نام ہے،اور میرے (فیض وصداقت کے) نشان پہاڑوں کی چوٹیوں پر لہرا رہے ہیں

اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمُخْدَعُ مَقَامِیْ ○ وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالِ

میں سیدنا امام حسن علیہ السلام کی اولاد سے ہوں،اور میرا مرتبہ مخدع (خاص مقام) ہے اور میرے قدم اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہیں

وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْهُوْرُ اِسْمِیْ ○ وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالِ

اور عبدالقادر میرا مشہور و معروف نام ہے،اور میرے نانا پاک یعنی سرکار عالمیاں ﷺ چشمہ کمال کے مالک ہیں

تَقَبَّلْنِیْ وَلَا تَرْدُدْ سُؤَالِیْ ○ اَغِثْنِیْ سَیِّدِیْ اُنْظُرْ بِحَالِیْ

مجھے منظور فرمائیے اور میرا سوال رد نہ کیجئے،میری فریاد رسی کیجئے۔ میرے آقا! میرا حال ملاحظہ فرمائیے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۷۸۶ ۹۲ ۵

۳۱۳ ۱۱ ۴

منظوم شجرہ مبارکہ

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف رحمۃ اللہ علیہ

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو	شیئاً للہ از جمالِ روئے تو
دست بُکشا جانبِ زنبیلِ ما	آفرین بردست وبر بازوئے تو
ہزار بار بشویم دہن ز مُشک و گلاب	ہنوز نامِ تو گفتن کمالِ بے ادبی ست
بخش دے یا رب تجھے اپنی سخا کا واسطہ	رحم فرما شافعِ روز جزا کا واسطہ
صدق دے یا رب، مجھے صدیق اکبر ؓ کے لیے	فقر دے سلمان ؓ محبوبِ پیمبر کے لیے
حضرتِ قاسم ؓ کا صدقہ میری بگڑی کو بنا	حضرتِ جعفر ؓ کا صدقہ دے مرے دل کو ضیاء
رکھ مجھے باعافیت بہرِ جنابِ بایزید ؒ	بوالحسن ؒ کا واسطہ دے مجھ کو نصرت کی نوید
بوعلی ؒ کا واسطہ کر دے مری مشکل کو حل	دے مجھے علمِ طریقت اور توفیقِ عمل
بہر یوسف ؒ قید غم سے دہر میں آزاد کر	عبدخالق ؒ کے لیے عقبیٰ میں مجھ کو شاد کر
حضرت عارف ؒ کے صدقے میں مجھے عرفان دے	حضرتِ محمود ؒ کا صدقہ مجھے ایمان دے
واسطہ خواجہ علی ؒ کا فقر درویشانہ دے	واسطہ بابا سماسی ؒ کا دل دیوانہ دے
اے خدا بہر جناب شیر حق میر کلال ؒ	حرص دنیا کو مرے بت خانۂ دل سے نکال
دے مجھے صبر و رضا صدقہ بہاؤ الدین ؒ کا	کر مجھے صحت عطا صدقہ علاؤ الدین ؒ کا
دے مرے دل کو سکوں یعقوب چرخی ؒ کے طفیل	حضرت احرار ؒ کے صدقے میں دھودے دل کا میل
حضرت زاہد ؒ کے صدقے میں مجھے زاہد بنا	حضرت درویش ؒ کے صدقے میں دے فقر وغنا
خواجہ امکنگی ؒ کا صدقہ داغِ عصیاں کو مٹا	حضرت باقی ؒ کا صدقہ دے بقا بعد الفنا
شیخ احمد ؒ کیلئے غیروں کی منت سے بچا	صرف اپنا ہی مجھے محتاج رکھ اے کبریا
کھول دے دل کی کلی بہر سعید ؒ نامدار	تاکہ میرے گلشن امید میں آئے بہار

حضرت معصوم رحمۃ اللہ علیہ کا صدقہ دکھا کوئے رسول	بس رہی ہے جس میں ابتک بوئے گیسوئے رسول
واسطہ عبدالاحد رحمۃ اللہ علیہ کا مالک ارض و سما	کر مجھے ایمان اور توحید کی دولت عطا
اے خدا بہر جناب خواجہ حنفی پارسا رحمۃ اللہ علیہ	وقت آخر نزع کی تکلیف سے مجھ کو بچا
واسطہ خواجہ ذکی رحمۃ اللہ علیہ کا اپنی الفت کرعطا	بخش دے شیخ محمد رحمۃ اللہ علیہ کیلئے میری خطا
واسطہ خواجہ زماں رحمۃ اللہ علیہ کا دے مجھے ذوق فنا	بہر احمد رحمۃ اللہ علیہ قبر میں ہو نور احمد کی ضیاء
اے خدا بہر جناب خواجہ حاجی شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ	دے مرے بے چین دل کو دین اور دنیا میں چین
حشر میں ہو جب تیرے دربار میں میرا قیام	ہاتھ میں ہو میرے دامانِ نبی بہرِ امام
بہر حضرت میرِ صادق رحمۃ اللہ علیہ صاحب صدق و صفا	سرخرو رکھ دو جہاں میں مجھ کوا اے میرے خدا
واسطہ یارب تجھے خواجہ امیر الدین رحمۃ اللہ علیہ کا	دے مجھے علم و حیا، رزق و شفا صبر و غنا
واسطہ دیتا ہوں یا رب میں تجھے اس نام کا	جو ہمیشہ تیری محبوبی کے گن گاتا رہا
عشق میں جس کے دل حسرت زدہ دیوانہ ہے	شرق پور شریف اب جس کے باعث نور کا کاشانہ ہے
اے خدا کیا نام ہے پیار تیرے محبوب کا	حضرت شیرِ محمد رحمۃ اللہ علیہ صاحبِ جود و سخا
قطب دوراں شیخ عالم، ہادی راہ صفا	نائب شمس الضحیٰ بدرالدجیٰ صدر العلیٰ
اے خدا صدقہ حضور قبلہ میاں صاحب کے نام پاک کا	حشر میں ہم عاصیوں کو ظل رحمت میں چھپا
واسطہ آخر میں یارب ہے تجھے اس نام پاک کا	عاشقِ صادق جو تھا شاہِ خاص و عام کا
مرکزِ مہر و محبت حضرت سید محمد اسماعیل شاہ رحمۃ اللہ علیہ	عالمِ علمِ طریقت، فقر کی جائے پناہ
بہرِ حضرت کرمانوالہ رحمۃ اللہ علیہ کرم کر ربِ جلیل	انت حسبی، انت ربی، انت لی نعم الوکیل
قُطبِ دوراں شیخ کامل چارۂ بے چارگاں	حضرت سید محمد اسماعیل شاہ بخاری غوثُ الوریٰ کے واسطے
وارثِ علم نبی سید محمد شاہ علی رحمۃ اللہ علیہ	ان کے صدقے سے ملے مجھ کو سُکونِ سَرمدی
سید عثمان علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ پیشواء و مقتدا	گوہرِ دریائے عرفان و طریقت باصفا
اور غضنفر شاہ رحمۃ اللہ علیہ ولی ابنِ ولی ابنِ ولی	جن کے فیض عام سے ہر ایک کو راحت ملی
اے خدا صدقے میں ان ناموں کے دل کو شاد کر	کفر کو برباد کر اسلام کو آباد کر

(کلام) علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

شہسوار کربلا علیہ السلام کی شہسواری کو سلام	نیزے پہ قرآن پڑھنے والے قاری کو سلام
کانپ اٹھا عرش کا دل آسماں تھرّا گیا	اکبر علیہ السلام معصوم تیری بے قراری کو سلام
دل کے ٹکڑے کر کے رخصت آپ خیمے میں رہیں	حضرت زینب علیہا السلام تمہاری پردہ داری کو سلام
رات دن بچھڑے ہوؤں کی راہ میں رہنا کھڑے	اے حزیں صغری علیہا السلام مہاری انتظاری کوسلام
مسکرا کر پیش تیغوں پہ کیا رنگیں شباب	اکبر علیہ السلام و قاسم علیہ السلام تمہاری جانثاری کو سلام
پی کے صائم جھومتا تھا جس کو کربل کا شہید	بادۂ عشقِ نبی علیہ السلام تیری خُماری کو سلام

دعا بارگاہِ رب العزت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

پروردگارِ عالم تیرے کرم، تیری توفیق، تیرے فضل سے تیری بارگاہِ اقدس میں ہم حاضر ہیں جو کچھ بھی قرآن پاک کی آیات' درودِ پاک' قصیدہ بُردہ شریف' نعت پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ' مناقبِ اہل بیت، صحابہ کرام' اولیاء کرام اور جو کچھ بھی پیش کیا گیا۔ اس کو اپنی بارگاہِ اقدس میں قبول و منظور فرما۔ اگر دورانِ تلاوت کوئی غلطی' ریا کاری ہوئی ہو تو اسے معاف فرما اور اپنی شان کے لائق اسے اپنی بارگاہِ اقدس میں قبول و منظور فرما اور اس نذرانہ عقیدت کو آقائے نامدار' مدینے کے تاج دار' دو عالم کے مختار' ہماری آنکھوں کے تارے حضور پُرنور شافعِ یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کریمین آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہزادے، شہزادیاں، اہل بیت اطہار' صحابہ کرام، صحابیات خصوصاً سیدنا ابوبکر صدیق، سیدنا عمر فاروق، سیدنا عثمان غنی ذوالنورین، سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا مشکل کُشا رضی اللہ عنہم خصوصاً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ گورنرِ کائنات سید الشہدا امیر طیبہ سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ شہدائے بدر، شہدائے احد، شہدائے خندق، شہدائے حنین، شہدائے کربلا شہدائے اسلام، و شہدائے پاکستان کو پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ اے رب کائنات نذرانہ عقیدت کو مولائے کائنات سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے والدین، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام ازواجِ مطہرات خصوصاً سیدہ خدیجۃ

الکبریٰ رضی اللہ عنہا، سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔

اے رب کریم اس نذرانۂ عقیدت کو سیدنا امام حسن علیہ السلام، سیدنا امام حسین علیہ السلام، سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام، سیدنا امام باقر علیہ السلام، سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام، سیدنا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام، سیدنا امام علی رضا علیہ السلام، امام محمد تقی علیہ السلام، امام علی نقی علیہ السلام، امام حسن عسکری علیہ السلام

جنت البقیع اور جنت المعلیٰ اور بغداد شریف کی تمام آرام گاہوں میں آرام فرمانے والے باب صغیر (شام) میں آرام فرمانے والے تمام نفوسِ قدسیہ کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرتے ہیں قبول ومنظور فرما خصوصاً سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ، سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ، سیدنا امام اویس قرنی رضی اللہ عنہ، سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، سیدنا انس رضی اللہ عنہ، سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ، سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ، سیدنا امام شافعی رضی اللہ عنہ، سیدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ، سیدنا معروف کرخی رضی اللہ عنہ، سیدنا جنید بغدادی رضی اللہ عنہ، سیدنا سری سقطی رضی اللہ عنہ، حضور سیدنا شہنشاہِ بغداد شیخ عبدالقادر گیلانی رضی اللہ عنہ آپ کے والدین کریمین، پیر ومرشد، آپ کی اولاد پاک کلر کہار شریف اور اساتذہ کرام کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔

اے رب کریم! اس نذرانۂ عقیدت کو سیدنا داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ، معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا علاؤالدین علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ کلیر شریف، سیدنا شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا بہاؤالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا امام بری سرکار رحمۃ اللہ علیہ، مہار شریف، تونسہ شریف، سیال شریف گولڑہ شریف جلال پور شریف، جچہ عباسیاں شریف، گھنگ شریف اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا حسن رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ، محدث اعظم علامہ محمد سردار احمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کے والدین کریمین، اساتذہ خلفاء خصوصاً مولانا محمد عبدالقادر شہید رحمۃ اللہ علیہ، مولانا محمد معین الدین رحمۃ اللہ علیہ، مولانا مفتی نواب دین رحمۃ اللہ علیہ، مولانا حافظ منظور احمد رحمۃ اللہ علیہ، حافظ مختار رحمۃ اللہ علیہ، حافظ دین محمد رحمۃ اللہ علیہ، صوفی برکت علی رحمۃ اللہ علیہ، اور تمام خلفاء سلسلہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، اویسیہ، شاذلیہ کے تمام مشائخ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرتے ہیں قبول ومنظور فرما۔

خصوصاً بالخصوص سیدنا شیر ربانی میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ ،حضرت میاں غلام اللہ ثانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت میاں غلام احمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کے بہت ہی پیارے خلیفہ حضرت بابا جی محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ، بابا جی محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ، بابا جی عثمان علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ پیر جی غضنفر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، آپ کے خاندان کے تمام افراد کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ان سب بزرگانِ دین کے طفیل میں حاجی محمد امین رحمۃ اللہ علیہ، حاجی محمد رفیق رحمۃ اللہ علیہ، حاجی محمد سلیم رحمۃ اللہ علیہ، مدفونین (جنت البقیع شریف) ان کے والدین کریمین اور اس خاندان کے تمام افراد اور ادارہ کے متعلقین بابا محمد اشرف، محمد صادق، حافظ مختار صاحب اور صاحبزادہ عطاء المصطفیٰ نوری رحمۃ اللہ علیہ اور اب جن کے لئے کوئی دعا مانگنے والا باقی نہیں ان کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول ومنظور فرما۔آمین

اے اللہ! ہم سب کی حاضری کو قبول ومنظور فرما' بیماروں کو شفائے کاملہ، بے اولادوں کو اولادِ نرینہ، اولاد والوں کی اولاد کو نیک اور صالح بنا اور قرض داروں کو قرضوں سے خلاصی، بے گناہ قیدیوں کی رہائی، گناہ گار قیدیوں کو معافی عطا فرما، گم شدہ بچے مل جائیں، مسافروں کو بحفاظت منزل مقصود، جن بچیوں کی شادیاں نہیں ہوئیں ان کے اسباب عطا فرما جن کی شادیاں ہوگئیں ان کے گھروں کو آباد کردے۔ اور دنیا وآخرت کے سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی عطا فرما۔قبر کی اندھیری سے شیطان کے شر سے، حاسدین کے حسد سے، نظر بد سے محفوظ فرما۔

اے اللہ! کسی دنیا والے کا محتاج نہ کرنا، اپنا اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محتاج رکھنا، اپنی جناب سے حلال وسیع رزق نصیب فرمانا، ایسا رزق جو تیری راہ میں خرچ ہو ایسی صحت جو تیرے سجدے کی طرف لے جائے اور ایسا ادب جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ہو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں موت نصیب فرما، خاتمہ بالخیر اور جنت البقیع نصیب فرما۔ پاکستان کو ہمیشہ شاد اور آباد فرما۔

صَلَّی اللہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا
نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل وہی آخر
وہی قرآں ، وہی فرقاں ، وہی یٰسین، وہی طٰہٰ

(حضرت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

شاہ است حسین علیہ السلام، پادشاہ است حسین علیہ السلام
دیں است حسین علیہ السلام ، دیں پناہ است حسین علیہ السلام
سر داد نہ داد دست در دست یزید
حقّا کہ بنائے لا الٰہ است حسین علیہ السلام

(حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ)

خدایا بحق بنی فاطمہ علیہا السلام
کہ بر قول ایماں کنی خاتمہ
گر دعوتم رد کنی ور قبول
من و دست و دامان آل رسول علیہم السلام

(حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ)